نامعلوم امور کے حیرت انگیز راز اور مفید قیمتی معلومات

ماہ نومبر ۲۰۱۸ء

قیمت:- /۶۵ روپے

روحانی دنیا

قل ھواللہ

دفع سحر

قران عطارد و مشتری

اثر پذیری

برنی
روزانہ کواکبی گائیڈ
2019
ہر روز کے نظرات معہ ان کے اثرات، مدت اثرات کواکب
ہر سعد و نحس نظر کا دورانیہ، کاروبار، فنانس، قانونی نکات، قمری دنوں کی مخصوص
سرگرمیاں، قمری عدم الحساب، ہر روز اپنے پروگرام ترتیب دیں
اس تقویمی گائیڈ کی انفرادی خصوصیت یہ ہے کہ ڈائری کی طرح ہر صفحہ پر ۵ دن دیئے گئے ہیں تا کہ اس میں ہر خاص و عام بات لکھی جا سکے، پہلے سے اپنے پروگرام ترتیب دیں، کس دن کون سی خریداری کرنی ہو، شادی کب کریں، ملازمت کی درخواست کس دن یا نظر میں دینی ہے۔ پراپرٹی یا مکان کب خریدا یا بیچا جائے۔ لین دین، گفت و شنید، تحریری کام، پیشہ وارانہ کاروبار اور دیگر معاملات کب طے کئے جانے چاہئے، سفر کا دن کون سا بہتر ہے۔ ہر تاریخ میں اس دن کے نظرات، قمری دور، برج میں قمر کا داخلہ معہ وقت، برج میں کواکب کا داخلہ معہ وقت، ہجری و عیسوی تاریخیں، رجعت و استقامت، قمری خلل السیار شامل ہیں۔
۳۶۵ دنوں کے
ہر دن کے اثرات،
عملیات کے اہم
مواقعوں سے
فائدہ اٹھائیں
قیمت کتاب:- /۲۰۰+ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=- /۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com
Phone: 021-34949944
اوراق پبلشرز پی آئی بی کالونی کراچی نمبر ۷۴۸۰۰
اپنے قریبی بک اسٹور سے حاصل کریں
آپنا آڈر آج ھی ارسال کریں

شمارہ ھذا کے جملہ مضامین کے حقوق اشاعت محفوظ ہیں

علوم روحانی دینی دنیوی اور کائناتی معلومات کا خزانہ

جاری شدہ ۱۹۳۲ء
بیادگار حضرت کاش البرنیؒ

ماہنامہ روحانی دنیا

منیجنگ ایڈیٹر: حارث عثمانی البرنی

نائب مدیرہ: شازلی سعید مغل

بدل اشتراک

فی پرچہ:-/ ۶۵ روپے سالانہ چندہ:-/ ۸۰۰ بذریعہ رجسٹری:-/ ۹۵۰ روپے
میل بذریعہ PDF سالانہ چندہ:-/ ۴۰۰ روپے
غیر ممالک ایئر میل: ابوظہبی، دوبئی، بحرین، مسقط، ایران، کویت:-/ ۳۲۰۰ روپے
افریقہ، برطانیہ، نیویارک (امریکہ) :-/ ۴۲۰۰ روپے

جلد نمبر ۸۶
شمارہ نمبر ۷
ماہ ماہ نومبر ۲۰۱۸ء

فون پر رابطہ کریں صبح ۱۱ بجے سے شام ۳ بجے تک

رابطہ دفتر
فون نمبر: 021-34949944
0333-7202964

ای میل: ruhanidunya@hotmail.com
ruhanidunya@yahoo.com
Web site: www.ruhanidunya.com

- منیجر سرکولیشن سہیل احمد
- کمپوزنگ اصغر نظامی

اس شمارے میں

۱	اسرار الٰہی	۳
۲	جنات کی حرکات	۵
۳	قران عطارد و مشتری	۸
۴	معرفت	۱۰
۵	قل ھواللہ	۱۱
۶	دفع سحر	۱۲
۷	اثر پذیری	۱۳
۸	شرطان کی فریب کاریاں	۱۵
۹	اھل تصوف	۱۷
۱۰	کلینڈر ماہ نومبر	۱۹
۱۱	کیا آپ کا برج عقرب ہے؟	۲۰
۱۲	لیموں	۲۲
۱۳	ماہ نومبر کیسا گذرے گا؟	۲۳
۱۴	ماہ نومبر کے ستارے	۳۴
۱۵	نظرات کواکب بمعہ عملی ہدایات	۳۵
۱۶	فالنامہ	۳۹

خط و کتابت و ترسیل زر کا پتہ: منیجر رسالہ روحانی دنیا ابراہیم مارکیٹ پیر الٰہی بخش کالونی کراچی ۷۴۸۰۰

RUHANI DUNYA ESSENTIAL OIL

نام اردو	English	ML	RATE
کالی تلسی	BASIL OIL	30	650.00
ترنج	BERGAMOT OIL	30	600.00
لوبان	BENZION OIL	30	800.00
سیاہ زیرہ	CARAWAY OIL	30	550.00
الائچی	CARDOMOM OIL	30	600.00
دیار دیودار	CEDARWOOD OIL	30	500.00
کافور	CHAMPHOR OIL	30	650.00
ساج	CLARY SAGE OIL	30	1600.00
دارچینی	CINNAMON OIL	30	700.00
لونگ	CLOVE OIL	30	400.00
یوکلپٹس	EUCALYPTUS OIL	30	400.00
بارزد بریجا	GALBANUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM (Natural) (T/L)	30	3000.00
لیونڈر	LAVENDER OIL	30	450.00
لیمون	LEMON OIL	30	450.00
اذخر	LEMON GRASS OIL	30	400.00
عرق لیموں	LIME OIL	30	460.00
مشک	MUSK OIL	30	800.00
نارنگی شریں	ORANGE SWEET OIL	30	350.00
ارنڈی کی قسم	PALMA ROSA OIL	30	800.00
نعناع ہندی	PATCHOULY OIL	30	980.00
نعناع ہندی قدرتی	PATCHOULY OIL(Natural)	30	1880.00
نارنگی تلخ	PETIT GRAIN OIL	30	850.00
فل فل پودینا	PEPPERMINT MenthalOIL	30	450.00
فل فل پودینا سادہ	PEPPERMINT OIL	30	350.00
صنوبر	PINE OIL	30	400.00
روز میری	ROSEMARY OIL	30	580.00
چوب صندل	SANDAL WOOD OIL	30	12500.00
ساسافارس	SASA FARAS OIL	30	960.00
خس خس	VETIVERT OIL	30	1800.00
یلینگ یلینگ	YLANG YLANG	30	2280.00
گٹھیا اور جوڑوں کے درد کے لئے	**Arthritis & Joints Pain Oil**	125	600.00
اعضاء اور نسوں کے کھچاؤ کے لئے	**Muscular Pain Relief Oil**	125	800.00

روحانی دنیا
ماہ نومبر ۲۰۱۸ء

اسرار الٰہی

اے بزرگو! اپنے تمام ظاہری و باطنی آداب میں شریعت کی پابندی کرو۔ ہر وہ شخص جس کا ظاہر و باطن شریعت کے مطابق ہوگا اللہ تعالیٰ اس کا خط و نصیب ہے، جس شخص کے نصیب و قسمت میں اللہ تعالیٰ ہوگا وہ بزرگ ذات مقام صدق والوں میں اور بڑی قدرت والے بادشاہ یعنی اللہ کے نزدیک ہوگا۔

اے بزرگ لوگو! تم میں فقہا اور عالم بھی ہیں اور تم مجلس وعظ کو قائم کرتے ہو اور درس دیتے ہو۔ اور ذکر و احکام شریعت لوگوں کو تعلیم کرتے ہو۔ تم بے وقوف کی مانند نہ ہو جاؤ، جو نرم و اچھے آٹے کو باہر نکال دیتے ہو اور اپنے نفس کے لئے سخت چیز کو چھوڑ دیتے ہو، اس طرح وطریقہ پڑھو کہ حکومت و دانائی کو اپنے منہ سے باہر کر دیتے ہو اور کینہ و عیب کو اپنے دلوں میں چھوڑ دیتے ہو، اللہ تعالیٰ جس کسی کو دوست رکھتا ہے اسے اپنے نفس کے عیب سے خبردار کر دیتا ہے۔ اللہ اگر بندہ کا دوست ہو جائے تو اسکے دل میں رحمت و شفقت ڈال دیتا ہے۔ اور سخاوت کو اس کے ہاتھ کی عادت بنا دیتا ہے۔ اس کے دل کو نرمی و محبت اور اس کے نفس کو فرمانبرداری عطا کرتا ہے۔ وہ اپنے نفس کے عیب کو دیکھتا ہے، اللہ اس کے نفس کو اس قدر چھوٹا دکھاتا ہے کہ اس کو کسی شمار میں نہیں لاتا۔ عارف وہ ہے کہ جس وقت کے لوگ خوش ہوتے ہیں اس کی امید مخزن و متروک ہو جاتی ہیں اور اس کی خوشی کم اور رونا زیادہ ہو جاتا ہے۔ اور اس کا مطلب اس کا محبوب ہو جاتا ہے اور اس کا رنج و غم کرتا ہے۔ اس لئے گناہ اور عیب ہو جاتا ہے۔

اے میرے بھائی! جس وقت تو منقطع یعنی بے تعلق ہو جائے اور اس حالت میں وصل (تعلق باللہ) کا گمان کرے۔ پس ایسی حالت میں مجھ سے کسی چیز کی خواہش نہ کر، جبکہ تم نے اپنے کو عالم شمار کیا۔ باوجود کہ تم میں بہت جہالت ہے تو حقیقت میں تم سے سب خوبیاں جاتی رہیں گی۔ اور صوفیہ تم سے سبقت لے جائیں گے۔ اس کی علامت تمہارے (حال میں) شامل ہو جائے گی۔ میں نہیں کہتا کہ اسباب (سامان زندگی۔ کوشش) سے قطع تعلق ہو جاؤ اور تجارت و صنعت سے دور رہو، لیکن میں کہتا ہوں کہ غفلت و لاپرواہی سے حرام ممنوع، ناپسندیدہ چیزوں سے علیحدہ ہونا چاہئے۔ میں تم سے نہیں کہتا ہوں کہ اہل و عیال کو ترک کر دو ان کو لباس نہ پہناؤ۔ لیکن میں تم سے کہتا ہوں کہ اہل و عیال کے سبب سے اللہ سے غافل نہ ہو اور لباس کے سبب سے فقرا پر تکبر و غرور نہ کرو۔ میں کہتا ہوں کہ اس آرائش و زیست کو جو ضروری نہیں ہے، اس آرائش کا اظہار مت کرو۔ اس لئے کہ فقرا کا دل اس سے غمگین ہوگا۔ تمہارے غرور و غفلت سے میں ڈرتا ہوں۔ میں کہتا ہوں کہ اپنے لباس کو پاک رکھو۔

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللّٰهِ الَّتِيْ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبَاتِ مِنَ الرِّزْقِ

(کہہ دو اللہ کی زینت کو کس نے حرام کیا ہے جو اس سے اپنے بندوں کے واسطے پیدا کی ہے اور کس نے کہا کہ ستھری چیزیں حرام کیں۔ (الاعراف ۳۶)

لـــوح زحـــل

استحکام و جمعیت کی روحانیت

تسخیر سلطنت وفتوحات، ناموری، حکمت اور قیام واستحکام مرتبہ کے لئے مؤثر وقت

ستارہ زحل کو ترفع اور تنزل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے نحس ہونے کی صورت میں مصائب و آلام خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھیئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ اُس کے مرتبے کو استحکام دے اور عظمت حاصل ہو۔ دنیوی مقام کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں ایک اور سبب کو اختیار کرنا ہے وہ سبب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہے جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح میں سے ایک لوح زحل کی بھی ہے۔ جس کے خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔

۲۔ نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہوگی۔

۳۔ تسلط برخلق اور استحکام کے لئے کہ تنزلی نہ ہو۔

۴۔ حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام دیتا ہے۔

۵۔ تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مضرات سے محفوظ اور مکینوں کے لئے خوشحالی رہے۔

۶۔ خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی، الیکشن میں کامیابی کے لئے۔

۷۔ وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں یا جن کے ماتحت بہت ملازمین کام کرتے ہوں۔ چاہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ برمخلوق رہے۔ یہ لوح مؤثر ہے۔

خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں انسان کے ساتھ ہیں۔ خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جاسکتا ہے اور بدقسمتی کو سبب سے دور کیا جاسکتا ہے۔ حقیقتاً یہ رعایت خدا نے انسان کو دی ہے اس سے فائدہ اٹھانا یا نہ اُٹھانا انسان کا ذاتی کام ہے۔ کیونکہ اُس نے اسباب کے طریقے بھی سکھائے اور علم بھی دیا۔

زحل سے متعلق اسباب کو اختیار کرنے کے لئے چاندی کی لوح اور خاص اوقات میں اس لوح کے نقوش اس پر اُتارنے ہوں گے پھر اگر اس لوح کو پاس رکھا جائے تو ایک مخفی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدل دے گی۔ جلد یا بدیر اُس کے اثرات خود دیکھیں گے۔ لازماً دوسروں سے آپ اپنے آپ کو مختلف قوت اور خوشی کا مالک پائیں گے۔

جو لوگ دفتر سے لینا چاہیں تو لوح کا ہدیہ علاوہ محصول ڈاک کے ارسال کردیں۔ ہدیہ نام مع والدہ لکھیں۔

اب سختی کا وقت خصوصاً جوزا، سرطان، قوس، جدی کے لئے ہے اُن کو ضرور بنوانا چاہئے۔ باقی لوگوں کو آئندہ کے تحفظ کے لئے ضرور تیار کروانا چاہئے۔

اپنا نام معہ والدہ کا نام 0333-7202964 پر میسج کریں۔ اور رقم منی آڈر حارث عثمانی البرنی کے نام کا ارسال کریں

جنات کی حرکات

روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ پرانے زمانے میں بت پرستی کے رواج پانے کی اعلیٰ وجہ جن شیاطین اور ارواح خبیثہ کی پُرفریب کارستانیاں اور بتوں کے اندر سے ان کی مشرکانہ دروغ بیانیاں تھیں۔ ورنہ اشرف المخلوقات، ذی شعور اور صاحب عقل انسان ہزارہا سال کیونکر بے وجہ اپنے پتھر اور دھات کے بنائے ہوئے بتوں اور مورتیوں کی پوجا اور پرستش پر قائم چلے آتے رہے ہیں۔ نیز مذکورہ بالا روایات سے ایک نئی بات یہ بھی ثابت ہوگئی ہے کہ ابتداء سے مسلمان جنات بھی مسلمان انسانوں کے دوش بدوش مذہب اسلام اور توحید کی تبلیغ، دعوت اور جہاد میں شریک رہے ہیں اور انہوں نے بھی اس دینی خدمت میں بڑا حصہ ڈالا ہے۔

سائنٹیفک تاویلیں

بعض مغرب زدہ کور چشم لوگ ان غیبی لطیف مخلوق جنات کے وجود کے قائل نہیں اور قرآن اور احادیث میں جنات کا جو صحیح ذکر آتا ہے اس میں بہت زیادہ تاویلیں کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس سے مراد جنگلی اور وحشی لوگ ہیں۔ کیونکہ ان دل کے اندھوں نے تمام عمر اس قسم کی کوئی غیبی مخلوق نہیں دیکھی۔ لہٰذا کہتے ہیں کہ جو چیز ہمیں معلوم اور محسوس نہیں اس کے وجود کو ہم کیونکر مانیں اور کوئی شخص جنات کے متعلق اپنا کوئی واقعہ یا مشاہدہ بیان کرے تو اُسے کئی حیلوں، بہانوں اور حجتوں سے جھٹلانے کی کوشش کرتے ہیں۔ مثلاً یہ لوگ کہتے ہیں کہ مرگھٹوں اور گورستانوں کے اندر اکثر ہڈیاں ہوتی ہیں اور ہڈیوں میں چونکہ فاسفورس ہوتی ہے جو رات کو کبھی کبھی ہوا کے جھونکوں سے جل اٹھتی ہے اور ہوا میں اڑتی ہوئی نظر آتی ہے۔ جاہل توہم پرست عوام جنگل میں اس قسم کی اُڑتی ہوئی آگ کو جب دیکھتے ہیں تو اُسے جن و پری اور دیو کے مظاہرے اور کارنامے شمار کرتے ہیں۔ کبھی کہتے ہیں کہ رات کو جب کوئی شخص اکیلا جنگل میں جارہا ہوتا ہے تو ایسے وقت میں اسی آدمی کے دل میں خواہ مخواہ جن پری وغیرہ کا خیال آتا ہے تو اُس وقت اُس کی قوت متخیلہ خود بخود ایسی موہوم شکل سامنے لے آتی ہے۔ اور ان کے آئینہ خیال میں ایسی موہوم صورت فوراً نمودار ہو کر متشکل ہو جاتی ہے۔ سو وہمی آدمی انہیں جن پری اور دیو خیال کرنے لگ جاتے ہیں۔ غرض مذکورہ بالا اور اس قسم کی دوسری جھوٹی حجتیں اور دلیلیں قرآنی حقائق کو جھٹلانے کے لئے کس قدر لغو، بے ہودہ اور بودی تاویلیں ہیں۔ بھلا جن لوگوں نے ان غیبی لطیف مخلوق کو بے شمار مرتبہ اپنی آنکھوں سے دیکھا بھالا ہو۔ انہیں بیداری اور ہوش و حواس کی حالت میں محسوس اور معلوم کیا ہو اور ان سے معاملات اور کاروبار میں بارہا امداد لی ہو۔ وہ ان بے ہودہ حجتوں کو گوزخر سے زیادہ وقعت نہیں دے سکتے۔ یہ لوگ اگر کسی جن کے آسیب زدہ مریض کو دیکھتے ہیں تو پہلے اُسے کسی عصبی یا دماغی امراض سے منسوب کرتے ہیں اور اگر کسی عورت کو اس قسم کے آسیب میں مبتلا پاتے ہیں تو اُسے اُس عورت کا مکر یا اسے ہسٹریا وغیرہ خیال کرتے ہیں۔ جن لوگوں کو ان غیبی موذیوں سے واسطہ پڑ جاتا ہے یا جو ان غیر مرئی بلاؤں اور آفتوں کے آسیب اور آزار میں مبتلا ہو جاتے ہیں وہ کبھی انکار نہیں کرتے۔ لیکن پھر بھی دنیا میں دل کے اندھوں اور مادی گدھوں کی کمی نہیں ہے جو سرے سے تمام عالم غیب، جن، ملائکہ، ارواح، یوم آخرت، دوزخ، جنت وغیرہ حتیٰ کہ خود اللہ تعالیٰ کے وجود کا بھی انکار کرتے ہیں۔ ایسے کور چشم شقی القلب مادرزاد اندھوں کا کوئی علاج نہیں ہے۔ ایسے لوگوں کو اس قسم کی نصیحت کرنا بے سود ہے۔ یہ لوگ اگر اسی طرح بے خبری اور غفلت میں مرجائیں تو بہتر ہے

قرآن کے بیانات

خلق الانسان من صلصال کا الفخار و خلق الجان من مارج من نار ۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو بجنے والی مٹی سے ٹھیکری کی طرح بنایا ہے اور جن کو شعلہ مارنے والی آگ سے پیدا کیا ہے۔ غرض جو لوگ قرآن کو مانتے ہیں وہ کبھی نہیں کہہ سکتے کہ جنات سے مراد جنگلی لوگ ہیں۔ بلکہ ان کا یقین ہے کہ جن انسانوں کی طرح مکلّف مخلوق ہے اور ہمارے قریب اُسی زمین میں رہتی سہتی ہے اور ان میں بعض انسانوں کی طرح کافر، مشرک اور فاسق فاجر ہوتے ہیں۔ اور بعض مومن، مسلمان، دیندار نیک متقی اور صالح ہوتے ہیں اور ان کی الگ الگ قومیں اور نسلیں ہیں اور ان کی مختلف شکلیں، صورتیں اور رنگ وروپ ہیں۔

جن کے معنی

عربی زبان میں لفظ جن چھپے اور پوشیدہ ہونے کو کہتے ہیں جیسا کہ ابراہیم علیہ السلام کے حق میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فلما جن علیه اللیل یعنی جب اُس پر رات کی تاریکی چھا گئی تو اُس نے ستارے کو دیکھا۔ کیونکہ یہ ایک پوشیدہ غیبی لطیف مخلوق ہے۔ اس واسطے اُسے جن کے لفظ سے تعبیر کیا گیا۔ اور شیطان ابلیس بھی جن کی قسم سے تھا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ کان من الجن ففسق عن امر ربه ۔ ''یعنی شیطان بھی فرقہ جن میں سے تھا وہ اللہ تعالیٰ کے امر سے پھر گیا تھا''۔ اور چونکہ بعض جن بوڑھے ہو جاتے ہیں تو وہ سانپ کی صورت اختیار کر لیتے ہیں۔ اس واسطے قرآن کریم میں سانپ کے لئے جان کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ قولہ تعالیٰ۔ والق عصاك فلما را ها تهن كانها جان ۔ ترجمہ۔ اور ہم نے موسیٰ سے کہا کہ اپنا عصا کو زمین پر ڈال دے۔ پس جب اُس نے اپنے عصا کو دیکھا کہ وہ ہلتا جلتا ہے گویا وہ ایک بڑا سانپ ہے۔''

گھروں میں رہائش

واضح ہو کہ ان جن شیاطین اور ارواح خبیثہ کی بہت سے اقسام ہیں اور ان کے علیحدہ اوصاف اور الگ الگ کام ہیں۔ چنانچہ ان کی ایک قسم وہ ہے جو کسی گھر یا مکان کے اندر سکونت اختیار کر لیتی ہے اور اس گھر کے رہنے والوں کو خواب اور بیداری میں ڈراتی اور دکھ اور آزار پہنچاتی ہے۔ دنیا کے ہر شہر میں کوئی نہ کوئی ایسا گھر اور مکان ضرور ہوتا ہے جن میں یہ عامر جن رہائش رکھتے ہیں۔ ایسے مکان اور گھر کو عرف عام میں بھارا اور آسیب زدہ کہتے ہیں۔ یورپ میں ایسے مکانوں کو ہانٹیڈ ہاؤسز کہتے ہیں۔ ایسے مکانوں میں جن مختلف حرکتیں کرتے ہیں بعض اوقات گھر کے رہنے والوں پر اینٹیں اور پتھر برساتے ہیں۔ بعض جگہ پاخانہ اور گندگی گراتے ہیں۔ کئی گھروں کے دریچوں اور الماریوں سے چیزیں نیچے گراتے اور توڑتے پھوڑتے ہیں۔ بعض گھروں میں کپڑوں اور سامان کو آگ لگاتے ہیں۔ غرض طرح طرح کی حرکتیں روز روشن میں لوگوں کی نظروں کے سامنے کرتے ہیں۔ یورپ کے ''سپر چوئس'' نے ایسے مکانوں کی ریسرچ کے لئے اس علم کے چند ماہرین کی ایک کمیٹی مقرر کی ہے۔ جو اس قسم کے ہانٹیڈ ہاؤسز کا پتہ لگا کر ان کی تحقیقات کرتی ہے۔ اور ان کے حالات قلمبند کر کے اپنی سوسائٹی کو بھیجتی ہے اور وہ حالات اخباروں میں شائع ہوتے ہیں۔

مسلمان جن اگر کسی مسلمان آدمی کے مکان میں رہائش اختیار کر لیں تو گھر والوں کو دکھ اور آزار نہیں پہنچاتے، بلکہ وہ ان گھر والوں کی دوسرے کافر جنات سے حفاظت کرتے ہیں۔ ایسے جن ہمارے گھروں میں پالتو جانوروں، بلیوں اور کتوں کی طرح رہائش کرتے ہیں۔ لیکن کافر جن اگر کسی مسلمان کے گھر میں سکونت اختیار کر لے تو اس گھر والوں کو ضرور ستاتا ہے۔ ایسے آسیب زدہ گھر میں پائے جاتے ہیں۔ اکثر غیر آباد اور تاریک مکانوں میں جن بسیرا کیا کرتے ہیں۔ حدیث میں آیا ہے کہ شام کے بعد اپنے مکانوں کے دروازوں کو کھلا نہیں چھوڑنا چاہئے کیونکہ ایسے وقت میں بعض مسافر جن آ کر ان میں سکونت اختیار کر لیتے ہیں۔ جن گھروں میں قرآن کی تلاوت کی جائے یا نماز اور ذکر الٰہی کا شغل جاری رہے وہاں جن شیاطین اور ارواح خبیثہ کا بہت کم دخل ہوتا ہے۔

جنات کا تکلیف دینا

جن بعض اوقات غیر وزن شدہ مادہ جنس اور غیر شمار شدہ نقدی میں سے چوری کر کے اٹھا لیتے ہیں بعض گھروں اور دکانوں کی مالی برکت سلب کر لیتے ہیں۔ گھروں میں فساد اور جھگڑے کا موجب بنتے ہیں۔ دلوں میں حسد، کینہ، بغض اور عداوت کی آگ بھڑکاتے ہیں۔ خاوند بیوی اور دوستوں کے درمیان تفرقہ اور عداوت پیدا کرتے ہیں۔ جیسا کہ یوسف علیہ السلام کے حق میں ان کے بھائیوں کے دلوں میں عداوت کی آگ بھڑکائی۔ قول تعالیٰ ''قال یا نبی لاتقصص رویاك علیٰ اخوتك فیکیدون الشیطان للانسان عدومبین۔'' ترجمہ: ''یعقوب علیہ السلام نے کہا اے بیٹے یوسف اس خواب کا حال اپنے بھائیوں سے نہ کہنا ورنہ وہ تمہارے برخلاف سازش کریں گے شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔ قولہ تعالیٰ من بعد ان نزع الشیطان بینی ومین اخوتی۔ ترجمہ ''یوسفؑ نے کہا کہ بعد اس کے کہ شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان فساد ڈال دیا۔

جن شیاطین اور ارواح خبیثہ کی دوسری قسم وہ ہے جو انسانوں پر مسلط ہو جایا کرتی ہے جس سے اُن کی صحت خراب ہو جاتی ہے اور سخت لاعلاج امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں جو ظاہر حکیموں اور ڈاکٹروں کی دوائیوں سے ہرگز علاج پذیر نہیں ہوتے۔ بعض دفعہ یہ جسم کے کسی خاص عضو کو آسیب زدہ کر دیتے ہیں۔ چنانچہ جسم کے اس خاص حصے اور عضو کو آزار پہنچ جاتا ہے اور وہ عضو شل، مفلوج اور بیکار ہو جاتا ہے۔ یا اُس پر کوئی زخم نمودار ہو جاتا ہے جو لوگ اس قسم کے شیطانی اور جنونی آسیب کا انکار کرتے ہیں وہ لوگ قرآنی حقائق کا انکار کرتے ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں ایوب علیہ السلام کی زبانی فرماتے ہیں ''انی مسنی الشیطان بنصب وعذاب'' یعنی شیطان نے مجھے چھو کر اپنے آسیب سے دکھ اور عذاب میں مبتلا کر دیا ہے۔ بعض دفعہ وہ آسیب زدہ عضو سخت درد میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ بعض انسان کے دل اور دماغ پر جب جن شیطان مسلط ہو جاتا ہے تو وہ یا تو مجنون اور دیوانہ ہو جاتا ہے یا اُسے بعض وقت اس آسیب کا دورہ ہوتا رہتا ہے ان کے آزار پہنچانے کے بہت طریقے ہیں۔ بعض عضو سے حرارت عزیزی اور نور حیات سلب اور خارج کر لیتے ہیں۔ چنانچہ وہ عضو کا خون فاسد ہو جاتا ہے۔ اور وہاں دانہ دنبل یا کوئی لاعلاج پھوڑا نکل آتا ہے ان امراض کے اسباب اور علل کی طبی تشریح اور توجیہہ چاہے کچھ بھی ہو لیکن مذکورہ بالا حقائق اپنی جگہ مسلم ہیں۔

جنون کا انسان پر تسلط

بعض انسانوں پر جن شیاطین جب مسلط ہو جاتے ہیں تو ان کے دورے کے وقت وہ سر ہلاتے ہیں اور کھیلتے ہیں۔ خصوصاً جبکہ اُن کے سامنے گانا بجانا، سرور اور راگ وغیرہ کا شغل کیا جائے۔ یورپ میں اس قسم کے آسیب زدہ مرد عورت کو میڈیم (وسیط) کہتے ہیں۔ اُس کے اردگرد حلقہ باندھ کر بیٹھتے ہیں اور اُس کے سامنے گاتے ہیں۔ جن شیطان جب آسیب زدہ پر مسلط ہو جاتا ہے تو وہ اُس کی زبانی بولتا ہے۔ یورپ کے سپر چولسٹس نے اسی چیز کو ترقی دی ہے اور گاہے میڈیم سے علیحدہ اُس مکان میں آ کر مختلف زبانوں میں باتیں کرتا ہے چونکہ وہاں گھر گھر اس قسم کے حلقے کئے جاتے ہیں۔ اس لئے وہاں جن، بھوت بہت کثرت سے لوگوں پر مسلط ہونے لگ گئے ہیں۔ اور اس قسم کا جنوبی آسیب اور آزار وہاں بہت عام ہو گیا ہے۔ اس قسم کے آسیبی آزار اور جنونی دکھ اور امراض کا علاج بھی جن شیطان کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ یعنی بعض اشخاص پر معالج قسم کے قوی اور طاقتور جن بھوت مسلط ہو جاتے ہیں۔ ایسے جن شیطان اپنے میڈیم سے کہتے ہیں کہ تم روحانی علاج کا شغل اختیار کرو۔ چنانچہ ایسے میڈیم ''ہیلنگ چرچز'' کھول لیتے ہیں اور روحانی علاج میں مشہور ہو

جاتے ہیں۔ ان کے وہاں گھر گھر روحانی حلقوں کے سبب وہاں اس قسم کے آسیب زدہ جنونی مریض بھی بکثرت ہو گئے ہیں۔ لہٰذا ان ہیلنگ چرچز یعنی روحانی علاج گھروں پر مریضوں کا بڑا ہجوم رہتا ہے۔ ایک مخصوص وقت میں جبکہ ہیلر میڈیم یعنی روحانی معالج پر جن بھوت مسلط ہوتا ہے وہ مریضوں کو چھو کر اچھا کرنے اور سلب امراض کے لئے اپنے مکان سے نکلتا ہے۔ قسم قسم کے مریضوں پر ہاتھ پھیرتا جاتا ہے۔ اور طرح طرح کے پاسز کرتا ہے جس سے بعض مریض تو فوراً اچھے ہو جاتے ہیں۔ اس وقت حاضرین اور تماشائیوں سے تعریف و تحسین کا بڑا شور و غل اٹھتا ہے۔ اور لوگوں کے دلوں میں اس کے روحانی علاج کا خوب سکہ بیٹھ جاتا ہے۔ بعض مریضوں کو کچھ افاقہ ہو جاتا ہے جو مزید روحانی علاج کے لے اس روحانی اسپتال میں داخل ہو جاتے ہیں۔ ان اسپتالوں میں روحانی علاج کا کافی اسٹاف اور اچھا خاصا محکمہ رہتا ہے جو دن رات اس قسم کے علاج معالجوں میں مشغول رہتے ہیں۔ یہ لوگ ان مرضوں سے کافی اجرت اور بڑی بڑی رقمیں بطور فیس وصول کرتے ہیں۔

جن آسیب وسایہ کا علاج کرتے ہیں

غرض ان جنونی اور شیطانی مریضوں کا علاج بھی غالب قوی اور جن شیاطین کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ جس آسیب زدہ عضو پر میڈیم ہاتھ پھیرتا ہے۔ اور غصو کو پہلے کسی جن بھوت نے اپنے مس سے ٹھنڈا بے حس اور مفلوج کیا ہوا ہوتا ہے تو وہ معالج جن بھوت کے دوبارہ چھونے سے گرم ہو کر تندرست ہو جاتا ہے۔ یا اگر گرم ہوتا ہے تو ٹھنڈک پہنچانے سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اس روحانی علاج کا آجکل یورپ میں بڑا چرچا ہے۔ اسی ہیلنگ پاور اور جنونی طاقت پر وہ لوگ بڑا فخر کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ اگلے پیغمبر مثلاً عیسیٰ علیہ السلام جو کوڑھی اور جذامی مریضوں کو ہاتھ سے چھو کر اچھا اور تندرست کر دیا کرتے تھے ان کے پاس بھی یہی روحانی طاقت تھی۔ حالانکہ اسلامی نقطہ نگاہ میں اور صوفیاء اور فقراء کے نزدیک اس قسم کے جنونی اور سفلی شعبدوں کو نہایت حقارت اور عیب کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ افریقہ اور امریکہ کے قدیم باشندوں اور ہندوستان، چین اور تبت کے لوگوں میں اس قسم کے سفلی عاملین بکثرت پائے جاتے ہیں جو محض چھونے اور ہاتھ لگانے سے آسیبی مریضوں کو اچھا کر دیتے ہیں۔ ہمارے ملک میں بھی اس قسم کی سفلی دکانیں موجود ہیں جو اس قسم کے علاج جوتے کی نوک سے کرتے ہیں۔ چنانچہ ڈیڑھ اسماعیل خان میں شیخ یوسف صاحب جنات کے بڑے عامل گزرے ہیں۔ ان کے مکان پر جب اس قسم کے مریض پکڑے ہوئے آتے ہیں تو وہ ان جن بھوتوں کی جوتیوں سے مرمت کرتے ہیں۔ جس وقت یہ لوگ جنوں کو جوتا سنگھاتے ہیں تو جن فوراً بھاگ جاتا ہے۔ چنانچہ دور دور سے جوڑوں کے درد اور ریحی دردوں کے مریض لائے جاتے ہیں ان میں سے بعض ایسے بھی ہوتے ہیں جو چلنے پھرنے سے معذور ہوتے ہیں۔ لیکن وہ فوراً ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ انبیاء علیہم السلام کا تو اس قسم کی باتوں میں ذکر کرنا ہی سوء ادب اور گستاخی ہے۔ اولیاء کرام کے نزدیک بھی اس قسم کے سفلی عمل کو پرکاہ کے برابر بھی نہیں سمجھا جاتا۔

راولپنڈی میں

رسالہ کتب اور برنی تقویم حاصل کرنے کے پتے

اشرف بک ایجنسی کمیٹی چوک

اسلام آباد میں

Mr. Books Pvt Ltd,

Super Market

رسالہ روحانی دنیا ۱۰ تاریخ تک نہ ملے کو اطلاع کریں یا ایس ایم ایس کریں

اعداد کی حیرت انگیز مخفی قوتوں کا انکشاف

علاؤں کی حکومت

حصہ اول

اس کتاب میں اعداد کی سائنس کے حیرت انگیز نتائج بیان کئے گئے ہیں۔ ہر شخص اپنی تاریخ پیدائش کے عدد، نام کے عدد اور دیگر مختلف اعداد کے ماتحت کام کرتا رہتا ہے۔ یہ نمبر اس کی قسمت، قوت عمل، کام، کاروبار اور تمام دنیاوی کاموں میں کیسے دخل انداز ہوتے ہیں؟ کیسے مدد کرتے ہیں؟ ان کو مفصل طریقے سے بیان کیا گیا ہے۔ استخراج آسان ہیں۔ حکم لگانا آسان ہے اور تجربہ کرنا آسان ہے۔ اس میں سات باب ہیں۔

پہلا باب	اعداد اور کواکب
دوسرا باب	عدد ذات
تیسرا باب	اعداد کے تعلقات
چوتھا باب	آپ کی زندگی کے مخصوص نمبر
پانچواں باب	اعداد سے جواب برآمد کرنا
چھٹا باب	مستقبل کے حالات معلوم کرنا
ساتواں باب	اعداد کے اسرار

موافق رنگ، موافق ادویات، موافق جگہ، موافق نمبر، موافق لوگ معلوم کرنا، ملکی نتائج، مقاموں کے نتائج، مقابلہ کے نتائج، قیمتوں کے نتائج، شیئرز کے نتائج، ریس کے نتائج وغیرہ معلوم کرنا۔

ستر عنوانات میں ایسی کارآمد معلومات دی گئی ہیں۔ جو زندگی کے ہر شعبہ میں رہنمائی کرتی ہیں۔ کم تعلیم یافتہ آدمی بھی پورا فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

قیمت =/۴۵۰ روپے

علاوہ محصولڈاک =/۶۵ روپے علاوہ

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

قران

عطارد و مشتری

یہ قران ۲۱ دسمبر کی رات ۱۰ بجکر ۳۶ منٹ پر ہوگا- مشتری کوکب مال ہے- اس کے ساتھ عطارد ہے جو تین قوتوں کا مالک ہے- ایک تحریرات' پبلشنگ اور پرنٹنگ سے متعلقہ لوگ دوسرا ٹرانسپورٹ اور کمیونی کیشن کے محکموں سے متعلقہ لوگ- تیسرا اعزاء- لہذا ان تینوں مقاصد کے لئے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے- ان کاموں کی ترقی یا ان محکموں کے متعلقہ لوگوں کی ترقی اور ان محکموں میں حصول ملازمت کے خواہش مند عملیات تیار کر سکتے ہیں-

صورت اول میں تحریری کاموں سے وابستہ لوگ یعنی کلرک وغیرہ اور پرنٹنگ پبلشنگ سے متعلقہ لوگ حصول آمدن کے لئے عمل تیار کر سکتے ہیں- صورت دوم میں ٹرانسپورٹ اور کمیونی کیشن کے کاروبار میں ترقی یا ان کے ملازمین کی ترقی کا عمل تیار ہوسکتا ہے- یا کاروبار میں نقصان ہو رہا ہو تو فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے- صورت سوم میں بہن بھائیوں یا نزدیکی اعزاء میں محبت و تسخیر کے لئے یا کسی عزیز سے نالی مفاد حاصل کرنے کے لئے عمل کیا جاسکتا ہے-

صورت اول

ملازمت یا ترقی کیلئے

اس امر کے لئے ہم جس آیت کی روحانیت سے مدد لیں گے- اس میں اللہ کا ایک اسم اور ایک قوت بھی ہے- آیت ہے- اِنَّ اللّٰہَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُوالْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ اس کے عدد ۲۲۴۱ ہیں- موکل اس کا رغفائیل ہے- اب ایک مربع نقش تیار کریں جس کے اوپر کے خانوں میں نام' مقصد اور آیت آجائے- سطریں لکھیں- مثلاً طالب کا نام احمد بن زینب ہے- اب اگر مقصد ترقی ہے تو آگے ترقی لکھیں اگر ملازمت ہے تو ملازمت لکھیں- اگر حصول مال کی ضرورت ہے تو اس کا ذکر کریں کسی خاص ملازمت یا خاص جگہ ملازمت درکار ہے تو لفظ ملازمت کے ساتھ مختصراً ذکر کریں یعنی ملازمت کی تخصیص بھی کی جاسکتی ہے- لہذا سطریں ہوئی-

احمد زینب - ملازمت - ان اللہ ھوالرزق - ذوالقوالمتین

۱۲۲ ۵۱۸ ۴۶۷ ۱۷۷۴

اب اس کو نقش مربع میں سفید کاغذ پر زعفران سے وقت مقررہ پر لکھیں- بالکل اسی طریقے سے جیسا کہ میں بیان کرتا ہوں- ایک نقش رفتار کا ہے- ایک اصل ہے-

اصل نقش

۷۸۶

احمد زینب	ملازمت	ان اللہ ھو الرزاق	ذوالقوۃ المتین
۴۶۸	۱۷۷۳	۱۲۳	۵۱۷
۱۷۷۲	۴۶۵	۵۲۰	۱۲۴
۵۱۹	۱۲۵	۱۷۷۱	۴۶۶

رفتار نقش

۱۶	۱۱	۶	۱
۵	۲	۱۵	۲
۳	۸	۹	۱۴
۱۰	۱۳	۴	۷

اصل نقش کو دیکھیں خانہ نمبر ۱ میں طالب کا نام ہے- اس لئے اس میں عدد ۱۲۲ نہ لکھیں- خانہ ۲ میں ۱۲۳- خانہ ۳ میں ۱۲۴- خانہ ۴ میں ۱۲۵ لکھیں- اب ۵-۶-۷-۸ خانہ کو پر کرنا ہے تو اس میں ملازمت کے عدد سے ایک کم کر کے ۵۱۷ کو خانہ ۵ میں لکھیں- خانہ ۶ میں لفظ ملازمت- خانہ ۷ میں ۵۱۹- خانہ ۸ میں ۵۲۰-

باقی آٹھ خانے بالکل اسی طرح پر کریں جس طرح میں نے لکھے ہیں- کیونکہ باقی خانوں میں آیت دو حصوں میں درج کی ہے- یہ آیت چونکہ نقوش میں قائم رہے گی- اس لئے ان آٹھ خانوں کو ترتیب وار ۹ سے ۱۶ خانوں کو لکھیں- جن خانوں میں عدد آئے عدد لکھیں- جن میں آیت آئے آیت لکھیں-

مندرجہ بالا نقش کی کل میزان ۱۲۲+۵۱۸+۴۶۷+۱۷۷۴=۲۸۸۱ ہے- لہذا نقش پر کر کے چاروں طرف سے میزان کر کے دیکھ لیں کہ ہر طرف سے جمع ۲۸۸۱ ہوتی ہے یا نہیں- اگر تعداد کسی طرف سے درست نہ ہو تو سمجھ لیں- نقش غلط ہوگیا- نقش لکھنے سے قبل اوپر ۷۸۶ لکھیں اور اطراف قولہ الحق ولہ الملک سے بنائیں اور نقش پر کرنے کے بعد اوپر موکل کا نام لکھیں- یہ طریقہ تمام نقوش میں چلے گا-

صورت دوئم

کمیونی کیشن کیلئے

طریقہ مندرجہ بالا وہی ہوگا- نام مطلب یعنی ملازمت یا ترقی- آیت دو خانوں میں- لیکن اس میں آیت تبدیل ہو جائے گی جو یہ ہے- ولقد مکنکم فی الارض وجعلنا لکم فیھا معایش (سورہ الاعراف آیت ۱۰) اس آیت کے عدد ۲۱۹۹ ہیں- موکل

حنقغفائیل ہے-نقش اس کا یہ ہے- یہ ترقی کے لئے بنایا گیا ہے-اس میں نام اور مطلب کے خانے تبدیل ہوں گے- آیت کے آخری ۸ خانے اسی طرح قائم رہیں گے-نقش کی رفتار وہی ہے جو صورت اول کے ساتھ دی گئی ہے-

احمد زینب	ترقی	ولقد مکنکم فی الارض	وجعلنا لکم فیھا معایش
۱۴۳۳	۷۶۶	۱۲۳	۷۰۹
۷۶۵	۱۴۳۰	۷۱۲	۱۲۴
۷۱۱	۱۲۵	۷۶۴	۱۴۳۱

ترقی کے اعداد ۷۱۰ ہیں-نصف آیت اول کے ۱۴۳۲ اور دوسرے حصے کے ۷۶۷ ہیں-یعنی آیت کے ۹ خانوں کے لئے یوں سمجھیں کہ:

خانہ ۹ میں ۱۴۳۰
خانہ ۱۰ میں ۱۴۳۱
خانہ ۱۱ میں ولقد مکنکم فی الارض
خانہ ۱۲ میں ۱۴۳۳
خانہ ۱۳ میں ۷۶۴
خانہ ۱۴ میں ۷۶۵
خانہ ۱۵ میں ۷۶۶
خانہ ۱۶ میں وجعلنا لکم فیھا معایش

صورت سوم

تسخیر و موافقت اعزاء

نام طالب معہ والدہ- جلب قلب - نام مطلوب معہ والدہ آیت تَوْ شَغَفَهَا حُبًّا

آیت کے اعداد ۱۲۳۱ ہیں-صقغائیل موکل ہے- نام طالب احمد بن زینب - عدد = ۱۲۲-نقش کا خانہ ۱-۲-۳-۴-

مطلب - جلب قلب - عدد ۱۶۷-نقش کا خانہ ۵-۶-۷-۸ مطلوب اکرم بن فاطمہ - عدد = ۳۹۶ نقش کا خانہ ۹-۱۰-۱۱-۱۲

آیت کے عدد = ۱۲۳۱-نقش کا خانہ ۱۳-۱۴-۱۵-۱۶ تمام نقوش میں رفتار وہی رہے گی جو شروع میں دی گئی ہے-نقش یہ بنا-

احمد زینب	جلب قلب	اکرم فاطمہ	قدشغفھا حبا
۳۹۷	۱۲۳۰	۱۲۳	۱۶۶
۱۲۲۹	۳۹۴	۱۶۹	۱۲۴
۱۲۸	۱۲۵۰	۱۲۲۸	۳۹۵

وقت مقررہ سے قبل نقش تیار کر کے پڑتال کر کے خاکہ تیار رکھیں اور وقت پر تیار کر لیں-کام کرتے وقت بخور لوبان کا کریں- تنہا جگہ نقش لکھیں-نقش تیار کر کے تعویذ بنائیں اور گلے میں ڈالیں یا بازوئے راست پر باندھیں- انشاء اللہ جس مقصد کے لئے آیات الٰہی سے مدد لیں گے وہ پورا ہوگا-

جن احباب نے عامل کامل دوئم کا مطالعہ کیا ہے ان کے لئے ان نقوش کی تیاری آسان ہوگی- اسی کے قواعد کے مطابق عمل دیئے گئے ہیں اور اب تو اکثر اتنے قابل ہو گئے ہیں کہ جہاں بھی میں غلطی کروں تو وہ اسے درست کر لیتے ہیں- تاہم نئے پڑھنے والوں کو اگر کہیں کوئی بات سمجھ نہ آئے تو خط لکھ کر دریافت کر لیں-

اگر کوئی صاحب خود تیار نہ کر سکیں اور دفتر سے مدد لینا چاہیں تو پندرہ دن پیشتر اطلاع دیں- آرڈر پہنچ جاتا ہے جس پر کچھ تحریر نہیں ہوتا-اور خط وقت نکل جانے کے بعد ملتا ہے-لہذا بہتر ہے کہ منی آرڈر پر بھی تفصیل درج کر دی جائے- ان نقوش میں سے جو بھی تیار کروانا چاہیں- کاغذ پر نقش کا ہدیہ =/۹۷۰۱ روپے ہو گا- محصولڈاک =/۶۵۱ ارسال کریں-

تعلقات

اس میں دلائل و حب و بغض دئے گئے ہیں کہ کن کن افراد کے درمیان بلحاظ ستارہ، بلحاظ طالع دوستی یا دشمنی ہوتی ہے-اس کے ساتھ دو افراد میں جب شادی کا مسئلہ طے کرنا ہو تو یہ کتاب فیصلہ دے گی کہ فلاں فلاں کے درمیان ازدواجی سلسلہ کامیاب ہوگا یا ناکام، طلاق ہوگی یا لڑتے جھگڑتے زندگی بسر ہوگی- بچوں کی زندگی کا فیصلہ کرتے وقت اس کتاب سے مشورہ کریں ہر گھر میں اس کا ہونا ضروری ہے-

(قیمت =/۲۰۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

دیپالپور میں

رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کے لئے

طاہر بک اسٹال نیوز پیپر ایجنٹ ہے-

تحفظ جان

جس شخص کے پاس یہ تعویذ ہوگا- وہ جادو، نظر بد، جنات، بھوت، پری، سوتے میں ڈر، وسواس شیطانی، دہشت اور حادثات سے محفوظ رہے گا- گھر کی نااتفاقیاں، جو بداثرات کی وجہ سے ہونگی- وہ بھی ختم ہو جائیں گی-

ہدیہ نقش =/۲۵۷۱ روپے- محصولڈاک =/۵۰ روپے علاوہ

مینجر روحانی دنیا کراچی

معرفت

جہان قادر مطلق اس عالم فانی کو عدم سے وجود میں لایا۔ وہاں اس نے ایک ایسا قانون محکم تمام کائنات پر مسلط کر دیا کہ نظام عالم میں ایک ذرہ بھر فرق نہ آوے اور تمام تخلیق شدہ چیزوں میں سے ہر ایک کو ایسی خاص خاص صفتوں سے مختص کیا کہ جو ان کے وجود سے نہ تو علیحدہ ہو سکتی ہیں اور نہ ان کا وجود جن کے نام سے وہ موسوم ہیں سمجھ میں آ سکتا ہے یا قائم رہ سکتا ہے اور ان خصوصیات کی بنا پر ہر ایک میں فرق ہوتا ہے۔ اسی طرح جب انسان کو پیدا کیا گیا تو اس میں اپنی مخلوق سے علیحدہ ایسی خصوصیات رکھیں کہ وہ تمام مخلوقات عالم سے ان خصوصیات سے مختص ہونے کی وجہ سے امتیاز کیا جا سکے۔ ملائکہ کو جو آدم کو سجدہ کرنے کا حکم ہوا تھا اور جس کے انکار کرنے پر معلم الملکوت پر عتاب خداوندی نازل ہوا تھا۔ وہ انہی خصوصیات کی وجہ سے ہوا تھا جو اس نے آدم میں اپنی تمام منصبات کا بوجھ اپنی گردن پر اٹھا لیا جس کے اٹھانے سے ملائیکہ بھی عاجز تھے۔ اور اسی طرح اشرف المخلوقات کہلانے کا مستحق ہوا۔ اب سوال یہ ہے کہ وہ مابہ الامتیاز خصوصیات کہ جن کی وجہ سے وہ بلند پایہ پر پہنچا؟ عقل و نطق؟ جب آدم کو اس پہلی خطا کے جرم میں بہشت سے خداوند تعالیٰ نے اپنی اطاعت کا وعدہ لے کر نکالا۔ اور اس قید خانہ پُر از آفات و مشکلات میں بطور سزا کے بھیجا۔

لہٰذا اس قادر مطلق نے دو طرح کے قانون ان صفات کے کام میں لانے کے لئے بنی نوع انسان پر مسلط کئے ایک تو ان میں قانون دینوی ہے کہ جس پر نظام عالم چلتا ہے۔ اور دوسرا روحانی کہ جو ہماری روح کی اصلاح کے لئے بنایا گیا ہے تا کہ ہم اس پر عمل کرنے سے مرنے کے بعد پھر اس دنیا کی سیر اپنے اپنے درجہ کے مطابق کر سکیں اور پھر اس قادر مطلق کے جلوۂ نور سے اپنے دلوں کو روشن کر سکیں۔ جس سے ہم محروم کر دیئے گئے ہیں۔ اس قانون روحانی کے دو حصے ہیں۔ قانون ظاہری۔ قانون باطنی۔

قانون ظاہری وہ حصہ ہے کہ جو بذریعہ الہام ایک نبی کی معرفت اپنے بندوں کے لئے بھیجتا ہے جو ہمارے مذہبی اور دینوی فرائض ادا کرنے کے متعلق ہے جس میں ان کو ان فرائض کے جو اس پر اس کے خالق کے ہیں۔ ادا کرنے کی تلقین کی جاتی ہے۔ جس میں دینوی مکروہات سے بچنے۔ اعلیٰ زندگی بسر کرنے اور راہ راست پر چلنے کی تعلیم ہوتی ہے اور اسے قانون شرع کہتے ہیں۔ لہٰذا خدا اور بندے کے درمیان جو قانون قائم ہے اس کا نام شرع ہے جو بندہ شرع پر نہیں چلتا۔ وہ خدا کے قوانین سے انحراف کرتا ہے۔ یہ انحراف ہی شیطان کی صفت میں لے جاتا ہے۔ شرع پر عمل کرنے سے خدا کا بندہ بنتا ہے اور شرع کے خلاف چلنے سے شیطان کا بندہ بن جاتا ہے۔ اس دنیا میں دو ہی راستے ہیں۔ جن کو پیدائش آدم کے وقت واضح کر دیا تھا۔ ان دونوں راستوں میں سے کونسے راستے کو آپ نے اختیار کر رکھا ہے۔ اپنے دل سے خود ہی فیصلہ کر لیں۔

علم النقوش پر جامع اور مستند کتاب

عامل کامل

(حصہ دوم)

علم الواح ☆ علم تکسیر اعداد ☆ وفق اعداد ☆ علم النقوش مع خواص ☆ وضع اور قواعد معہ امثال

اب تک علمی طور پر اس موضوع پر ایسی جامع کتاب شائع نہیں کی گئی۔ جس سے یہ معلوم ہو کہ یہ علم کیسے کام کرتا ہے۔ عمل کیسے وضع کیا جاتا ہے اور کیسے مختلف مقاصد کا مخصوص نقش بنتا ہے۔

- مثلث کہاں کام کرتی ہے۔ مربع کہاں' مخمس کہاں' غرضیکہ ہر نقش کے متعلق یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مقصد کے موافق چال کونسی ہے اور نقش کونسا ہے۔
- ہر قسم کے نقش پر کرنے کے طریقے' مخصوص دور اور مخصوص مقاصد کے لئے وضعی اعداد یہ تمام طریقے کسی اور کتاب میں نہ مل سکیں گے۔ یہی نقوش کے راز ہیں۔
- وہ راز جس سے نقش کے اندر اسم' آیت' مقصد اور نام طالب و مطلوب قائم ہو جائیں۔
- نقوش کے موکلات' اسمائے الٰہی' اعوان اور عزیمت بنانے کے قواعد۔
- طریقہ زکات و اصلاح عددین۔
- مثلث' لوح سلیمانی' مثلث ہندی' مثلث دو پایہ' مربع' مخمس' مسدس' مربع' عشر' اثنا عشر' صدور صد نقوش' ان کی چالیں' خواص اور عملیات۔
- اعمال وحب و بغض' حاضری مطلوب' ترقی' سربلندی' حصول رزق' امراض وغیرہ کی الواح تیار کرنے کے طریقے' اسمائے الٰہی کی الواح اور ان کے فوائد۔
- مخصوص اوقات کے مخصوص اور سریع التاثیر درجات۔

صفحات ۲۴۰ * ابواب ۱۸ * عملیات و قواعد ۵۲۰

ہدیہ =/۴۲۵ روپے محصول ڈاک =/۸۰ روپے

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

قل ھواللہ

اس سورۃ کی فضیلت میں چالیس حدیث صحیح مروی ہیں منجملہ ان کے یہ ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قل ھواللہ احد برابر ثلث قرات کے ہے۔ آپ ﷺ نے ایک صحابی کو پڑھتے ہوئے سنا تو فرمایا اس کے لئے جنت واجب ہوگئی۔ ایک صحابی قل ھواللہ احد کو ہر صورت میں پڑھا کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے پوچھا تو کہا کہ مجھے یہ سورت بہت پسند ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اس کی محبت میں مجھے جنت میں جگہ دی گئی (بخاری) ایک روایت میں ہے کہ جو اس کو دس بار پڑھے۔ اس کے لئے ایک قصر جنت میں تیار ہوتا ہے اور چوبیس بار پڑھے اس کے لئے دو اور اسی طرح زیادہ ہوتے جاتے ہیں اس کے الفاظ کو آپ نے اسم اعظم فرمایا ہے۔

قرطبی نے کتاب التذکرہ میں لکھا ہے کہ جو کوئی مرض الموت میں پڑھے گا وہ فتنہ قبر سے محفوظ رہے گا اگر گھر میں جاتے وقت قل ھواللہ احد اور ورد کی پابندی کی جائے تو رفع فقر اور حصول ترقی اور رزق کا اچھا ذریعہ ہے۔

رسول اللہ ﷺ جب سوتے وقت بستر پر تشریف لے جاتے تو قل ھواللہ اور معوذتین تین بار پڑھ کر ہاتھوں پر پھونکتے اور ہاتھ بدن پر پھیرتے یہ وہ سورت ہے کہ بھوکا پڑھے تو شکم سیر ہوجائے اور مفلس پڑھے تو غنی ہوجائے۔ اسم صمد میں لائق ارباب ریاضات ہے۔ بعض کا تجربہ ہے کہ یا صمد کو ۱۳۴ بار پڑھنا تعب گرسنگی و تشنگی کے لئے مفید و مجرب ہے۔

اگر انسان کسی کام میں پریشان ہوجائے اور چاہے کہ منجانب اللہ ایسی صورت معلوم ہوجائے کہ اس کو ہر حیثیت سے کامیابی ہو تو یہ طریقہ بے حد مجرب ہے جمعہ کی شب کو بعد عشاء قل ھواللہ ۶۶ بار پڑھے اور پھر یا اللہ ۵۶۳ مرتبہ پڑھے۔ پھر ماشاء اللہ ایک ہزار بار پڑھے اور درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور سو رہے انشاء اللہ تعالیٰ کوئی فرشتہ ایسی سہل الوصول الصورت تعلیم کرے گا جس سے وہ کام ایک ہفتہ میں حسب دلخواہ ہوجائے گا۔

قضائے حاجات کے لئے اس کا یہ عمل بھی مجربات سے ہے کہ درمیان مغرب و عشاء کو ایک ہزار ایک مرتبہ ۱۱ دن تک پڑھے اور درود شریف اول آخر ۱۱ بار پڑھے اور پھر سات مرتبہ یہ کہے۔

یا مَنْ لا یخفیٰ عَلیکَ حالی اقضِ حاجتی

تسخیر خلائق کے لئے اس کو چالیس دن تک ۳۱۳ بار پڑھنا مفید ہے۔

علم نجوم کے مبتدیوں کیلئے
آسان ابتدائی کتاب

اسباق النجوم

اس وقت جس قدر کتب نجوم آپ کو ملیں گی۔ ان میں ابتدائی قواعد اس صورت میں مجموعی طور پر نہیں ملتے کہ کوئی شخص اس سے سیکھ سکے۔ پرانے اور فرسودہ طریقہ پر ہندوانہ اصطلاحوں سے بھرپور کتابیں ملیں گی۔ اس اہم کمی کو مدنظر رکھ کر ''اسباق النجوم'' کو مرتب کیا گیا ہے۔ یہ مبتدیوں کے لئے بہترین کتاب ہے۔ اس کائناتی سائنس کی تعلیم کے لئے میں نے مشرق و مغرب کے قدیم و جدید طریقوں سے کام لے کر ان اسباق کو ترتیب دیا ہے۔ ہمارے ملک میں ایک عرصہ سے ایسی کتاب کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی جو علم نجوم کے ابتدائی اصول و قوائد جاننے میں مدد دے۔ نہایت غور و خوض سے آسان طریقہ اختیار کیا گیا ہے واقفان نجوم کو بھی اس سے اہم اور جدید معلومات ملیں گی۔ اس میں ۲۳ مندرجہ ذیل اسباق ہیں۔

(۱) کواکب (۲) بروج (۳) دائرۃ البروج (۴) بارہ گھروں کی تفصیل (۵) تشریحات بروج (۶) بروج کے منسوبات (۷) تقسیم کواکب کا نظریہ (۸) کواکب کی خاصیتیں (۹) شمسی طالع پڑھنا (۱۰) تقویم سے کام لینا (۱۱) ارضی وقت کیا ہے (۱۲) کواکبی وقت کیا ہے (۱۳) تسویۃ البیوت (۱۴) زائچہ کا پڑھنا (۱۵) کواکب کے درجات معلوم کرنا (۱۶) جدول یومیہ اعداد متناسب (۱۷) زائچہ میں کواکب کو پر کرنا (۱۸) نظرات (۱۹) کواکب زائچہ کے گھروں میں (۲۰) احکام لگانے کا طریقہ (۲۱) پیشینگوئیاں کرنا (۲۲) آثار البیوت (۲۳) بارہ بروج کی فلاسفی اور ان کے معانی۔

قیمت =\۴۸۰ روپے* محصول ڈاک

طالع وقت کے جدید نقشے۔ جدید منسوبات اگر اس کتاب پر حاوی ہوگئے تو آثار النجوم کے حصص کو آسان سے سمجھ سکیں گے۔

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

دفع سحر

سحر کی علامت یہ ہوتی ہیں کہ مریض دن بدن لاغر و بیقرار ہوتا جائے گا- زن و فرزند' گھر والوں اور کھانے پینے اور بولنے سے نفرت کرے گا- ہڈیوں میں درد ہوگا اور ڈرتا رہے گا- بعض لوگوں کو دردسر اور اسہال لگ جاتے ہیں اور مسحور جس پر سحر کیا گیا ہو تو ایک نظر دیکھنے سے معلوم ہوگا یہ ہوش وحواس میں نہیں ہے-

(۱) جس شخص پر سحر کا شبہ ہو اس آیت کریمہ کو خون ہدہد یا مرغی سیاہ کے خون میں مشک و زعفران اور گلاب ملا کر لکھے اور سات کاغذوں پر معہ بسم اللہ لکھ کر سات دن تک پلائے سحر دور ہوگا-

سیصلہ ان اللّٰہ لا یصلح عمل المفسدین انما صنعواکید ساحرولا یفلع الساحر حیث الیٰ بحق اھیاً اشراھیاً

(۲) دفع سحر کے لئے سورۃ معوذتین کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ہر روز پڑھا کرے یا چینی کی رکابی پر لکھے اور دھو کر پلائے تو سحر کا اثر نہ ہوگا-

(۳) جو شخص سورۃ معوذتین کو سوتے وقت پڑھے گا ہرگز اس پر سحر اثر نہ کرے گا-

(۴) جو شخص مقطعات قرآن کو کاغذ پر لکھ کر پہنے وہ سحر اور نظر بد سے بچا رہے گا- حروف مقطعات وہ ہیں جو قرآن کی بعض سورتوں کے شروع میں ہیں یہ ۲۸ ہیں-

(۵) ہرن کی کھال پر لکھے اور دفع سحر کے لئے گلے میں ڈالے- بسم اللّٰہ وبا اللّٰہ ماشاء اللّٰہ وبسم اللّٰہ ولاحول ولاقوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم قال موسیٰ ماجئتم بہ السحرانّ اللّٰہ سیبطلہ ان اللّٰہ لہ یصلح عمل المفسدین وبحق اللّٰہ الحق بکلماتہٖ ولوکرہ المجرمون فوق الحق وبطل مَا کانوایعلمون فغلبواھنالک وانقلبوا ماعزین

(۶) خزینۃ الاسرار میں لکھا ہے کہ آیت واتبعوامانتلو الشیاطین سے لوکا نویعلمون تک سورۃ بقرہ میں دیکھ کر کسی پلیٹ پر لکھے اور پانی سے دھو کر مسحور کو پلائے تو سحر دور ہو-

(۷) اگر آیت کریمہ وما محمد الارسول قد خلت سے لیکر وسنجری الشاکرین تک (آل عمران) سے دیکھ کر عورت کے دامن پر لکھے تو اس کا سحر باطل ہو-

(۸) دو اسم الٰہی قائم' واحد کو مسحور کی ہتھیلی پر لکھے تو سحر باطل ہو- لکھے ق وا ای ح م و اگر ان حروف کو لکھ کر اور دھو کر اس شخص کو پلائے جس کو بچھو نے کاٹا ہو تو اسے فوراً راحت ملے-

(۹) دونوں ہاتھ بلند کر کے سورۃ حمٰ' سورۃ قل اور معوذتین پڑھے اور مسحور کی پیشانی پر دم کرے تو سحر دور ہو- چند دن کرنے سے اس کے بدن کی حالت درست ہونے لگے گی-

(۱۰) ان آیات کو پانی پر دم کر کے مسحور کو پلائے تو سحر باطل ہو- فَاُلْقِیَ السَّحَرَۃُ سُجَّدًا قَالُوْ اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعَالَمِیْنَ رَبِّ مُوسیٰ وَھَارُوْن اَعُوذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہ وَّکِبْرِیَائِہٖ وَمِنْ شَرِّالسِّحْرِ وَمِنْ شَرِّاَشَیطَانِ اِنَّھُمْ یَکِیدُوْنَ کَیْدًا وَ اَکِیْدُ کَیْدًا فَمَھِّلِ الکافرینَ اَمْھِلْھُمْ رُوْیدًا ط

(۱۱) سلوسا جاسوسا ماسوسا کاغذ پر لکھ کر مسحور کے سر سے اتار کر جاری پانی ڈالے- سحر باطل ہو-

سحر کئی قسموں سے وارد ہوتے ہیں- اگر کسی کو زندگی سے محروم کرنا ہو تو پھر اس کے اثرات جسم پر وارد ہوتے ہیں- مجموعی طور پر آدمی کام کا نہیں رہتا- بعض ساحر بدن کے خاص حصوں کو باندھتے ہیں یا خراب کرتے ہیں- میں نے ایسا بھی شخص دیکھا ہے جس کو سحر سے اندھا کر دیا گیا تھا- بعض لوگ کسی کے کاروبار' نئے بننے والے مکان یا نئی خریدی جانے والی مشین یا مشینری کو سحر سے ناکارہ کر دیتے ہیں- مشینوں میں ٹوٹ پھوٹ ہوتی رہتی ہے اور اس سے نفع نہیں ملتا- ایک دفعہ کسی نے ٹائیلوں کے ایک کارخانہ کو باندھ دیا تھا- مسکچر کی مشین ہمیشہ ٹوٹتی رہتی تھی- ایک زمیندار نے بتایا کہ اس نے پانی نکالنے کا ڈیزل انجن لگایا ہوا تھا دشمنوں نے اس پر سحر کیا تو اس کا بہت بڑا پہیہ نکل کر چھت توڑ کر نکل گیا اور گر کر ریزہ ریزہ ہو گیا- حالانکہ پہیہ نکل کر اوپر کو جا ہی نہیں سکتا تھا- بار بار انجن کو بنایا گیا مگر وہ نہ چلا- ایک شخص نے کہا میں دس سال سے اپنا مکان بنا رہا ہوں- وہ بنتا ہی نہیں کسی نہ کسی وجہ سے نقصان ہو کر کام رک جاتا ہے-

میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ دور خراب ہے لوگوں میں حسد کا مادہ ہو گیا ہے وہ دوسرے کو کھاتے کماتے دیکھ کر خوش نہیں ہوتے تباہ کرنے کی ترکیبیں سوچتے ہیں رشتہ داروں سے زیادہ مخالفتیں پیدا ہوتی ہیں ان کی وجہ سے لوگ ساحروں کو تلاش کرتے ہیں- بہت خرچ کرتے ہیں اور دوسروں کو تباہ کرتے ہیں وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ ہمیں بھی اس کا خمیازہ کسی وقت کسی نہ کسی صورت میں بھگتنا پڑے گا-

بعض لڑکیوں کی شادی میں دیر ہو جاتی ہے تو وہ خیال کرتے ہیں یا اسے کوئی کہہ دیتا ہے کہ شادی باندھ دی گئی ہے تو اس شخص کے ذہن میں رشتہ دار اور رشتہ مانگنے والوں کی طرف سے ذہن میں خیال بیٹھ جاتا ہے کہ واقعی لڑکی کی شادی باندھ دی گئی ہے- گو ہر لڑکی کے ساتھ ایسا نہیں ہوتا- تاہم بعض لڑکیوں پر سحر کا اثر ہوتا ہے- اکثر کی شادی مقسوم طور پر دیر سے ہوتی ہے-

لہٰذا جب بھی کوئی غیر معمولی بات ہو اور اسباب وحالات بھی شک وشبہ والے ہوں تو ضرور کسی صاحب علم سے معلوم کریں اور اس سبب کو دور کرنے کی کوشش کریں جو معلوم ہو-

اثر پذیری

شفا بخشی میں سب سے بڑی قوت جو کام کرتی ہے۔ وہ اثر پذیری کی ہے۔ جسم دراصل تین چیزوں کا مجموعہ ہے۔ جسم، دماغ اور روح کا اور بیماری یا شفا کا اثران پر علی الترتیب ہوتا ہے۔ حالانکہ ہر ایک کا تعلق ایک دوسرے سے لازم و ملزوم کی حیثیت رکھتا ہے۔ مگر ان کی کارکردگی اور تاثیر پذیر ہونے میں ہم یہ یقین نہیں کرتے کہ یہ تینوں بیک وقت متاثر ہو جاتے ہیں۔ مثلاً بے شمار بیماریاں جسمانی نقائص کی وجہ سے ہم پر وارد ہو جاتی ہیں۔ ان کا حملہ براہ راست جسم پر ہوتا ہے۔ بیماری بڑھ جائے تو دماغ بھی متاثر ہوتا ہے اور طویل یا لاعلاج قسم کی ہو جائے تو روح بھی متاثر ہو جاتی ہے۔ اسی طرح دماغی قواء کی اضمحلالی بھی کسی بیماری کا باعث بن سکتی ہے۔ اکثر ایسی صورتوں میں جسم تندرست رہتا ہے۔ صرف انسان دماغی طور پر بیمار ہوتا ہے۔ یہ عین ممکن ہے جب یہ بیماری بڑھے تو روح کو بھی کمزور کر دے اور پھر جسم کو بھی کمزور کر دے۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ جب روح دماغ سے لاتعلق ہو جاتی ہے تو دماغی قوت کی مرضی اپنی فعلی طاقت میں خودمختار ہو جاتی ہے۔ کہ وہ کسی چیز کو قبول کرے یا رد کر دے اور جب لاشعوری قوتیں جو دماغ کا جزو ہیں اور لافانی بھی ہیں۔ جب دماغی استثنائی کا شکار ہوتی ہیں یا جب اثر پذیری سے مغلوب ہوتی ہیں وہ پھر یہی دماغی توسط سے تمام جسم کو کنٹرول میں رکھتی ہیں اور اس وجہ سے روح کی لافانی قوت جو شعور اور لاشعور کے پردوں میں مستور ہوتی ہے وہ جسم کو تندرست رکھنے میں مدد دیتی ہے۔ درحقیقت ہم کو یا دنیا کو اس کا علم ہی نہیں کہ کس ضرورت نے ان کا امتزاج لافانی بنا رکھا ہے۔ حالانکہ کسی علاج سے بیماری کا تدارک کر سکتے ہیں۔ لیکن جسم دماغ یا روح کے علاج کے لئے قوت ارادی کے تصور سے کام لیں۔ تو وہ اس کی لافانی طاقتوں کے اثر پھر کبھی امراض کو نزدیک نہیں پھٹکنے دیتے۔

چنانچہ یہ اصول جس پر میرا یقین اور تجربہ ہے۔ بنیادی طریقہ ہے جس سے افادہ حاصل کر کے تندرستی حاصل کی جاسکتی ہے۔ میرے ادارے کے زیر علاج لوگ اسی اصول سے صحت یاب ہو جاتے ہیں۔ کہ میں ان کی بیمار قوت کو اپنے الفاظ سے ایک ایسا اطمینان دلا دیتا ہوں اور جسے وہ اس لئے سختی سے قبول کر لیتے ہیں کہ ان کی نزدیک میرا علم اور میرا تجربہ اس پر دلیل بھی ہوتا ہے۔ چنانچہ جب کسی مریض پر اثر طاری کیا جاتا ہے اور ان سے باتیں کی جاتی ہیں تو ان کے دل و دماغ سے وہ تمام خدشات اور ڈر خارج ہو جاتے ہیں جو ان کی زندگی کے ساتھ چمٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ روحانی علم کے خزانے کے بھرپور لفظی وار کا نتیجہ حوصلہ افزا رہتا ہے۔ کیونکہ اثر پذیری سے وہ باتیں ممکن ہو گئیں۔ جو عام طور پر ناممکن تھیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب ذہن سے دکھ درد، زہر اور تکلیف کے اثرات خارج ہو جاتے ہیں تو وہ ایک نئی روشنی محسوس کرتے ہیں جو اس کی تسکین روح کا باعث بنتے ہیں۔

جسمانی امراض میں یا روحانی امراض میں وہ لوگ جلدی کامیاب ہو جاتے ہیں جو میرا لٹریچر پڑھتے رہتے ہیں۔ کیونکہ ان کے دل و دماغ پر میں چھایا ہوا ہوتا ہوں۔ تو میری معمولی قوتِ ارادی ان کے دماغ پر نئی روشنی ڈالتی ہے اور وہ جلد تندرست ہو جاتے ہیں۔ لیکن وہ لوگ جو سن کر حاضر ہوتے ہیں وہ دیر سے تندرست ہوتے ہیں یا وہ میری باتوں کو عجوبہ تصور کرتے ہیں۔

میرے پاس ایک شخص آیا۔ اس نے بتایا کہ عرصہ سات آٹھ سال سے میں ایک ناکام زندگی بسر کر رہا ہوں۔ مجھے کام کوئی نہیں ملتا' نہ کوئی میری باتوں پر اعتماد رکھتا ہے۔ کتنی بھی سفارش کراؤں ناکام رہتی ہے۔ مجھ پر جادو کیا ہوا ہے۔ پاکستان کے جتنے بڑے بڑے نجومی و دیگر علوم جاننے والے ہیں وہ سب کہتے ہیں کہ مجھ پر جادو کیا گیا ہے۔ جب میں نے اس سے کہا کہ جادو نہیں ہے تو اس نے ماننے سے انکار کر دیا اور کہا اس آٹھ سال کے عرصے میں آپ پہلے شخص ہیں جنہوں نے یہ کہا کہ جادو نہیں ہے۔ تو میں اسے کیسے قبول کر لوں۔ چونکہ اس کے شعور اور لاشعور میں جادو بیٹھا ہوا تھا۔ اس لئے وہ اس کے علاوہ نہیں سوچ سکتا تھا۔

اس شخص نے اپنی بات کا مجھے یقین دلانے کے لئے کہا کہ میں ذاتی ثبوت بھی دے سکتا ہوں۔ کہ مجھ پر جادو کیا گیا ہے۔ تو وہ کہنے لگا کہ شروع شروع میں مجھے خواب آیا کہ تینوں قل پڑھو۔ میں نے اس کا خیال نہ کیا۔ اگلی رات پھر خواب آیا کہ قل پڑھوں۔ میں نے توجہ نہ کی۔ اگلی رات پھر خواب آیا کہ قل پڑھوں۔ تو آپ بتائیے کہ یہ قل تو رسول کریم ﷺ پر اس لئے نازل ہوئے تھے کہ ان پر جادو کیا گیا تھا۔ تو میرے خواب میں قل کا اشارہ ملنے کا مطلب یہ ہوا کہ مجھ پر جادو کیا گیا ہے۔

میں نے پوچھا کیا تم نے قل پڑھے؟ اس نے کہا کہ تیسری دفعہ جب خواب آیا تو میں نے ان کو پڑھا۔ پھر میں نے اس سے کہا جب تم نے خواب کی تعمیل کی اور قل پڑھے تو جادو کہاں رہا۔ وہ تو ختم ہو چکا ہے۔ تم خواہ مخواہ دوسرے لوگوں اور نجومیوں کے کہنے پر جادو کو اپنے اوپر مسلط کر رہے ہو اور کلام اللہ پڑھنے پر اعتقاد و اعتماد نہیں رکھتے۔ وہ کہنے لگا کہ سب لوگ کیوں کہتے ہیں کہ جادو ہے۔ میں نے اس سے کہا اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر وہ یہ کہہ دیں کہ جادو نہیں ہے تو ان کی آمدن ماری جاتی ہے۔ بلحاظ پیشہ ان کا فرض ہے کہ وہ کہیں جادو ہے۔ تاکہ ہزار پانچ سو روپے اس کے اتارنے کے مل جائیں۔

یہ سن کر وہ شخص بڑا حیران ہوا اور وہ بغیر کچھ کہے اٹھ کر چلا گیا۔ مجھے یقین ہے کہ اب اسے ملازمت بھی مل جائے گی اور وہ اس ذہنی مرض سے

بھی جائے گا۔

جن اور بھوت کے امراض میں سے ۷۰ فیصد لوگ ذہنی طور پر مریض ہوتے ہیں۔ ان کا علاج ہی ایسے طریق پر کیا جاتا ہے کہ ان کو یقین دلا دیا جائے کہ جن دور ہو گیا۔ جب یقین دلا دیا جاتا ہے تو وہ تندرست ہو جاتے ہیں۔ اگر انہیں یہ کہا جائے کہ کوئی جن بھوت نہیں تو وہ مانتے نہیں نہ وہ تندرست ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ کے لئے اصل عمل کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ شعبدہ قسم کے عمل کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس سے فوراً اثر پذیری اختیار کر لیتے ہیں اور تندرست ہو جاتے ہیں۔ ایک عورت کا خیال تھا کہ اس پر جن مسلط ہے۔ تعلیم یافتہ تھی اسے بہت یقین دلایا کہ گیس کا مرض ہے۔ نہ جادو کیا گیا ہے نہ جن۔ مگر وہ جب آتی ایک ہی رٹ لگاتی۔ جب اس کا ڈرامائی علاج کیا گیا تو وہ تندرست ہو گئی۔ ایسی حالت کے مریض ذہنی مرض کی وجہ سے اصل مرض کا علاج نہیں کروا پاتے اور مدتوں تکلیف اٹھاتے ہیں اور روپیہ ضائع کرتے رہتے ہیں۔

میں نے ایسے افراد کو دیکھا ہے جو بڑے پژمردہ اور خوفزدہ ہوتے ہیں۔ مگر علاج اثر پذیری کے بعد جب واپس جاتے ہیں تو ان کی دنیا ہی بدلی ہوئی ہوتی تھی۔ وہ نئے ولولے نئے نئے ارادے اور نئی لذت محسوس کرتے ہوئے جاتے تھے۔ جب کوئی ذہنی طور پر مریض ہو تو معالج کی قوت ارادی اور طریق علاج ہی تندرست کر سکتا ہے۔ وہاں کوئی دوا کام نہیں کرتی۔ معالج کے الفاظ کام کرتے ہیں۔ اس لئے روحانی علاج کی سخت ضرورت ہوتی ہے۔ ہر جگہ دوا کام نہیں کرتی۔ البتہ دوا کے ساتھ اگر قوتِ ارادی بھی ہو۔ معالج کی بھی اور مریض کی بھی۔ تو تب بھی مریض لازمی شفایاب ہوگا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ لوگوں کو اثر پذیری کی جادوئی کارکردگی سے روشناس کرانے کے لئے ساتھ یہ بھی بتا دیا جائے کہ آئندہ ایسی متوقع بیماریوں سے کس طرح نجات حاصل کر سکتے ہیں اور کیسے ہمیشہ تندرست رہ سکتے ہیں۔

ایک آدمی نے مجھے بتایا کہ میں اپنے آپ کو دس سالہ بچہ محسوس کرتا ہوں اور خوشیوں کی لہریں میرے اندر موجزن ہیں۔ یہ صرف اس اثر پذیری کا اثر تھا جو روح کی سحر کاریوں کا ادنیٰ کرشمہ ہوتی ہیں۔ اگر آپ دل و دماغ پر یہ مسلط کر لیں۔ میں تندرست ہوں ہمیشہ جوان رہوں گا۔ کوئی مرض مجھے چھو نہیں سکتا۔ کوئی دکھ مجھ پر حملہ نہیں کر سکتا تو لازمی روح اس کی طاقتور ہو جائے گی اور وہ اس کے شعور اور لاشعور میں صحت مند قوت بھر دے گی۔ جن لوگوں کا علاج ذہنی اثر پذیری سے ہم نے کیا۔ وہ تندرست و توانا ہو کر اپنی زندگی کے لطائف سے محظوظ ہوتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ دم، تعویذ اور آیات سے شفایابی میں قوت اس لئے زیادہ ہے کہ انسان کا اعتقاد ان میں پختہ ہو۔ اس سے شفایابی حیرت انگیز طور پر ہوتی ہے اور مجھے اس کا روزانہ تجربہ ہوتا رہتا ہے۔ نیشنل بینک کے دائریکٹر کے سیکریٹری دل کے اوپر دورہ ہونے سے عرصہ سے پریشان رہتے تھے۔ روزانہ گولیوں کھانا ان کا معمول ہو چکا تھا مگر مرض وہاں کا وہاں رہا۔ ہاں تسکین ضرور ہو جاتی تھی کہ میں دوا کھا رہا ہوں۔ جب وہ میرے پاس آئے تو میں نے کہا دوا قطعاً بند کرو۔ میں دم کئے دیتا ہوں دوائیاں انہوں نے فی الفور ترک کر دیں۔ زیادہ سے زیادہ دو یا تین دفعہ دم کیا تھا کہ مرض بند ہو گیا۔ اس قسم کے امراض کو حروف صوامت سے بھی باندھ دیتا ہوں اور یہ اتنا معمولی سا علاج ہے کہ اس کے اثر سے عقل حیران ہوتی ہے میں کسی جادو کا ذکر نہیں کر رہا۔ بلکہ حروف اور قوت ارادی کی قدرتی طاقتوں کا کرشمہ ہوتا ہے۔ جو روح کی قوت عمل اپنی اثر انگیزی کے ذریعے جسم اور دماغی تمام امراض کو آن واحد میں دور کر دیتی ہے۔ یہ اصول اگر ہم سمجھ لیں تو پھر کوئی مشکل نہیں کہ تندرست رہنے میں آسانی محسوس کر سکیں۔ یہ تو خداوند کریم کا عطیہ ہے کہ جن لوگوں میں یہ قوتیں ودیعت کی گئی ہیں۔ وہ خلقِ خدا کے لئے اپنا وقت صرف کر کے ان کے انجانے امراض کا علاج کر کے سکون حیات محسوس کرتے ہیں۔

دورِ حاضر کی حیرت انگیز کتاب

الساعات (حصہ اول)

وقت دیکھ کر حالات معلوم کرنا

دن اور رات کے گزرنے والے لمحات میں جب ضرورت پڑے آپ اپنی گھڑی دیکھیں۔ وقت نوٹ کریں اور اسی تاریخ میں اس ساعت کو کتاب میں تلاش کریں یہ ساعت آپ کے مقصد کا جواب دے گی۔ الساعات ہونے والے نقصانات اور منافع سے ہر دم آگاہ کرے گی۔ وقت کا یہ حساب ایک باقسمت اور کامیاب زندگی گزارنے میں مدد دے گا۔

مختصر فہرست مضامین

وقت اور کام کا تعلق — سیارگاں کے احکامات و اثرات

سیاروں کے اثرات — واقعات کیسے بدل سکتے ہیں

دنوں کے ناموں کا تعین — اعداد و علم الساعات

دنوں کی ترتیب — ریس کے قوانین

ستاروں کی روزانہ تقسیم — صحت کے خطرات

ساعتوں کی منسوبات — ضمیر کا حال معلوم کرنا

یہ شخص کیا کام کرتا ہے — نومولود کے حالات

کون سا کاروبار مفید ہے — حاملہ کیا جنے گی

روپیہ آئے گا یا نہ — صدقات

شرکت کیسی رہے گی — اسم حاجت

سفر کیسا رہے گا — ساعت کے ۵۲ نقشے

محبت و دوستی کا انجام — مقامی وقت کیا ہے

مددگار اور مفید لوگ — یہ کام ہوگا یا نہ ہوگا

کاروبار کیلئے مفید وقت — جدول عملیات دن رات

کامیابی کیلئے صحیح لائحہ عمل — فہرست تفاوت وقت

کاغذ، طباعت، کتابت، دیدہ زیب

قیمت =\۴۵۰ روپے علاوہ محصولڈاک

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

شیطان کی فریب کاریاں

حضرت حسنؒ فرماتے ہیں کہ ایک درخت تھا جس کی لوگ پوجا کرتے تھے- اس درخت کے پاس ایک آدمی آیا اور کہا کہ میں اس درخت کو ضرور کاٹ ڈالوں گا- یہ کہہ کر خدا کی رضا کے لئے اس نے درخت کاٹنے کا ارادہ کیا- اتنے میں شیطان ایک انسان کی صورت اختیار کر کے اس کے سامنے آیا اور کہا کہ تمہارا کیا ارادہ ہے؟ اس شخص نے جواب دیا کہ اس درخت کو کاٹنا چاہتا ہوں- جسے لوگ خدا کو چھوڑ کر پوجتے ہیں- شیطان نے کہا کہ جب تم اس درخت کی پرستش نہیں کرتے تو دوسروں کی عبادت کرنے سے تمہیں کیا نقصان ہے؟ اس نے جواب دیا کہ میں اسے ضرور کاٹوں گا- شیطان نے کہا کیا تم ایسی چیز چاہتے ہو جو تمہارے لئے بہتر ہو؟ اس درخت کو مت کاٹو تم کو ہر روز صبح سویرے تکیے کے نیچے سے دو دینار ملا کریں گے- اس نے کہا تمہاری بات کا ضامن کون ہے؟ شیطان بولا میں خود ذمہ دار ہوں- چنانچہ وہ شخص لوٹ گیا-

دوسرے دن صبح سویرے اسے تکیئے کے نیچے سے دو دینار مل گئے- لیکن اس سے اگلے دن جب صبح اٹھا تو کچھ نہ ملا- غصہ میں آ کر درخت کو کاٹنے کے لئے چل پڑا- شیطان پھر اس کے پاس آدمی کی صورت میں آیا اور کہا تو کیا چاہتا ہے؟ اس نے کہا اس درخت کو کاٹنا چاہتا ہوں- جس کی خدا کو چھوڑ کر عبادت کی جاتی ہے- شیطان نے کہا تو جھوٹا ہے تو خدا کے خوف سے اس کو نہیں کاٹتا- وہ شخص درخت کو کاٹنے لگا تو شیطان نے اس کو زمین پر دے مارا اور اس کا گلا گھونٹ دیا- قریب تھا کہ اس کا دم نکل جائے-

اس کے بعد کہا کیا تم مجھے جانتے ہو میں کون ہوں؟ مجھے شیطان کہتے ہیں- پہلی بار تو خدا کے واسطے غصے میں بھرا ہوا آیا تھا تو میں تجھ پر قابو نہ پا سکا- اس لئے تجھے فریب دیا کہ دو دینار ملا کریں گے- تو نے اس کو چھوڑ دیا اب جب کہ تو دیناروں کے لئے غصہ کر کے آیا ہے تو میں تجھ پر غالب ہو گیا ہوں-

جاننا چاہئے کہ شیطان کی مثال متقی اور دنیا دار کے ساتھ ایسی ہے- جیسے ایک آدمی بیٹھا ہوا ہو اور اس کے سامنے کوئی کھانے کی چیز نہ ہو- جب اس کے پاس سے کتے کا گذر ہوا اور وہ اسے دھتکار دے تو کتا فوراً چلا جائے گا- لیکن اگر اس آدمی کے آگے روٹی اور گوشت موجود ہو اور وہ کتے کو ڈانٹے تو کتا اس کے پاس سے آسانی سے نہیں ٹلے گا- پہلی مثال متقی کی ہے کہ اس کے پاس شیطان آتا ہے تو اس کے دور کرنے کے لئے فقط ذکر خدا کافی ہے اور دوسری مثال دنیا دار کی ہے کہ اس سے شیطان جدا نہیں ہوتا- کیونکہ اس کے پاس دنیا کا مال ہوتا ہے-

سیدہ عائشہؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے ہر ایک کے پاس شیطان آتا ہے اور پوچھتا ہے کہ تم کو کس نے پیدا کیا؟ (یعنی دل میں وسوسہ پیدا کرتا ہے) وہ آدمی کہتا ہے خدا نے، پھر پوچھتا ہے کہ خدا کو کس نے بنایا؟ بس جب تم میں سے کسی کے دل میں یہ خیال آئے تو یوں کہا کرو اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ (میں ایمان لایا اللہ پر اور اس کے رسول پر) یہ کہنے سے ایسا خیال جاتا رہے گا-

شیطان سے پناہ مانگنے کا طریقہ

ابوالتیاح ؒ کہتے ہیں میں نے عبدالرحمٰن بن حنیش سے کہا کہ کیا تم نے رسول اللہ ﷺ کی صحبت حاصل کی ہے؟ وہ بولے ہاں! میں نے کہا یہ تو بتاؤ جس رات رسول اللہ ﷺ کے واسطے شیطانوں نے داؤ کھیلا تھا تو آپ نے کیا کہا تھا؟ انہوں نے جواب دیا کہ شیاطین جنگل کی نالیوں سے اور پہاڑوں کی گھاٹیوں سے رسول اللہ ﷺ پر ٹوٹ پڑے تھے اور ان میں سے ایک شیطان اپنے ہاتھ میں آگ کا شعلہ لئے ہوئے تھا- چاہتا تھا کہ آپ ﷺ کے چہرہ مبارک کو جلا دے- اتنے میں آپ ﷺ کے پاس حضرت جبرائیلؑ آئے اور کہا یارسول اللہ ﷺ کہئے- آپ ﷺ نے فرمایا کیا کہوں- حضرت جبرائیلؑ نے کہا یہ دعا پڑھیئے-

اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَبَرَاَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ اِلَّا طَارِقاً يَطْرُقُ بِخَيْرٍ

اپنی مخفی قوتوں کو قابو میں لانا

رجوع همزاد

ہر انسان کے ساتھ اس کا ہمزاد پیدا ہوتا ہے- یہ اس کا مخفی جسم ہے- اس کو بذریعہ عمل یا ریاضت بطن ظاہری میں لایا جاتا ہے اور پھر اس سے عامل اپنے دنیاوی کاموں میں مدد لے سکتا ہے- اس جسم کے لئے وقت اور فاصلہ کوئی معنی نہیں رکھ سکتا- لہذا آن کی آن میں دور دراز سے خبریں لا سکتا ہے- وہاں سے چیزیں لانا- کوئی کام کر کے آ جانا اس کیلئے منٹوں سیکنڈوں کا کام ہوتا ہے- دو شخصوں میں محبت یا دشمنی ڈالنا کسی جگہ کا نقشہ لانا- گم شدہ جانور یا آدمی یا دفینہ کا پتہ دینا- امراض کا علاج بتانا- پرانے واقعات کی کیفیت بہم پہنچانا اس کے لئے معمولی کام ہے- اس کتاب میں بیس طریقے اور عملیات ہیں- اپنی ہمت کے مطابق انتخاب کر کے ہمزاد قابو میں کیا جا سکتا ہے-

(قیمت =/۲۰۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

یَارَحْمٰنُ-

روای نے بیان کیا کہ اس دعا کے پڑھنے سے شیاطین کی آگ بجھ گئی اور خدا تعالیٰ نے انہیں شکست دی- چنانچہ جب کوئی اپنے دل میں شیطانی وسوسے محسوس کرے یا کسی قسم کے شر و فتنہ میں مبتلا ہوجائے تو اس دعا کو پڑھے- اللہ تعالیٰ اسے تمام شیطانی اثرات اور شر و فتن سے محفوظ فرمادیں گے (انشاءاللہ)

حضرت نوع علیہ السلام اور شیطان

جب حضرت نوح علیہ السلام طوفان کے دنوں میں کشتی میں سوار تھے تو اس میں شیطان بھی گھس آیا- حضرت نوعؑ نے فرمایا اے خدا کے دشمن یہاں سے نکل جا- ابلیس بولا کہ پانچ چیزیں ہیں جن سے میں لوگوں کو ہلاک کرتا ہوں- ان میں سے تین تمہیں بتاؤں گا اور دو تم سے نہ کہوں گا- حضرت نوحؑ کو وحی ہوئی کہ اس سے کہو تین کی مجھے حاجت نہیں وہ دو بیان کر- ابلیس نے کہا انہی دو سے تو میں دراصل آدمیوں کو ہلاک کرتا ہوں- ایک حسد کہ اسی کی وجہ سے میں خود ملعون ہوا اور دوسری حرص کہ آدم کے لئے تمام جنت حلال کردی گئی تھی لیکن میں نے حرص کی بدولت ان سے اپنا کام نکال لیا-

حضرت یحییٰ علیہ السلام اور شیطان

ایک دفعہ شیطان حضرت یحییٰ علیہ السلام کے سامنے آیا- آپ نے دیکھا کہ اس پر بہت سی چیزیں لٹک رہی ہیں- پوچھا کہ اے ابلیس یہ لٹکتی ہوئی چیزیں کیا ہیں؟ کہنے لگا یہ دنیا کی شہوتیں اور خواہشیں ہیں جن میں فرزند آدم کو مبتلا کرتا ہوں- حضرت یحییٰؑ نے پوچھا کیا اس میں میرے واسطے بھی کچھ ہے؟ بولا کہ جب آپ شکم سیر ہوتے ہیں تو نماز پڑھنا آپ پر گوارہ کردیتا ہوں اور ذکر الٰہی آپ پر بار ہوجاتا ہے- حضرت یحییٰؑ نے پوچھا کہ اس کے سوا اور بھی کچھ ہے؟ کہا بخدا اور کچھ نہیں- حضرت یحییٰؑ نے فرمایا- خدا کی قسم اب میں کبھی پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھاؤں گا- ابلیس بولا خدا کی قسم اب کبھی کسی مسلمان کی خیر خواہی نہیں کروں گا-

عورت اور شیطان

حسن بن صالحؒ فرماتے ہیں کہ میں نے سنا ہے شیطان عورت سے کہتا ہے کہ تو میرے لئے آدھا لشکر ہے اور تو میرے لئے ایسا تیر ہے کہ جس کو مارتا ہوں نشانہ خطا نہیں کرتا اور تو میرے لئے بھید کی جگہ ہے اور تو میری حاجت برلانے میں قاصد کا کام دیتی ہے-

لوح مشتری

اسباب و مال و حصول مال و دولت و کشائش رزق

مشتری کا دور بارہ سال کا ہوتا ہے- ہر شخص کو تو زندگی کی عام اور مالی سعادتیں دیتا ہے- کاروبار میں منافع لاتا ہے- مرد اور عورت کے لئے یکساں مفید انتہائی سعد اور پرتاثیر اوقات کا عظیم کارنامہ ہے- یہ مالی امور میں خوش بختی کو اسطرح کشش کرتی ہے جیسے مقناطیس لوہے کو- اس کو پہن کر تمنا دل میں قائم کرکے دعا کیجئے پہنے رہئے انشاءاللہ مالی معاملات اور روپیہ کے حصول کے لئے جو اسباب بھی کریں گے- ان سے روپیہ ملے گا اور قدرت ایسے اسباب بھی پیدا کرے گی جن سے چند سالوں میں زندگی بن جائے گی-

وقت خراب ہے- زمانہ چلتے چلتے ایسی جگہ پہنچ گیا ہے جہاں مالی تباہیاں جلد تر آتی ہیں- جہاں روزانہ مہنگائی کے ذریعہ جو کمایا ختم ہوجاتا ہے- ملازمتوں کا اندیشہ رہتا ہے- کاروبار کی بندش ہوجاتی ہے- اس وقت جو چیز کام دیتی ہے وہ صرف پیسہ ہے فالتو روپیہ! تاکہ اپنی عزت اور وقار کو دوسروں کی نظر میں قائم رکھا جاسکے- قدرت کی طرف سے بھی مواقع کم ہی رکھے گئے ہیں- انسانی امداد کے لئے ۱۲ سال بعد وقت آتا ہے مشتری کو کب مال و دولت گردانا گیا ہے اس لئے علمائے جفر اس وقت کی تاثیر سے فائدہ اٹھاتے ہیں-

دفتر سے منگوانے کے لیئے نام معہ والدہ اور ہدیہ منی آڈر کریں- خاص بات معلوم کرنی ہو تو- صبح ۱۱ بجے سے دوپہر ۲ بجے تک فون کریں

کال کریں 0333-7202964 رسالہ روحانی دنیا کراچی ۷۴۸۰۰

اصل تصوف

انسان فوقیت کا طالب رہتا ہے

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ خلیفہ کی وفات کا وقت قریب آ گیا تو لوگوں نے آپ سے عرض کیا ''آپ نے اپنی اولاد کو مفلس و نادار چھوڑا ہے کہ اس کے پاس کوئی چیز نہیں ہے'' عمر بن عبدالعزیزؒ نے جواب میں فرمایا کہ ''میری اولاد میں سے دو قسم کے لوگ ہوں گے- ایک تو وہ جو خدا سے ڈرتے ہوں گے- ان کے لئے تو خدا کافی ہے- وہ صالحین کا والی وکفیل ہے اور دوسرے وہ جو گناہوں پر مائل ہوں گے- میں ان کے لئے کچھ چھوڑتا تو یقیناً ان کے معاصی کو تقویت پہنچاتا اور یہ مناسب نہ تھا- ایک اور واقعہ آپ کا یہ منقول ہے کہ منصب خلافت پر فائز ہونے سے پہلے آپ نے ایک ہزار درہم کا ایک حلہ خرید فرمایا اور اس کو غور سے دیکھ کر فرمایا کہ ''حلہ تو بہت اچھا ہے مگر عیب صرف اتنا ہے کہ ذرا سخت و کرخت ہے'' اس کے بعد آپ نے ایام خلافت میں ایک اور حلہ چار یا چھ درم میں خرید کیا اور فرمایا'' حلہ بہتر ہے اگر اس میں زیادہ نرمی نہ ہوتی'' لوگوں نے عرض کیا ''حضرت جی! خلافت سے پہلے آپ نے یہ فرمایا تھا اور اب یہ فرماتے ہیں اس کا سبب کیا ہے'' آپ نے فرمایا کہ ''انسان ہمیشہ فوقیت کا طالب ہوتا ہے- خلافت سے پہلے میں اس ذائقہ سے واقف تھا اور بہتر سے بہتر چیز کا خواستگار' لیکن اب جب کہ خلافت کے منصب پر فائز ہوں اس سے زیادہ فوقیت میرے لئے دنیا میں کچھ اور نہیں ہوسکتی' اس لئے اس سے زیادہ عظمت و فوقیت اب صرف خدا ہی کے ہاں نصیب ہوسکتی ہے اور اس کے حصول کا ذریعہ ترک دنیا یا انقطاع لذت و خواہشات ہی ہے''-

چار چیزوں میں عمر بسر کرنی چاہئے

کسی نے حاتم صمؒ سے پوچھا ''آپ نے اپنی عمر کو کن چیزوں میں گزارا'' چار چیزوں میں' ایک تو یہ کہ مجھ کو یہ معلوم ہوا کہ میں اپنے آپ کو خدا کی نظروں سے مخفی نہیں رکھ سکتا- اس لئے مجھ کو شرم آتی رہی کہ میں خدا کی نظروں کے سامنے کوئی نافرمانی کروں- دوسرے مجھ کو یہ معلوم ہوا کہ مجھ کو رزق ملے گا- جتنا میرا ہے اور خدا اس کا ضامن ہے- اس لئے میں نے رزق کے لئے جدوجہد ترک کردی- تیسرے یہ کہ مجھ کو معلوم ہوا کہ مجھ پر ایک فرض عائد ہے- جس کو میرے سوا کوئی دوسرا ادا نہیں کرسکتا اور میں اس کی ادائیگی میں مشغول رہا- چوتھے یہ کہ مجھ کو یہ معلوم ہوا کہ مجھ کو اچانک موت آ پکڑے گی اور اس کے ہاتھ سے چھٹکارا نہ ملے گا' اس لئے میں نے عالم آخرت کی تیاریاں شروع کردیں اور اب میں انہیں تیاریوں میں مشغول ہوں-

نیک کاموں میں اغراض کو شامل نہ کرو

محمد بن واسعؒ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ میرے دل میں بھنا ہوا جگر کھانے کی خواہش پیدا ہوئی اور چالیس سال تک میں اس خواہش کو دباتا رہا- آخر ایک روز یہ خواہش بہت تیز ہوگئی اور میں نے ارادہ کرلیا کہ میں جہاد پر جاؤں گا ممکن ہے مال غنیمت میں ایک بکری مجھ کو مل جائے اور میں اس کا جگر بھنوا کر کھاسکوں- چنانچہ میں مجاہدین کے ساتھ جہاد پر چلا گیا- مشرکین سے ہم نے جہاد کیا اور مال غنیمت حاصل کیا- میں نے مال غنیمت میں سے اپنے حصے میں ایک بکری لے لی اور اپنے ہمراہیوں سے کہا کہ اس کی کلیجی بھون کر مجھ کو دے دینا میں چونکہ تھکا ہوا تھا- یہ کہہ کر جلد لیٹ رہا اور نیند آ گئی' خواب میں دیکھتا ہوں کہ فرشتے آسمان سے اترے ہیں اور مجاہدین کے اعمال کو لکھ رہے ہیں- چنانچہ ایک مجاہد کا حال انہوں نے اس طرح لکھا کہ ''یہ شخص اس لئے جہاد کرنے آیا تھا کہ لوگ اس کو بہادر کہیں اور اس کی شجاعت کی شہرت ہوجائے'' ایک اور مجاہد کا حال یو لکھا کہ ''یہ شخص جہاد میں مال غنیمت حاصل کرنے کے لئے شریک ہوا'' ایک اور مجاہد کی نسبت لکھا کہ یہ شخص فخر حاصل کرنے کے لئے جہاد میں شریک ہوا'' اس کے بعد وہ فرشتے میرے قریب آئے اور کہا ''مسکین خواہش پرست بھنے ہوئے جگر کو کھانے کی خواہش لے کر آیا'' میں نے یہ سن کر فرشتوں سے کہا ''خدا کی قسم! یہ نہ لکھئے میں خداوند تعالیٰ کے حضور میں اپنی غلطی سے توبہ کرتا ہوں'' اس کے بعد میں نے تین مرتبہ یہ الفاظ کہے ''اے پروردگار! اب کبھی ایسا نہ کروں گا- میں تیرے حضور میں اپنی تمام شہوات و خواہشات سے توبہ کرتا ہوں''-

خواہش نفس کی سزا

ابوتراب بخشی کہتے ہیں کہ مدت العمر میں کبھی میرے دل میں کسی چیز کی خواہش پیدا نہیں ہوئی- ہاں صرف ایک مرتبہ دل میں یہ خواہش ضرور ہوئی کہ روٹی اور انڈے مل جائے تو کھاتا- میں ایک دفعہ سفر میں تھا کہ میرا گزر ایک گاؤں میں ہوا' گاؤں کا ایک شخص میرے ساتھ ہولیا اور مجھ کو گاؤں کے سردار کے پاس لے گیا اور کہا ''یہ شخص بھی چوروں کے ساتھ تھا'' گاؤں کے سردار نے یہ سن کر ستر ۷۰ درے میرے لگوائے- تھوڑی دیر میں ایک شخص نے مجھ کو پہنچان کر لوگوں سے کہا ''یہ تو ابو تراب بخشی ہیں'' یہ سن کر لوگوں نے مجھ سے معافی مانگی اور ایک شخص مجھ کو اپنے گھر لے گیا اور میرے سامنے روٹی اور انڈے پیش کئے میں نے اپنے نفس کو مخاطب کر کے کہا ''ستر درے کھانے کے بعد روٹی اور انڈے کھانے کو ملے ہیں''-

چند لطائف

ایک بزرگ کا بیان ہے کہ میرے سامنے دنیا اور اس کی رونق و زینت اور خواہشات کو پیش کیا گیا- میں نے اس کی طرف سے منہ پھیر لیا' پھر میرے سامنے آخرت کی نہریں' محل اور رونق کو پیش کیا گیا' میں نے ان کی طرف سے منہ پھیر لیا- یہ دیکھ کر مجھ سے کہا گیا اگر تو دنیا کی طرف مائل ہو جاتا تو ہم آخرت کو چھپا لیتے- یعنی آخرت سے تجھ کو محروم کر دیتے اور اگر تو آخرت کی طرف مائل ہوتا تو ہم اپنے آپ کو تجھ سے چھپا لیتے' یعنی تو دیدار الٰہی سے محروم رہتا چونکہ تو نے دونوں چیزوں نے اعراض کیا ہے اس لئے ہم (یعنی خداوند تعالیٰ) تیرے لئے دونوں عالموں میں ہم نے تیرا حصہ مقرر کر دیا ہے-

۲ : ابو یزید بسطامیؒ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے پروردگار کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا ''اے اللہ! میں کیونکر تجھ کو پا سکتا ہوں'' فرمایا ''اپنی روح کو جسم سے جدا کر دے اور آ جا''-

۳ : احمد بن خفرویہؒ کہتے ہیں میں نے اپنے پروردگار کو خواب میں دیکھا' خداوند تعالیٰ نے فرمایا ''ہر شخص مجھ سے کچھ نہ کچھ طلب کرتا ہے' لیکن ابو یزید بسطامی مجھ سے کوئی چیز نہیں مانگتا مجھ کو چاہتا ہے-

۴ : ابراہیم ابن ادہمؒ کہتے ہیں میں نے خواب میں دیکھا کہ جبرئیلؑ ہاتھ میں کاغذ لئے کھڑے ہیں- میں نے پوچھا ''آپ کیا کر رہے ہیں'' خدا کو دوست رکھنے والوں کے نام لکھ رہا ہوں'' میں نے عرض کیا ''ان ناموں کے نیچے میرا نام- خدا کو دوست رکھنے والوں کا دوست کی حیثیت سے لکھ لیجئے' فوراً غیب سے صدا آئی ''جبرئیل! ابراہیم بن ادہم کا نام سب سے پہلے لکھو''-



قدیم علوم کا سائنٹیفیک نظریہ
ان کے ذاتی تجربات اور اصل حقائق و اثرات
سعادت و نحوست کا حساب، حیرت و تجسس پر مبنی ناول

ناشون

تحریر: شازلی سعید مغل

۴۵۰ صفحات

برصغیر میں علمِ تسخیر کے بانی حضرت کاش البرنیؒ کی عاملیت و کاملیت، روحانیت، محبت، تصوف اور دوسری دنیا کے تجربات و مشاہدات پر اسراریت کے نت نئے راز کھولتا ایک سحر انگیز ناول جس کے مرکزی کردار حضرت کاش البرنیؒ ''بنام'' ''ناشون'' ہیں

Postage Rs: 50

اپنا آڈر ان نمبروں پر بک کروائیں
021-34949944
021-32018699
0333-7202964
یا قریبی بکسٹال سے خریدفرمائیں

قیمت: ۵۰۰ روپے

ابھی رابطہ کر کے اپنی کاپی بک کروائیں یا اپنے قریبی بکسٹال پر اپنا آڈر بک کروائیں۔

Auraq Publishers, Ibrahim market, PIB Colony, Karachi 74800

ماہ نومبر

نام ایام	نومبر ۲۰۱۸ء	صفر ۱۴۴۰ھ	کتک ۲۰۷۵ب	توقیعات	منسوبی نمبر	درجہ برج	عین وقت	شمس در عقرب	مواضع قمر					
									برج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالت
جمعرات	۱	۲۲	۱۶	رجعت زہرہ در میزان	۵			۱۰			صرفہ	۲۰:۱۱		
جمعہ	۲	۲۳	۱۷		۶			۱۱	سنبلہ	۱۰:۴۷	عوا	۱۸:۰۴		اوج
ہفتہ	۳	۲۴	۱۸		۷			۱۲			سماک	۱۵:۵۹		
اتوار	۴	۲۵	۱۹		۸			۱۳	میزان	۱۴:۰۰	غفرہ	۱۴:۰۰		
پیر	۵	۲۶	۲۰		۹			۱۴			زبانہ	۱۲:۰۷		
منگل	۶	۲۷	۲۱	رجعت یورنس در حمل، قمر در عقرب	۱			۱۵	عقرب	۱۸:۰۱	اکلیل	۱۰:۳۰		ہبوط
بدھ	۷	۲۸	۲۲	آخری چہار شنبہ	۲			۱۶			قلب	۹:۱۱	●	اجتماع
جمعرات	۸	۲۹	۲۳	مشتری در قوس	۳			۱۷	قوس	۲۳:۵۸	شولہ	۸:۱۸		طرح
جمعہ	۹	۳۰	۲۴	یوم پیدائش علامہ اقبال، نیا چاند ☾	۴			۱۸			لغائم	۷:۵۵		
ہفتہ	۱۰	ربیع الاول	۲۵	یکم ربیع الاول ۱۴۴۰ھ	۵			۱۹			بلدہ	۸:۰۵		
اتوار	۱۱	۲	۲۶		۶			۲۰	جدی	۸:۵۴	ذابح	۸:۵۴		وبال
پیر	۱۲	۳	۲۷		۷			۲۱			بلعہ	۱۰:۵۱		
منگل	۱۳	۴	۲۸		۸			۲۲	دلو	۲۰:۴۴	سعود	۱۲:۰۴		
بدھ	۱۴	۵	۲۹		۹			۲۳			اخبیہ	۱۴:۰۸		
جمعرات	۱۵	۶	۳۰		۱			۲۴			مقدم	۱۶:۲۰	◒	تربیع اول
جمعہ	۱۶	۷	مکھر	مریخ در حوت، زہرہ مستقیم	۲			۲۵	حوت	۹:۴۰	موخر	۱۸:۱۷		حضیض
ہفتہ	۱۷	۸	۲	رجعت عطارد	۳			۲۶			رشا	۱۹:۵۲		
اتوار	۱۸	۹	۳		۴			۲۷	حمل	۲۰:۵۵	شرطین	۲۰:۵۵		
پیر	۱۹	۱۰	۴		۵			۲۸			بطین	۲۱:۱۵		
منگل	۲۰	۱۱	۵		۶			۲۹			ثریا	۲۰:۵۸		
بدھ	۲۱	۱۲	۶	عید میلاد النبیؐ، شرف قمر	۷			۳۰	ثور	۴:۴۲	دبران	۱۹:۵۸		شرف
جمعرات	۲۲	۱۳	۷	شمس در قوس ♐	۸			قوس			ہقعہ	۱۸:۲۷		
جمعہ	۲۳	۱۴	۸		۹			۲	جوزا	۹:۰۹	ہنعہ	۱۶:۲۶	○	فرح استقبال
ہفتہ	۲۴	۱۵	۹		۱			۳			ذراع	۱۴:۰۷		
اتوار	۲۵	۱۶	۱۰	نپ چون مستقیم	۲			۴	سرطان	۱۱:۳۷	نثرہ	۱۱:۳۷		ترفع
پیر	۲۶	۱۷	۱۱	عرس شاہ محمد غوث، لاہور	۳			۵			طرفہ	۱۲:۵۱		
منگل	۲۷	۱۸	۱۲		۴			۶	اسد	۱۳:۳۴	جبہۃ	۶:۲۵		
بدھ	۲۸	۱۹	۱۳		۵			۷			زہرہ	۳:۵۵		
جمعرات	۲۹	۲۰	۱۴		۶			۸	سنبلہ	۱۶:۰۷	صرفہ عوا	۱:۳۵ ۲۳:۲۵		اوج
جمعہ	۳۰	۲۱	۱۵		۷			۹			سماک	۲۱:۲۸	◒	تربیع دوم

کیا آپ کا برج عقرب ہے؟

جنگ کا سرخ ستارہ مریخ صدیوں سے ۲۳ اکتوبر سے ۲۲ نومبر کے دوران پیدا ہونے والے باقوت' پیچیدہ اور پراسرار افراد کا حاکم سمجھا جاتا ہے۔ پہلے صرف مریخ کو برج عقرب کا حاکم سمجھا جاتا تھا۔ لیکن اب پلوٹو کو بھی اس برج کا حاکم سمجھا جاتا ہے۔ جسے یہ نام رومن دور میں زیر زمین دنیا کے دیوتا کے نام پر دیا گیا ہے اور آج کے دور میں ہم پلوٹو کو پراسرار لاشعور یعنی عمیق جذبات سے منسوب کرتے ہیں۔

عقربی افراد میں لڑنے کی قوت' نوک جھونک خواہ دفتر میں ہو' کاروبار میں ہو یا محبت میں اس سے لطف اندوز ہونے کی صلاحیت مریخ سے آتی ہے لوگوں سے بھرپور فائدہ اٹھانا عقربی افراد کا ایک مشغلہ ہے۔ اگرچہ اکثر عقربی افراد' وفادار' مخلص اور اکثر قربانی دینے والے ہوتے ہیں لیکن دوسروں کو نیچا دکھانا ان کے لئے ایک ٹانک کا کام کرتا ہے۔

اگر آپ کی والدہ عقربی ہیں تو آپ کے لئے بے تحاشا مادرانہ محبت کا اظہار کریں گی لیکن اگر آپ ان کی آزادی ختم کرنے یا اس میں کمی کرنے کے لئے کوئی قدم اٹھائیں گے تو اسے وہ بالکل برداشت نہیں کریں گی اگر آپ کا شریک زندگی عقربی ہے تو وہ آنسوؤں اور ڈرامائی مکالموں سے بھرپور جھگڑے سے بے حد لطف اندوز ہوگا اور ایسے میں اگر آپ اس کا ساتھ دیں گے تو آپ کے لئے اس کی محبت مزید بڑھ جائے گی اور اگر آپ کا افسر عقربی ہے تو اسے آپ کی کمزوریوں کا علم ہوگا اور وہ ان کی نشاندہی بھی کرلے گا اگر آپ خوشامد نہ کریں لیکن اپنے اچھے پہلو اس کے گوش گزار کردیں تو وہ آپ کو ترقی دے گا۔ عقربی آدمی خود مضبوط ہوتا ہے اس لئے وہ دوسروں کی مضبوطی کی قدر کرتا ہے۔

اگر ایسا ہے تو اپنی فطرت اور مقسومی حالات کو ذیل سے پڑھئے اور اپنے آپ کو سمجھئے۔

جب کہ عقربی افراد کی پراسرار اور نامعلوم پہلوؤں کی جستجو اور تحقیق کی خواہش پلوٹو کی عطا کردہ ہے ان کا رجحان مادہ پرستی کی طرف نہیں ہوتا بلکہ وہ انسانی ذہن کے اقدامات سمجھنا چاہتے ہیں یہ جاننا چاہتے ہیں کہ کونسی باتیں لوگوں کو پسند آتی ہیں اور وہ خود کس بناء پر محسوس' سوچ اور عمل کرتے ہیں۔ نفسیات ان کا خاص مضمون ہوتا ہے اور وہ اس میں ماہر بھی ہوتے ہیں۔

عقربی آدمی یہ یقین رکھتے ہیں کہ جب وہ خود اپنے محرکات اور حرکات کا تجزیہ کرلیتے ہیں تو اس کے بعد وہ ان خصوصیات کا خاتمہ بھی کرسکتے ہیں۔ جو انکے خیال میں ناپسندیدہ ہوتی ہیں اور جو پسندیدہ ہوتی ہیں ان کی نشوونما کرسکتے ہیں ہمیشہ نہیں لیکن اکثر وہ اپنے حسد کے جذبے اور بے تحاشا شک کے مادے کو کنٹرول کرنا سیکھ جاتے ہیں اور اپنے اندر فیاضی' بے غرضی یا مضبوطی پیدا کرلیتے ہیں۔

وہ بے حد شرارتی' کہنا نہ ماننے والے' جنگلی اور ڈانواں ڈول سے نوعمر عقربی بچے جو استادوں یا والدین کے لئے دردسر ہوتے ہیں آگے چل کر اپنی بے ضابطہ قوتوں اور خواہشات کا رخ تخلیقی اور تعمیری دلچسپیوں کی طرف موڑ دیتے ہیں اور نتیجتاً اہم مصور' کامیاب لیڈر یا محبت کے قابل شخصیت بن جاتے ہیں - ہاں تفریح بہم پہنچانے کا شعبہ بھی اکثر عقربی افراد ہی کے پاس ہوتا ہے۔

ان کی دو علامات ہیں ایک تو بچھو ہے جس کے ڈنگ نے صدیوں پہلے سے ان کی رپوٹیشن خراب کردی ہے لیکن ہمیں صرف حقائق پر نظر رکھنی چاہئے یہ چھوٹا سا کیڑا صرف اس وقت ڈنگ مارتا ہے جب اس پر حملہ کیا جاتا ہے وہ خود حملے کے لئے شکار کی تلاش میں دوڑتا نہیں پھرتا اور نہ ہی وہ خود اپنے آپ کو اس حد تک ڈنگ مارتا ہے کہ مر ہی جائے اس لئے کہ خودکشی انسانی فعل ہے اور جانور اس سے لاعلم ہیں۔

تاہم عقربی افراد کو اچھا نہیں سمجھا جاتا' ظالم' انتقام لینے والا اور ایذا پہنچانے والا سمجھا جاتا ہے اور یہ ایسی خصوصیات ہیں کہ وہ آج بھی ان کے کردار کا حصہ ہیں لیکن بہت سے نیک نفس' بے غرض اور قابل بھروسہ عقربی افراد نے ماہرین نجوم کو مجبور کردیا کہ وہ بلند پرواز رکھنے والے باہمت اور نڈر شاہین کو ان کی دوسری علامت بنادیں صرف یہی نہیں بلکہ عنقا جو ایک خیالی پرندہ ہے اسے بھی بڑی بے دلی سے عقرب کی علامت سمجھا جانے لگا ہے۔

بہرحال عقربی مرد اور عورتیں عموماً وقت کے ساتھ ساتھ بہتر عقلمند اور زیادہ ہمدرد ہوتے جاتے ہیں ایسی مصیبتیں جو دوسروں کو تباہ و برباد کردیتی ہیں انہیں زیادہ عقلمند اور ہمدرد بنادیتی ہیں یہ بھی عقرب کی ازسرنو پیدائش کا ثبوت ہے۔

دائرۃ البروج	یہ آٹھواں برج ہے
عرصہ پیدائش	اکتوبر ۲۳ تا نومبر ۲۲ (اندازاً)
عنصر	آبی
ماہیت	ثابت
حاکم ستارہ	مریخ اور پلوٹو
برج کی علامت	بچھو



عقربی اکثر و بیشتر محبت میں گرفتار ہوتے رہتے ہیں اور اس میں بے پناہ شدت ہوتی ہے اپنی خوبصورت آنکھوں سے وہ عورتوں کو مسحور کرتے ہیں اور عورتیں ان کی مضبوط شخصیت کو سراہتی ہیں۔ عقربی آدمیوں کی زبردست قوت ارادی بے پہنا متاثر کن ہوتی ہے جب کوئی لڑکی پرکشش اور دھیمے لہجے میں بات کرنے والے عقربی آدمی سے ملتی ہے تو وہ محسوس کرتی ہے کہ اس کی زندگی میں وہ لمحہ آ پہنچا ہے جب اسے کوئی فیصلہ کر لینا چاہئے جب عقربی آدمی کے تنے ہوئے احساسات کوئی چھیڑ دیتا ہے تو وہ سمجھتا ہے کہ اسے محبت ہوگئی ہے اور وہ عاشق کی حیثیت سے نفاست اور وقار کی اپنے پیدائشی صلاحیتوں کو پوری قوت سے استعمال کرنا شروع کر دیتا ہے۔

چنانچہ خود بھی خوش رہتا ہے اور اپنی پسندیدہ لڑکی کو بھی خوش رکھتا ہے ایک طویل عرصے کے بعد ہی وہ لڑکی اس کی اصل شخصیت کو دیکھ پاتی ہے جس پر نرمی اور لطافت کا نہایت لطیف نقاب چڑھا ہوا ہوتا ہے ایک دن جب وہ نقاب سرک جاتا ہے تو اس کے سامنے ایک بے حد حاسد اور شکی انسان ہوتا ہے جو غصے کی حالت میں بے حد ظالمانہ الفاظ کہہ دیتا ہے کیا اس کا مطلب واقعی وہی ہوتا ہے جو وہ کہتا ہے ہاں جو کچھ وہ کہتا ہے وہی اس کا مطلب بھی ہوتا ہے اس لئے کہ اس کے نزدیک محبت اور نفرت میں زیادہ فاصلہ نہیں ہوتا صبح اس کی زبان پر تعریفی الفاظ ہوں گے تو ایک ہی گھنٹے بعد وہ لعنت ملامت کر رہا ہوتا ہے۔ اس لئے کہ اس کی عزیز ہستی نے کوئی غلط بات کہہ دی ہوگی یا کسی دوسرے آدمی کو دیکھ کر مسکرا دی ہوگی۔

عقربی آدمی کے ساتھ محبت اور شادی اس کی شریک حیات کے لئے بے انتہا خوشی اور فتح مندی لاتی ہے اس لئے کہ بے حد شاندار آدمی زندگی کا ساتھی بن چکا ہوتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ اس کی زندگی میں تباہ کن لمحات بھی آتے ہیں ایسے وہ یہ بات سوچنے پر مجبور ہو جاتی ہے کہ اس کا شوہر آدمی ہے یا شیطان ہے یہ شخص جو کل تک اس قدر نرم و لطیف طبیعت کا مالک تھا آج کس قدر جنگجو روپ میں سامنے آیا ہے۔

عقربی لڑکی کسی حد تک نادانستگی میں ایک خوبصورت عورت کی شبیہہ کی تخلیق کرتی ہے اگر وہ موٹی ہوگی تو ورزش کے ذریعے اپنے آپ کو خوبصورت بنا لیتی ہے اور اگر اس کا دہانہ خاصا بڑا ہو تو میک اپ کے ذریعے اسے خوبصورت بنا لیتی ہے۔ مختصر یہ کہ وہ آدمیوں کو خوبصورت لگتی ہے۔ وہ بے تحاشا خوبصورت نظر آنا چاہتی ہے اور لوگوں کے خیال میں وہ ایسی لگتی ہے اس کے علاوہ وہ صبر و تحمل والی، مہربان، ذہین اور خوش مزاج نظر آنا چاہتی ہے اپنے کردار اور عادات کو بہتر بنانے کی کوشش کرتی ہے بلکہ ہر لحاظ سے کامل عورت بننا چاہتی ہے۔

ایک عام انسان کو عقربی لڑکی کی یہ خواہش بچگانہ محسوس ہوتی ہے کہ کچھ لوگوں کا یہ خیال بھی ہوتا ہے کہ وہ یہ سب کچھ مقبولیت حاصل کرنے کے لئے کرتی ہے۔

عقربی لڑکیاں جو کیریئر بھی اختیار کرتی ہیں اس میں بے انتہا کامیاب رہتی ہیں ساتھ کام کرنے والوں پر حکومت کرتی ہیں اور یہ سارا کام وہ بغیر کسی خاص کوشش کے کر لیتی ہیں اور کوئی یہ نہیں جان پاتا کہ وہ رات رات بھر جاگ کر اپنے دفتری کام کا مطالعہ کرتی ہیں اور کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو کسی ایسے شخص کو فون کرتی ہیں جو ان کے کام کی پوری سمجھ رکھتا ہے۔

آدمی عقربی لڑکی کی کوشش کے سامنے بہت جلد ہتھیار ڈال دیتے ہیں صرف یہ اس کی جنسی کشش ہی نہیں ہوتی جو آدمیوں کو اپنا گرویدہ بنا لیتی ہے بلکہ اس کی شخصیت میں ایسا سکون، نرمی اور دھیما پن ہوتا ہے اور اس کی آنکھیں جس انداز میں محبت کے تاثرات کے ساتھ اپنے پسندیدہ آدمی کا جائزہ لیتی ہیں یہ ساری باتیں ایسی ہوتی ہیں کہ جنہیں با آسانی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا جو آدمی اس کی زندگی کا ساتھی بن سکتا ہے اس کی مردانگی سے وہ بخوبی آگاہ ہوتی ہے اور اگر قسمت ساتھ دیتی ہے تو وہ زندگی بھر کا ساتھی بن جاتا ہے ورنہ ایک شام ساتھ گزار لی جاتی ہے۔

عقربی لڑکی بڑی فراخدلی سے محبت کرتی ہے۔ اپنی پسندیدہ ہستی کو خوش کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتی ہے۔ لیکن عقربی آدمی کی طرح عقربی لڑکی کے مزاج میں بھی انتہا پسندی ہوتی ہے کسی بھی

معاملے میں وہ پورے کی حصہ دار بننا چاہتی ہے چنانچہ شوہر کی محبت پر بھی پوری طرح قابض ہونا چاہتی ہے جب کہ خود بے حد پراسرار ہوتی ہے اور ہر بات چھپا کر رکھتی ہے اس کے لئے شوہر پر بھروسہ کرنا آسان نہیں ہوتا وہ خود چھپ کر بہن سے ملنے چلی جائے گی اور شوہر کو کبھی ہوا بھی نہیں لگنے دے گی لیکن خود یہ چاہے گی کہ شوہر دن بھر میں کیا سوچتا ہے اور کیا کرتا ہے اس کا اسے علم ہونا چاہئے صرف یہی نہیں بلکہ رات کے ہر لمحے کا حساب بھی رکھنا چاہتی ہے اور خود کبھی یہ بات بھی شوہر کو نہیں بتاتی کہ اس کے بالوں کا اصل رنگ کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شوہر پر بھی شک کرتی ہے اور شوہر غریب یہ کہتا ہے کہ وہ کسی لڑکی کے ساتھ نہیں بلکہ اپنے ایک پرانے دوست کے ساتھ تھا لیکن وہ یقین نہیں کرتی۔

اور جب اس کا شک (جو عموماً بے بنیاد ہوتا ہے) بڑھ جاتا ہے تو عقربی لڑکی جو بے حد نرم و لطیف طبیعت کی مالک نظر آتی ہے بے حد جنگجو دکھائی دینے لگتی ہے اس لئے کہ وہ سوچتی ہے کہ وہ اکیلی ہی کیوں تکلیف اٹھائے کیوں نہ شوہر کو بھی تکلیف دی جائے اس لئے کہ اگر وہ بے وفا ہے تو اسے اس کی سزا تو بہرحال ملنی چاہئے لیکن یہ سزا وہ صرف شوہر ہی کو نہیں دیتی بلکہ خود اپنے آپ کو بھی سزا دیتی ہے۔

اس قسم کے جذباتی طوفانوں کا سامنا کرنے کی ہمت صرف چند ہی آدمیوں میں ہوتی ہے کیا اس کی یہ فطرت کبھی تبدیل بھی ہوتی ہے؟ ہاں کسی حد تک ضرور تبدیل ہو جاتی ہے شادی شدہ زندگی میں اس میں قوت برداشت زیادہ پیدا ہو جاتی ہے اور اگر ایک سے زیادہ شادیاں کر لے تو رحم دلی بھی اس میں پیدا ہو جاتی ہے۔ گھر کے کام کاج بھی بڑی مہارت سے کرنے لگتی ہے شوہر اس پر فخر کرنے لگتا ہے اور بیوی کے حسد کی وجہ سے جو تکلیف دہ لمحات اس پر آتے ہیں ان کا ذکر کبھی کسی سے نہیں کرتا عقربی لڑکی فرشتہ نہیں ہوتی لیکن جذباتی انداز میں بے تحاشا محبت ضرور کرتی ہے۔

لیموں

لیموں کا تازہ عرق ایک بیش قیمت دوا ہے۔ مرض سکربوت میں وہ ایسی مجرب دوا ہے کہ اس کا نمبر اس قسم کی ادویات سے اوپر ہونا چاہئے۔ جو دافع سکربوت ہیں اور اس کو کم از کم ۵ گرام کی مقدار میں ہر روز دو دفعہ پینا چاہئے۔ شکر ملانے سے اس کا اثر اور زیادہ ہو جاتا ہے۔ اگر مریض کمزور ہو تو اس کو بلا تکلف مقوی ادویات کے ساتھ شامل کر سکتے ہیں۔ مثلاً خیساندہ چرائتہ یا جوشاندہ پوست نیم، جب اس کو نصف مقدار پانی کے ساتھ ملا کر ہلکا کر لیا جائے تو منہ کے زخموں اور مسوڑوں کی اسفنجی حالت میں بہت نفع کرتا ہے۔ خواہ وہ زخم سکربوت کے باعث ہوں۔ یا کسی دوسرے مرض سے جب سکربوت کا مرض جیل خانہ یا دوسرے مقامات میں پھیلتا ہے۔ جہاں بہت سے آدمی جمع ہوتے ہیں۔ وہاں تندرست آدمیوں کو لیموں کا عرق تاکید کر کے پلانا چاہئے۔ کیونکہ لیموں سے زیادہ زبردست دوا سکربوت کا حملہ روکنے کے لئے آج تک کوئی دریافت نہیں ہوئی۔

چیچک، خسرہ، سرخ بخار اور دوسری قسم کے بخاروں میں جب کہ جلد گرم اور خشک رہتی ہے اور مرض کو تشنگی بیتاب کر دیتی ہے۔ اس وقت نہایت مفرح شربت لیموں کا تازہ عرق اور شکر ملانے سے تیار کیا جاتا ہے۔ یا لیمونیڈ بناتے ہیں۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ پانچ یا چھ لیموں کے چھلکے اتار کر اور ان کی آڑی قاشیں تراش کر قاشوں کے اوپر ۱۰۰ گرام کھولتا ہوا پانی چھوڑتے ہیں۔ جب سیال سرد ہو جاتا ہے۔ اس کو چھان کر شکر ملا دیتے ہیں اور مریض اس کو اپنے شوق کے موافق خوب کثرت سے پی سکتا ہے۔ امراض مذکورہ میں جب کہ منہ بالکل خشک اور چپچپا ہوتا ہے۔ تازہ لیموں کی قاشیں نمک اور سیاہ مرچ کا سفوف چھڑک کر چوستے ہیں اور یہ قاشیں مریض کو بہت خوشگوار اور مفرح معلوم ہوتی ہیں۔ لیکن جس صورت میں انتاس دستیاب ہوتا ہے وہ لیموں کی نسبت زیادہ خوشگوار اور مفرح ہوتا ہے۔ عرق چوسنے کے بعد ریشہ دار حصہ کو پھینک دینا چاہئے۔ مرض ذیابیطس میں بہت ہلکا لیمونیڈ سادہ پانی کی نسبت تشنگی رفع کرنے میں زیادہ مفید ہے۔ مرض مذکور میں مثل اور سیالوں کے اس کو کھانے کے وقت نہ پینا چاہئے۔ بلکہ درمیانی اوقات میں۔

جب پھیپھڑہ، معدہ، امعا، رحم، گردہ یا دیگر اندرونی اعضا سے خون آتا ہو۔ خصوصاً جب سیلان خون کے ساتھ بخار کی علامات بھی نمودار ہوں۔ اس وقت یہ شربت یا اس کو کسی قدر تیز کر کے کثیر مقدار میں پینے سے بہت فائدہ دیکھا گیا ہے۔ مریض کو اس اثنا میں بالکل چپ چاپ لیٹا رہنا چاہئے۔ اور اس کو حتی المقدور سرد رکھنا مناسب ہے۔

تخم جمال گوٹہ، تخم بیدانجیر، تلخ کساوا کی تازہ جڑ، مینڈیاک یا پٹی اوکاسی، زہر خواری کی حالت میں دست و قے اور دیگر اشد علامتوں کو عرق لیموں جس کو مساوی الوزن کنجی یا سادہ پانی کے ساتھ ملا کر ہلکا کر لیا ہو۔ چار یا پانچ اونس کی مقدار میں پلا دینے سے فوراً تسکین ہو جاتی ہے اس کو ضرور آزمانا چاہئے۔ اور اس سے کم و بیش آرام ضرور ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد کیسٹر آئل پوری مقدار میں پلانا چاہئے۔

مچھروں کے کاٹے کا خراش دور کرنے کے لئے مقام گزیدہ پر عرق لیموں لگانے سے بہت فائدہ دیکھا گیا ہے۔ کھلے ہوئے اعضاء پر رات کے وقت ملنے سے عرق مذکور کی نسبت ایسا بھی معلوم ہوا ہے کہ مچھروں کے کاٹنے سے معقول پناہ مل جاتی ہے۔

کیسا گزرے گا؟

آپ کی تاریخ پیدائش کے ساتھ برج اور ستارہ دیا گیا ہے- اس کے تحت اس ماہ کے حالات پڑھیں- اگر تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو تو نام کے پہلے حرف اول کے تحت پڑھیں

برج حمل۔ستارہ مریخ

حروف:- ا۔ل ۔ع ۔ی

پیدائش:- مارچ ۲۱ تا اپریل ۲۰

اس ماہ کام اور کاروبار پر اثر پڑے گا۔ والدین کے ساتھ سفر میں شریک ہونگے' شریک زندگی اور بچوں کی صحت کا خاص خیال کریں۔

مریخ ۱۶ تاریخ تک زائچے کے گیارہویں گھر میں رہے گا' پھر بارہویں گھر میں داخل ہوگا- اس ماہ دوسروں کے تعاون سے بہت کچھ حاصل کرسکیں گے وہ خاص مقاصد جن کی وجہ سے آپ کلبوں' گروپوں یا سماجی اور معاشرتی سرگرمیوں سے منسلک ہیں تو یہ ماہ ترقی پذیر اور سرگرم ثابت ہوگا- اس ماہ کسی ادارے یا کلب کا ممبر بن کے یا گروہی سرگرمیوں میں شرکت کرکے سماجی اور کاروباری حلقے کو وسعت دے سکیں گے۔ وہ افراد جو سماجی اصلاحات و سیاست اور انسانی فلاح و بہبود میں بہت دلچسپی لیتے ہیں اس ماہ انہیں مثبت اقدام کرنے کا موقع ملے گا- چنانچہ کوئی بھی جرات مندانہ قدم اٹھاتے ہوئے بالکل نہ گھبرائیں- ان تمام معاملات کے لئے ۶'۱۱'۱۶'۲۱'۲۵ تاریخ موافق ثابت ہوگی- تاہم یہ بات ذہن میں رہے کہ کواکب کے اثرات حادثات اور فساد کا سامنا کرنا آسان نہیں ہوتا ہے۔ ۱'۸'۲۳'۳۰ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت یہ عموماً اختلاف اور لڑائی جھگڑے کی نشاندہی کرتے ہیں-

۹ تاریخ کو زہرہ مریخ کی تثلیث ہورہی ہے- کچھ خبریں آپ کو ملیں گی یا کسی شخص کے آنے کی اطلاع ہوگی- کچھ وقت سیر و تفریح یا کسی شخص کے ساتھ گزارنا چاہیں گے- اس وقت جو بھی پروگرام بنائیں اس میں لچک رکھیں کیونکہ فوری نوعیت کے کام آپ کے پروگرام میں تبدیلی لاسکتے ہیں- اس وقت اپنے خیالات کو بلند رکھنا ہوگا اور تعلقات میں بہتری لانے کی کوششیں کریں- اس تاریخ کے نزدیک سفر کرنے کا موقع ملے گا- تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں-

زہرہ طالع کے مقابل گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ محبت کے معاملات اور شریک زندگی سے ہم آہنگی اور موافقت ملے گی۔ وہ افراد جن کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہوا ہے یا وہ افراد جو اس ماہ شادی کررہے ہیں۔ انہیں اپنی شریک کی خوش بختی سے کئی طرح کے فائدے ملنے کی امید ہے۔ وہ افراد جو آرٹسٹک اور ایڈورٹائزنگ کے شعبے سے منسلک ہیں۔ انہیں ایسے افراد کے ساتھ کام کرنے کا مواقع ملے گا جو ان کی صلاحیتوں کا برملا اظہار کریں گے اور انہیں موقع فراہم کریں گے جس سے مالی فائدہ بھی حاصل ہو۔ فلم' موسیقی اور تھیٹر سے تعلق رکھنے والے افراد بھی اس ماہ معاہدات کرکے اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کریں گے۔ زہرہ ۲'۶'۱۱'۱۶'۲۵'۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں خانگی تعلقات اور خاندانی تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے دعوت کا انعقاد' نسبت یا منگنی کے لئے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔

۲۶ تاریخ کو عطارد مریخ کی تربیع ہوگی- کاروباری معاملات' پیشہ وارانہ امور اور سرمایہ کاری کے لئے زیادہ بہتر مواقع حاصل نہ ہونگے- یہ ایسا وقت ہے کہ جب بغیر سوچے سمجھے اگر کسی نئے کاروبار میں حصہ لیا یا کسی جلد منافع دینے والی اسکیم میں لگایا تو فائدے کی امید نہ رکھیں- گھر والوں کے مطالبات بھی پریشانی کا سبب بنیں گے- شریک زندگی کے ساتھ تعلقات میں کوئی نہ کوئی بات ذہنی پریشانی کا سبب بنے گی-

۲۸ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا- یہ وقت کاروبار کو ترقی دینے' معاہدات اور سرمایہ کاری کے نئے راستے تلاش کرنے میں معاون ثابت ہوگا- حالات میں تبدیلی اور ذہنی سوچ میں وسعت

پیدا ہوگی۔ اہم افراد کے ساتھ ملاقاتیں کریں تاکہ کاروباری معاہدات میں ان سے تعاون حاصل ہو۔ وہ افراد جو آرٹسٹک کاموں کا رجحان رکھتے ہیں اور ایڈورٹائزنگ کے ذریعے اپنی اشیاء کی بہتر طریقے سے مارکیٹنگ کریں۔ اس دن خانگی تعلقات اہمیت اختیار کر جائیں گے۔ بلکہ عملی طور پر کسی نئی اسکیم کو وجود میں لائیں اور اہم معاملات طے کریں۔

عطارد سارا ماہ زائچے کے نویں گھر میں رہے گا اور ۱۸ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ چنانچہ وہ افراد جو تدریسی سرگرمیوں یا قانونی معاملات میں ملوث ہیں یہ ماہ ان کے لئے تسلی بخش ترقی لائے گا۔ لمبے سفر اور دور دراز خط و کتابت کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔ عطارد ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۷ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ یہ تاریخیں کاروباری قانونی اور آفیشل معاملات کے ساتھ ساتھ تفریحی نوعیت کے سفر کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ اگر کسی معاملے سے متعلق گفت شنید کرنے والوں میں آپ بھی شامل ہیں یا کسی جگہ تقریر یا اظہار خیال کے لئے آپ کو مدعو کیا ہے تو ان تاریخوں کا انتخاب کریں جب عطاردی نظرات آپ کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ کرے گا اور آپ کی حاضر جوابی کو کئی گنا بڑھا دے گا۔ تاہم اگر آپ ۲، ۷، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو سفر کر رہے ہیں تو ان دنوں بے حد محتاط رہیں اگر پبلک ٹرانسپورٹ سے سفر کر رہے ہیں تو سفر کے آغاز کے وقت کو دوبارہ چیک کر لیں۔ قانونی یا آفیشل نوعیت کی بحث میں حصہ لینا ہے تو شارٹ کٹ اختیار کرنے سے گریز کریں۔

رسالہ روحانی دنیا کی اشاعت میں اضافہ آپ کا علمی و دینی فریضہ ہے

اس ماہ قریبی افراد کی باتوں سے مخالفت کی سوچیں ابھریں گی' محبت کے تعلقات بگڑ جائیں گے۔ جائیداد کے معاملات اور گھر کی تبدیلی کے لئے اور گھر کی تلاش میں ہیں تو یہ وقت خوشی کا باعث ہوگا۔

زہرہ زائچے کے چھٹے گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ اس کی موجودگی کاروباری امور میں بہتری لائے گی۔ کام اور کاروبار کو نئی سوچ اور ترجحات کے ذریعے ترقی دینے کی کوششیں بارآور ثابت ہونگی۔ لوگوں کے ذریعے فائدہ اٹھانے کا موقع حاصل ہوگا۔ روپیہ کمانے اور سرمایہ کاری کو بڑھانے کے لئے نئے ذرائع آمدن تلاش کرنے کی طرف توجہ دینی پڑے گی۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ' تھیٹر اور آرٹسٹک کاموں سے منسلک ہیں انہیں اپنے کام کو ترقی دینے کے لیے شعبے میں اپنی مہارت اور تخلیقی صلاحیتوں کے ذریعے مقام حاصل کرنا ہوگا تاکہ نئے معاہدات کر کے مالی فائدہ حاصل کر سکیں گے۔ ملازمت کے حصول میں کامیابی ہوگی۔ روزگار کو بڑھانے کے لیے سیلز گرل کے ذریعے فائدہ حاصل کر سکیں گے۔ زہرہ ۲، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۵، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۹ تاریخ کو زہرہ مریخ کی تثلیث ہو رہی ہے۔ شادی یا نسبت کے معاملات اس وقت بہتر ثابت ہوں گے جن لوگوں سے معاملات طے کریں گے وہ آپ کو فائدہ میں رکھیں گے۔ قریبی لوگوں کے لئے جو تحائف خریدیں گے یا ان سے محبت کا تعلق قائم کرنا چاہتے ہیں تو لوگ آپ کے ان جذبات کی قدر کریں گے۔ قریبی دوستوں کے ذریعے آپ کو فائدہ ملے گا۔ ایسے افراد جو وقتاً فوقتاً آپ کی مخالفت کرتے رہتے ہیں یا آپ کی ہر بات کو رد کر کے اپنی بات منوانا چاہتے ہیں تو اس وقت حکمت عملی سے کام لیں تاکہ تعلقات کو بہتر بنایا جا سکے۔

عطار سارا ماہ زائچے کے آٹھویں گھر میں رہے گا اور ۱۸ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ اس کی موجودگی شراکت داری اور قانونی معاملات، بیرون ملک سفر کے علاوہ ملازمت میں ترقی کرنے اور اپنی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لئے جو کوششیں کریں گے وہ فائدہ مند ثابت ہونگی۔ لوگوں سے رابطہ کرنے اور اپنی مرضی کے مطابق قریبی لوگوں سے فائدہ اٹھانے کے مواقع فراہم کرے گا۔ اس ماہ بیرون ملک کے سفر سے اپنی زندگی میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں تو اخبارات' رسائل اور انٹرنیٹ سے مدد حاصل کریں۔ تعلیمی سرگرمی اور دوستوں کے ساتھ مل کر کسی شراکتی کام یا مشاغل کے کام کو آگے ترقی دینے سے مالی فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں۔ اپنی امیدیں اور توقعات کے حصول کے لیے ملنے جلنے والے افراد سے فائدہ اٹھائیں یا کسی خاص شعبے میں اپنی صلاحیتوں کو بہتر کرنے کے لئے حصہ لینا بھی موافق ثابت ہوگا۔ عطار ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۶ تاریخ عطارد مریخ کی تربیع ہوگی۔ یہ وقت شراکت داری کے معاملات میں اختلافات کا باعث بنے گا۔ یعنی رشتہ داروں کے ساتھ یا گھر کے افراد کے ساتھ جو کاروبار کر رہے ہیں اس میں روپے کے معاملات اور ذرائع آمدن سے متعلق جھگڑا ہونے کا اندیشہ ہے آپ کی سوچ اور خیالات علیحدگی کی طرف بھی مائل ہونگے۔ اس دن کے نزدیک جو کاروباری یا سرمایہ کاری کے لیے معاہدہ کریں۔ وہ تحریری اور قانونی طور پر مکمل ہونا چاہئے ورنہ روپے کا نقصان ہوگا یا قریبی افراد موقع پر دھوکہ دیں جائیں گے۔ غیر ضروری اخراجات سے گریز کریں۔

۲۸ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ ان افراد کو فائدہ ملے گا جو مارکیٹ میں سرمایہ کاری کرتے ہیں اور انعامی اسکیم میں حصہ لیتے ہیں۔ وہ کاروباری افراد جو اس ماہ شیئرز یا بانڈز خرید رہے ہیں انہیں بہتر مالی منافع حاصل ہونے کی توقع ہے۔ اس دن کاروباری معاہدات اور اہم لوگوں سے

تعاون حاصل کرنا ہوگا۔ اپنی حیثیت منوانے کے لئے عزت و وقار میں اضافہ کرنا ہوگا۔ کاروبار کو وسیع کرنے کے لئے اس کی بنیاد اور اہم معلومات اکھٹی کریں۔ گھر میں کسی شخص کی خوش بختی سے مالی فائدہ حاصل ہوگا۔

مریخ ۱۶ تاریخ تک وتد السماء پر رہے گا' پھر نویں گھر میں داخل ہوگا۔ کیریئر میں ترقی کرنے اور روزگار اور صحت کی بہتری کے لئے کوششیں موافق ثابت ہوگی۔ یہ وقت ذہنی صلاحیتوں کے ساتھ جسمانی قوت میں پوری مدد کرے گا۔ لوگوں کو اعتماد میں لیں ان سے فائدہ اٹھا کر اپنے لئے جگہ بنائیں۔ وہ افراد جو کسی خاص ٹیکنیکل یا انجینئرنگ کے شعبے سے منسلک ہیں تو اپنی صلاحیتوں کے ذریعہ ترقی کریں گے۔ یہ ماہ کام کے اعتبار سے زیادہ محنت لائے گا۔ لہذا جسمانی اور ذہنی ورزش کے لئے بھی وقت نکالیں اور ذہنی سکون حاصل کریں۔ مریخ ۶'۱۱'۱۶'۲۱'۲۵ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا ان دنوں حتمی فیصلہ اور باقوت قدم اٹھانا ہی بہتری کے آثار پیدا کرے گا۔ تاہم ۱'۸'۲۳' ۳۰ تاریخ کو محتاط رہیں۔ ان دنوں غصہ یا اشتعال نقصان دے گا۔

برج جوزا ستارہ عطارد

حروف:۔ ک۔ق

• پیدائش:۔ مئی ۲۲ تا جون ۲۱

اس ماہ جوزاوی افراد اپنی دلچسپیوں سے روپیہ کمانے کی خواہش کو عملی جامہ پہنا سکیں گے۔ ہر کام دوسروں سے مل کر مکمل کر سکنے کی پوزیشن میں ہونگے۔

عطارد سارا ماہ ساتویں گھر میں رہے گا اور ۱۸ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں اور دینوی مقاصد کی طرف رجحان رہے گا اس سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ آگاہی فراہم کرے گا۔ یہ وقت کاروباری گفت شنید یا قانونی پیچیدگیوں کو سلجھانے اور مشورہ کرنے کے لئے موافق ثابت ہو گا۔ اس ماہ خط و کتابت یا دور دراز علاقے جانا یا بیرون ملک سفر' کاروباری یا تعلیمی نوعیت کا سفر' ہر طرح سے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ شریک زندگی سے متعلقہ معاملات اور اپنے کام اور کاروبار کے سلسلے میں معاہدات' تحریری امور یا رابطے کئی طرح سے فائدہ دیں گے۔ لوگوں کے تعاون سے بہتر رہنمائی حاصل ہوگی۔ یہ وقت بہتر ملازمت کے سلسلے میں خط و کتابت یا دوسرے کے تعاؤں سے اپنا راستہ بنانے میں فائدہ مند ثابت ہوگا۔ والدین اور خاندان والوں کے ساتھ ہم آہنگی پائی جائے گی۔ عطارد ۴'۹'۱۴'۱۹'۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۹ تاریخ کو زہرہ مریخ کی تثلیث ہو رہی ہے۔ کیریئر' جاہ طلبی اور ملازمت کے سلسلے میں ایسے لوگوں سے واسطہ پڑے گا جو آپ کے لیے مددگار ثابت ہونگے۔ ہوسکتا ہے کوئی آپ کے کام اور روزگار میں مشکلات پیدا کرے یا ہوسکتا ہے کہ آپ کی ترقی کو روک دے۔ اس وقت آپ کے خیالات بے حد بے ترتیب ہوں گے سنجیدگی کے ساتھ کام پر توجہ دیں اور ایسے کام کرنے کی طرف زیادہ متوجہ ہوں گے جس میں روپیہ کا حصول آسان ہو۔ اپنی آمدنی کے ذرائع کو خفیہ رکھنا چاہیں گے۔ فلاحی کاموں کے سلسلے میں جن لوگوں سے رابطہ کریں گے وہ ضرور تعاون کریں گے۔

مریخ ۱۶ تاریخ تک زائچے کے نویں گھر میں رہے گا' پھر دسویں گھر میں داخل ہوگا۔ یہ آپ کے کاروباری سفر' قانونی اور آفیشل کاموں میں بہتری کے مواقع لائے گا۔ اس ماہ روحانی علوم سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ کریں۔ تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے کر یا پھر ذہنی صلاحیت اور کھیل کے ذریعہ جسمانی قوت کو بڑھا سکیں گے۔ اس ماہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بیرون ملک سفر کر رہے ہیں تو کچھ مسائل کا سامنا رہے گا۔ اپنی قائدانہ اور مہم جو فطرت سے فائدہ اٹھائیں گے۔ اس ماہ بین الاقوامی تعلقات کو اہمیت دیں گے۔ مذہب کی طرف لگاؤ ہوگا۔ تعمیری کام' ٹیکنیکل اور مشینری سے متعلقہ کام میں غیر ضروری اخراجات سے پریشانی اور ٹینشن ہوگی۔ مریخ ۶'۱۱'۱۶'۲۱'۲۵ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں اپنے اہم کام کو آگے بڑھائیں اور قانونی و آفیشل معاملات کو حل کرنے کے لئے مشورہ طلب کریں۔ تاہم ۱'۸'۲۳' ۳۰ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔ جب یہ غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔

۲۶ تاریخ کو عطارد مریخ کی تربیع ہوگی' اسے معاملات جن میں ادویات' ہسپتال اور رفاعی سرگرمیوں سے متعلق ہوں ان میں دشمنی نکالنے اور نقصان دینے میں غلط بیانی سے کام لیں گے۔ تعلقات میں حسد کا جذبہ زیادہ بڑھ جائے گا۔ بہتر مواقع حاصل کریں۔ یہ ایسا وقت ہے کہ بغیر سوچے سمجھے کسی کام میں خرچ نہ کریں۔ جس سے بھی معاہدہ یا لین دین کریں وہ تحریری ہو ورنہ نقصان ہو گا۔ گھر والوں کے مطالبات بھی پریشانی کا سبب بنیں گے۔ شریک زندگی کے ساتھ تعلقات میں کوئی نہ کوئی بات ذہنی پریشانی کا سبب بنے گی۔

۲۸ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہو گا۔ خاص طور پر ان افراد کے لئے موافق ثابت ہو گا جو زمین' مکان' کی خرید و فروخت کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں جو معاہدہ ہو۔ اس میں مالی منافع حاصل ہونے کی توقع ہے۔ والدین کی جائیداد سے کاروبار کو وسیع کرنے اور بااختیار افراد سے تعاون حاصل کرنے میں آسانی رہے گی۔ ذاتی کردار کی وجہ سے لوگوں میں مقام قائم کر سکیں گے۔ اس ماہ اگر عملی طور پر اسکیم کو وجود میں لا رہے ہیں تو یہ منافع بخش رہے گی۔ اس دن کے نزدیک خاندانی امور میں خواتین کے کسی معاملے میں ذمہ داری قبول نہ کریں۔

ستارہ زہرہ زائچے کے پانچویں گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ اس کی موجودگی محبت کے معاملات' انعامی اسکیموں' اولاد سے متعلق تعلیمی سرگرمیاں اور خاندانی امور میں مصروفیت آئے گی۔ نئے لوگوں سے دوستی ہوگی جو کئی معاملات میں تعاون کریں گے۔ وہ افراد جو اپنی قسمت بدلنے کی کوشش میں لگے ہیں انہیں مواقع حاصل ہونگے۔ تخلیقی سرگرمیوں میں اپنے فن کو ترقی دینا چاہتے ہیں اور اپنے شوق کو بھی آگے لانا چاہتے ہیں تو ان دنوں کی کوشش کامیابی و مالی فائدہ کا باعث بنے گی۔ اس ماہ خط یا خبر خوشی دے گی۔ کوئی شخص آپ کی زندگی میں آئے گا۔ جس سے محبت کا عنصر داخل ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ گروہی یا سوشل سرگرمیوں میں لوگوں کے ذریعے

آمدن کے نئے ذرائع بنانے میں آسانی ہوگی۔ وہ افراد جو مختلف کھیلوں' معموں یا لاٹری کے کاموں میں حصہ لیتے ہیں۔ انہیں بھی قسمت آزمائی کے موقع ملے گا۔ زہرہ ۲'۶'۱۱'۱۶'۲۵'۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

برج سرطان۔ستارہ قمر

حروف:- ح۔ہ

پیدائش:- جون ۲۲ تا جولائی ۲۳

یہ ماہ زائد مصروفیت لائے گا۔ اپنے ذاتی روپے سے متعلق مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ روزگار کے کاموں میں سست روی آئے گی۔ جس کی وجہ سے معمول سے زیادہ بے چینی اور بے صبری بھی ہوگی۔

مریخ ۱۶ تاریخ تک زائچے کے آٹھویں گھر میں رہے گا' پھر نویں گھر میں داخل ہوگا۔ کاروباری شراکت داری اور شریک زندگی کے مالی امور میں زائد دلچسپی فائدہ مند رہے گی۔ دوسروں لوگوں کے روپے میں آپ کی دلچسپی بڑھ جائے گی۔ آپ اس کے حصول میں کسی بھی حد تک جانے کی کوشش کریں گے۔ یہ وقت ذہنی خرابی لاتا ہے۔ خواہشات کو غلط طریقے سے پورا کرنے کا رجحان ہوگا۔ اس ماہ خاندانی افراد کے درمیان میراث اور ترکہ سے متعلق اختلافات جنم لیں گے۔ ٹینشن ملے گی۔ غصہ اور جلد بازی سے بھی نقصان ہوگا۔ شراکت داری میں منافع نیت کو بدل سکتا ہے۔ اہم چیزوں کا خیال رکھیں گم یا چوری ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔ مریخ ۶'۱۱'۱۶'۲۱'۲۵ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم ۱'۸'۲۳'۳۰ تاریخ کو محتاط رہیں۔ ان دنوں کے نزدیک حادثہ یا جھگڑا ہونے کا زیادہ اندیشہ ہے۔

۹ تاریخ کو زہرہ مریخ کی تثلیث ہورہی ہے۔ اس وقت آپ کے ذہن میں ایسے خیالات جنم لیں گے کہ کس طرح دوسرے لوگوں سے فائدہ اٹھایا جائے۔ اس وقت آپ کی تخلیقی قوتیں بڑھ جائیں گی۔ ذہن میں بے شمار خیالات اور سوچیں آئیں گی اور ایسے کام کرنے کی طرف آپ کو لگائیں گی جس میں خوشامدانہ طریقہ اپنا کر اور سبز باغ دکھا کر دوسرے کو کسی نہ کسی دھوکے میں رکھا جائے۔ ایسی تمام سوچیں مثبت نہ ہوں گی اور آپ کے لئے مشکلات پیدا کریں گی۔

زہرہ زائچے کے چوتھے گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ اس ماہ زیادہ تر وقت گھر سے متعلقہ افراد کو دیں گے۔ اپنے اردگرد کے ماحول کو تبدیل کرنے کی خواہش ہوگی۔ اس سلسلے میں نئی اشیاء کی خریداری کریں۔ نئے تعلقات بنیں گے اور کسی نئے شخص کی آمد خوشیاں لائے گی۔ یہ ماہ والدین کے ساتھ معاملات میں ہم آہنگی لائے گا۔ وہ افراد جو سیر و تفریح کی غرض سے چھٹیاں لے رہے ہیں۔ انہیں خوشگوار وقت میسر آئے گا۔ بلکہ ذہنی اور قلبی سکون محسوس کریں گے۔ سوشل زندگی ہو یا سماجی زندگی لوگوں سے ملنے ملانے اور ان کے ذریعے نئے لوگوں سے متعارف ہونے کا موقع ملے گا۔ ان افراد کو ذرائع آمدن بڑھانے کے لئے نئے راستے تلاش کرنے ہونگے۔ وہ افراد جو آرٹسٹک امور' فیشن' ڈیزائننگ' کھانے پکانے میں دلچسپی رکھنے والے افراد اپنی اعلیٰ صلاحیتوں سے کھانے کے شوقین افراد کو نئے ذوق سے روشناس کرائیں گے۔ زہرہ ۲'۶'۱۱'۱۶'۲۵'۲۹ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

۲۶ تاریخ کو عطارد مریخ کی تربیع ہوگی۔ اس دن کے نزدیک دوستوں اور قریبی کام کرنے والوں کے ساتھ معاملات میں احتیاط رکھیں۔ مشین کا نقصان یا کام کی خرابی غصہ کو بڑھکا دے گا۔ حکمت عملی اور درگزر سے کام لیں۔ گھریلو مسائل اور خاندانی جائیداد سے متعلق امور میں اختلافات آئیں گے۔ آمدنی میں کمی کے باعث چڑچڑاپن اور ذہنی سکون ختم ہوسکتا ہے۔ اس وقت بچت کرنے والی اسکیموں کی طرف توجہ نہ دیں۔ دوسروں سے مدد کی توقع نہ رکھیں یہ وقت ایسا ہے کہ پوری لگن سے محنت کرکے ذرائع آمدن کو بڑھا سکیں گے۔

۲۸ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ان افراد کے لئے موافق ثابت ہوگا جو سرمایہ کاری اور پیشہ وارانہ معاملات طے کررہے ہیں۔ اس وقت جو ملاقاتیں یا معاہدات ہونگے ان کے بہتر نتائج حاصل ہونگے دیگر ذرائع (شیئرز' بانڈز یا انعامی اسکیموں) سے کمانا چاہتے ہیں تو ان کے ذریعے فائدہ حاصل ہونے کی امید ہے۔ اس وقت کاروبار کو وسیع کرنے اور بااختیار افراد کے ساتھ تعلقات بڑھانے' دعوت کا انعقاد یا عزیز رشتہ داروں کے ہاں کسی خاص تقریب میں شرکت کرنی موافق ثابت ہوگی۔ کاروبار اور مالی تحفظ حاصل کرنے کے لئے مشورے بہتر رہیں گے بلکہ نئی سوچ سے آگاہ ہونگے۔

عطارد سارا ماہ زائچے کے چھٹے گھر میں رہے گا اور ۱۸ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے' میل جول بڑھائیں' تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں یہ آپ کی امیدوں کی بھی تکمیل کروائے گا۔ اس ماہ سفر بھی خوشگوار ثابت ہونگے۔ تحریری کاموں' اخبارات و رسائل کے ذریعے ادبی حلقوں میں اپنے آپ کو روشناس کروانے میں مدد ملے گی۔ شریک زندگی کے ساتھ بہتر ماحول قائم ہوگا۔ رابطہ کریں اور نئی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ ٹیکنیکل ایشوز پر بحث کریں تاکہ ذہن کو ایک نئی راہ ملے۔ اپنے کام اور کاروبار میں ترقی کرنے' نئے رجحانات کے ذریعے روپیہ کمانے اور شعوری کوششیں بہتر ثابت ہونگی۔ عطارد کی موجودگی میں جو خط و کتابت ہوگی اس کا جواب ضرور ملے گا۔ ملازمین کے ساتھ بہتر رابطے کام کی رفتار کو تیز کردیں گی۔ تاہم جسمانی صحت کی طرف سے پوری طرح آگاہ ہونا ضروری ہے۔ اپنی ذہنی و جسمانی قوت کو بڑھانے کی ضرورت ہوگی۔ عطارد ۴'۹'۱۴'۱۹'۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

برقی فیتہ

یہ فیتہ صرف بچوں کے لئے ہے۔ اس کو گلے میں ڈالنے سے بچوں کے دانت بغیر کسی مشکل اور تکلیف کے نکلتے ہیں۔ دانت نکلنے سے بچوں کو جو تکلیفیں ہوجاتی ہیں۔ مثلاً دست آنا' آنکھیں دکھنا' درد' بخار طبیعت کا چڑچڑاپن وغیرہ ان سب سے بچہ محفوظ رہتا ہے۔ اگر اس برقی فیتہ کو ایسے درخت پر باندھ دیں جس پر کیڑے پیدا ہوکر اسے تباہ کررہے ہوں۔ تو کیڑے دور ہوجائیں گے۔ ہدیہ ۲۰۰ روپے محصولڈاک ۴۰ روپے

برج اسد۔ستارہ شمس

حروف:۔ م

پیدائش:۔ جولائی ۲۴ تا اگست ۲۳

اس ماہ اکثر اسدی افراد کو مالی معاملات کی طرف بھرپور توجہ دینے پر مجبور ہونا پڑے گا۔اس ماہ آپ کی شخصیت میں نکھار آئے گا اور لوگ آپ کی طرف متوجہ ہونگے۔

مریخ ۱۶ تاریخ تک طالع کے مقابل رہے گا' پھر آٹھویں گھر میں داخل ہو گا۔ لہذا نئے تعلقات کا انجام تیزی سے منگنی اور شادی کی صورت میں نکل سکتا ہے۔انہیں جذباتی سکون اور خوشی کے ساتھ ساتھ مادی اقبال مندی بھی حاصل ہوگی۔اس ماہ سماجی سرگرمی' سوشل زندگی اور سیر وتفریح بھی زائد رہے گی۔اور زندگی کے لطیف پہلو پر توجہ دینے کے لئے آپ کے پاس زائد وقت اور روپیہ دونوں چیزیں ہونگی۔ کوا کبی رجحانات تخلیقی اور آرٹسٹک سرگرمیوں کی موافقت میں ہوگی۔ چنانچہ اگر آپ نئے خیالات کے اظہار کے لئے وسیع میدان کے خواہاں ہیں تو اب خوش قسمت مواقع حاصل ہونے کا وقت آپہنچا ہے۔ وہ افراد جو فیشن' آرٹ کے پیشوں یا فلم اور تھیٹر کی دنیا میں ترقی کے خواہش مند ہیں اس ماہ کامیابی حاصل کریں گے ۔ مریخ ۶'۱۱'۱۶'۲۱'۲۵ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم مریخ طالع کے مقابل ۱'۸'۲۳'۳۰ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ آپ کو مخالفت کا سامنا ہوگا اگر آپ کچھ خاص لوگوں کا ساتھ دینا چاہتے ہیں جو آپ کے خیال میں حق پر ہیں تو آپ کو بہت احتیاط اور حکمت عملی سے کام لینا پڑے گا۔

۹ تاریخ کو زہرہ مریخ کی تثلیث ہورہی ہے۔قریبی رشتہ داروں اور دیگر دوستوں کے ساتھ تعلقات گھریلو ہوں یا کاروباری دونوں طرح احتیاط رکھنی ہوگی۔ کچھ باتیں غلط فہمی پیدا کریں گی۔ ہوسکتا ہے کہ آپس کے لین دین میں فریب یا دھوکے بازی ہو۔ اس وقت ذہنی ٹینشن بڑھ جائے گی۔ اپنی صحت کے معاملات کی طرف توجہ رکھیں۔ کام اور کاروبار کے معاملات میں مشکلات سے واسطہ پڑے گا۔ کچھ لوگ ضرورت سے زیادہ تنگ کریں گے۔ لہذا ذہنی سکون کے لئے ورزشیں اور مراقبہ کریں۔

زہرہ زائچے کے تیسرے گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا ۔رشتہ داروں کے ساتھ میل ملاقات میں بہتری آئے گی۔گروہی سرگرمیوں میں زیادہ حصہ لیں گے' امکان ہے کہ کوئی نیا تعلق قائم ہوگا جس سے کسی نئے شخص کی زندگی میں آمد ہوگی۔ دوست اس وقت مددگار اور پرخلوص ثابت ہونگے۔ ہر سطح پر تعلقات کو خوشگوار بنانے میں مدد ملے گی اور سوشل زندگی کو زیادہ تسلی بخش بنا سکیں گے۔ زہرہ محبت کا ستارہ بھی ہے۔ چنانچہ آپ خواہ شادی شدہ ہوں یا غیر شادی شدہ' جذباتی معاملات کے لحاظ سے یہ وقت بہت خوشگوار ثابت ہوگا۔ زہرہ ۲'۶'۱۱'۱۶'۲۵'۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ وہ افراد جو موزوں شریک زندگی کی تلاش میں ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت خاص طور پر موافق ثابت ہوگا۔ دور دراز علاقے میں جا کر چھٹیاں گزارنے اور روزمرہ معمولات سے دور رہ کر کچھ وقت خوش گوار لمحات گزارنے کے لیے موافق رہے گا۔

۲۶ تاریخ کو عطارد مریخ کی تربیع ہوگی۔ کیریئر اور جاہ طلبی کے معاملات میں احتیاط رکھیں۔ اس وقت ملازمت سے متعلق کوئی فیصلہ نہ کریں۔ غلط فیصلے سے کئی معاملات التواء کا شکار ہوں گے۔ ذہنی بے چینی اور غصہ انتشار میں مبتلا کرے گی۔ دوستوں کے ساتھ اور قریبی رشتہ داری میں اس وقت کئی معاملات غلط فہمی کا شکار ہوں گے۔ خاندانی تعلقات بھی متاثر ہوسکتے ہیں۔ کسی بھی معاملے کو آگے بڑھانے کی کوشش نہ کریں غیر ضروری اور بے جا اظہار خیال کے ذریعے دوسرے کو تکلیف نہ دیں۔

۲۸ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ خاص طور پر سرمایہ کاری سے متعلق معاہدات' اعلی طبقہ کے لوگوں میں اپنے آپ کو متعارف کروائیں' سماجی سرگرمیوں میں حصہ لیں اور اگر کاروبار کو وسیع کرنے کے لئے نئی اسکیم بنا رہے ہیں تو اس کے لئے عملی اقدامات بے حد فائدہ مند رہیں گے۔ اس دن اپنی آرٹسٹک صلاحیتوں کے اظہار کے لئے کوشش کریں اور اپنے کام سے لوگوں کو متعارف کروائیں۔

عطارد سارا ماہ زائچے کے پانچویں گھر میں رہے گا اور ۱۸ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ اس گھر میں موجودگی قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے' میل جول بڑھانے اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی کوشش بہتر رہیں گی۔ یہ وقت آپ کی امیدوں کی تکمیل کروائے گا۔ اس ماہ سفر بھی خوشگوار ثابت ہونگے۔ تحریری کام' اخبارات ورسائل کے ذریعے ادبی حلقوں میں اپنے آپ کو روشناس کروانے میں مدد ملے گی۔ زیادہ تر قسمت کے نمبر، بانڈز کے نمبر اور بیرونی کرنسی کے حصول اور اس میں انوسٹمنٹ کر کے اپنے مال و اسباب کو تیزی سے بڑھانے کی کوشش فائدہ دے گی۔ جو خط و کتابت ہوگی اس کا جواب ضرور ملے گا۔ ملازمین کے ساتھ بہتر رابطے کام کی رفتار کو تیز کردیں گے۔ تاہم جسمانی صحت کی طرف سے پوری طرح آگاہ ہونا ہوگا۔ اپنی ذہنی و جسمانی قوت کو بڑھا کر بے سکونی کو دور کرسکیں گے۔ عطارد ۴'۹'۱۴'۱۹'۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

برج سنبلہ۔ستارہ عطارد

حروف:۔ ب۔ غ

پیدائش:۔ اگست ۲۴ تا ستمبر ۲۳

اس ماہ کا آغاز کافی مصروفیت لائے گا۔ دوستوں کا آنا جانا اور گھر میں مہمان زائد آئیں گے اور سیر وتفریح کے مواقع میسر آئیں گے۔

ستارہ عطارد سارا ماہ زائچے کے چوتھے گھر میں رہے گا اور ۱۸ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ اس

کی موجودگی گھر اور گھر کے مسائل حل کرنے' والدین کے ساتھ مل کر گھر کی حالت بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ اگر گھر تبدیل کر رہے ہیں یا کسی جگہ کی خریداری کر رہے ہیں تو ان سے متعلقہ معلومات حاصل کریں تاکہ گھر والوں کے لئے بہتر آسائش مہیا کر سکیں۔ اس ماہ ذہنی بے چینی ہو گی، ہر طرح سے زندگی میں تبدیلی لانا چاہیں گے۔ زمین اور جائیداد کو خرید و فروخت کر کے بہت کچھ حاصل کر سکیں گے۔ اس ماہ بحث مباحثہ اور لوگوں کو الفاظ کے جادو سے اپنا پن دیکھا کر خریداروں کے دل مول سکتے ہیں۔ اس ماہ خط یا خبر ملے گی تو سفر کرنے پڑیں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں یا کسی علم و فنون کسی شعبے میں داخلہ لینا بھی ضروری ہوگا۔ محبت کے معاملات ہوں یا قسمت بدلنے کے' کسی کھیل یا انعامی اسکیم میں حصہ لے کر روپیہ کمانے کی کوشش کریں۔ عطارد ۴'۹'۱۴'۱۹'۲۷ تاریخ کو سعد نظرات بنائے گا۔ ان دنوں تحریری امور' پبلشنگ اور نئی معلومات حاصل کرنے میں لوگوں کی مدد حاصل رہے گی۔

۹ تاریخ کو زہرہ مریخ کی تثلیث ہو رہی ہے۔ اس وقت کچھ قریبی لوگ آپ کو نئے آئیڈے دیں گے یا کسی کام میں شامل ہونے کی پیشکش کریں گے۔ آپ کے ذہن میں اس وقت نت نئے خیالات تخلیقی خیالات آئیں گے اور دوسروں کو بہتر مشورہ دے سکیں گے۔ کام اور کاروبار کے لحاظ سے بھی تبدیلیاں کرنے کے موڈ میں ہوں گے۔ قریبی لوگوں کے خیالات اور ان کے الفاظ پر ضرور غور کریں تو غلط فہمیاں پھیلائیں جائیں گی ان سے آگاہ ہو سکیں گے۔ اپنی آمدنی کے معاملات اپنی حد تک رکھیں۔

مریخ ۱۶ تاریخ تک زائچے کے چھٹے گھر میں رہے گا' پھر ساتویں گھر میں داخل ہوگا۔ جس کا تعلق کام اور صحت کے معاملات سے ہے چنانچہ اس ماہ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات بہت نمایاں رہیں گے۔ لہذا بہت سے مختلف افراد کی کوئی خواہش پوری ہو جائے گی۔ اب انہیں ماضی کی کوششوں کا اجر بھی ملے گا۔ آپ اپنا کام محنت و لگن سے کرتے ہیں اور بڑے لوگوں کی نظر میں پوزیشن اچھی ہے اور کام سے مطمئن ہیں تو ترقی' مرتبے اور حیثیت میں اضافہ لازمی ہے جب کہ وہ افراد جو کاروباری ہیں یا وہ جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔ جو اطمینان بخش ترقی لائے گا ان معاملات کے لئے ۶'۱۱'۱۶'۲۱'۲۵ تاریخ موافق ثابت ہو گی۔ لہذا ان دنوں اہم معاملات اور دلچسپیوں کو تیزی سے آگے بڑھائیں۔ اس رجحان کے تحت صحت بھی اچھی رہے گی۔ ۱'۸'۲۳'۳۰ تاریخ کو محتاط رہیں زیادہ محنت والا کام نہ کریں کیونکہ ان دنوں حادثہ پیش آ سکتا ہے۔ اس ماہ کو یقیناً حوصلہ افزاء اور موافق پائیں گے۔

۲۶ تاریخ کو عطارد مریخ کی تربیع ہوگی۔ قریبی لوگوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی کی وجہ سے دوستی اور ملازمت ختم ہو سکتی ہے۔ جائیداد اور میراث سے متعلقہ کام میں رکاوٹیں حائل ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ لوگ پریشان کن حد تک تکلیف دہ ثابت ہوں گے اور غیر یقینی کی حالت رہے گی۔ جس جگہ اور جو کام آپ کر رہے ہیں اسی کی طرف توجہ دیں۔ قریبی رشتہ داری اور سسرالی رشتہ داروں کے ساتھ احتیاط کے ساتھ تمام امور میں حصہ لیں۔ تاہم کسی بھی اہم فیصلہ کرنے میں شامل نہ ہوں۔

۲۸ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ یہ وقت پیشہ وارانہ معاملات طے کرنے' اہم طبقہ کے افراد میں اپنی اہمیت کو اجاگر کرنے' اپنے آپ کو متعارف کروانے کے لئے دعوت دیں۔ کلب میں دوستوں کے ذریعے ان اہم افراد تک رسائی حاصل کریں جو کاروباری مسائل کو حل کرنے میں مدد کریں۔ وہ افراد جو فلم' تھیٹر اور شوبزنس سے تعلق رکھتے ہیں اس وقت جو معاہدہ ہوگا اس سے مالی فائدہ ملے گا اور دوسروں کی نظر میں آپ کی صلاحیتیں بھی ابھر کر سامنے آئیں گی۔

زہرہ خانہ مال میں رجعت میں ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ آپ کی سوشل سرگرمیوں پر اہم اثرات مرتب کرے گا۔ شخصیت میں کشش پیدا ہونے کے نتیجے میں نئے مداح اور دوست زندگی میں داخل ہونگے وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہم ہیں ان معاملات میں غیر معمولی بہتری آئے گی۔ اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں تو کسی بہت اہم شخصیت سے ملاقات ہو گی۔ خانہ مال جس کا تعلق آمدنی اور لین دین سے ہے۔ اگر اس وقت کسی مالی پریشانی کا سامنا ہے تو یہ پریشانی دور ہو جائے گی۔ اور اس ماہ اپنے آپ کو زیادہ محفوظ اور مستحکم حالت میں پائیں گے۔ اس ماہ خریداری بہتر رہے گی۔ آپ فیشن کے مطابق چلنے والے ہیں یا اپنی شخصیت کو پرکشش بنانے پر روپیہ صرف کرنا چاہتے ہیں تو ضرور فائدہ اٹھائیں۔ مالی معاملات کے لئے ۲'۶'۱۱'۱۶'۲۵'۲۹ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ یہ تاریخیں ان افراد کے لئے موافق ثابت ہونگی جو اپنی خاص صلاحیتوں سے زیادہ نفع بخش انداز میں فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔

برج میزان۔ ستارہ زہرہ

حروف:- ت۔ ٹ۔ ر۔ ط

پیدائش:- ستمبر ۲۴ تا اکتوبر ۲۳

اس ماہ زندگی کے عملی پہلو کی طرف توجہ دینی مفید ثابت ہوگی۔ زائد سوشل زندگی اور سیر و تفریح کے ساتھ لوگوں سے ملنا جلنا اور آنا جانا زائد رہے گا۔ یہ وقت دوستوں کے ساتھ سفر بھی لاسکتا ہے۔ محبت کے معاملات اور ان تعلقات کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔

زہرہ طالع میں رجعت میں ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ یہ وقت کاروباری امور میں لوگوں کے ساتھ تعلقات بنانے میں اہم موڑ ثابت ہوگا۔ ایسے افراد جو رکاوٹ اور پریشانی لاتے ہیں۔ ان سے گفتگو کرنی بہتر رہے گی۔ مالی اور کاروباری امور میں معاہدات فائدہ دیں گے۔ شخصیت میں بڑی تبدیلی آئے گی۔ اس ماہ سیر و تفریح کے لئے پروگرام بنائیں۔ صحت کے معاملات کو بھی اہمیت دیں۔ اچانک کچھ نئے دوستوں کا اضافہ ہوگا ان سے ملنے والی معلومات ذرائع آمدن کو بڑھانے اور نئے راستوں کو اپنانے کے لئے فائدہ مند ثابت

ہونگی - وہ افراد جو فنون لطیفہ' تھیٹر اور آرٹسٹک سرگرمیوں میں ملوث ہیں انہیں فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا- زہرہ ۲'۶'۱۱'۱۶'۲۵'۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا- ان دنوں سوشل تقریبات منعقد کرنی بہتر ثابت ہونگی-

۹ تاریخ کو زہرہ مریخ کی تثلیث ہورہی ہے-لین دین کے معاملات میں احتیاط رکھیں- کچھ غلط فہمیاں پیدا کی جائیں گی- کچھ لوگ جو پراسرار ہوں گے اور آپ کے لئے خفیہ دشمنی بھی پیدا کریں گے- پریشانی کی وجہ سے اعصابی مرض میں بھی مبتلا ہوسکتے ہیں- اپنی اہم دستاویزات اور چیزوں کا تحفظ کریں-انعامی اسکیموں سے بھی آپ کو فائدہ نہ ملے گا-

مریخ ۱۶ تاریخ تک زائچے کے پانچویں گھر میں رہے گا' پھر چھٹے گھر میں داخل ہوگا- اس کی موجودگی پیشہ وارانہ سرگرمیوں اور طویل المعیاد منصوبوں کی موافقت میں ہوگی- مریخ ان افراد کی بھی موافقت میں ہوگا جو انعامی اسکیموں' کھیلوں اور مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں- تاہم ۱'۸' ۲۳'۳۰ تاریخ کو محتاط رہنا چاہئے کیونکہ ان دنوں حادثات پیش آنے کے امکانات ہیں اس کے علاوہ غلطیاں بھی کرسکتے ہیں- مریخ محبت کے معاملات میں بہتری کی نشاندہی کررہا ہے- غیر شادی شدہ افراد اور خاص طور پر لڑکیوں اور عورتوں کے لئے شادی ونسبت کے لئے موافق ثابت ہوگا- یہ وقت گوں ناگوں واقعات لائے گا- کوئی دعوت' مختصر سفر یا اتفاقیہ ملاقات بہت اہمیت کی حامل ثابت ہوسکتی ہے-اس سلسلے میں ۶'۱۱'۱۶'۲۱' ۲۵ تاریخ اہم ثابت ہوگی اور یہ تاریخیں خوشگوار اور تعجب انگیز باتیں لاسکتی ہیں- اس ماہ کے وسط میں پڑوسیوں' قریبی ملنے جلنے والوں اور رشتہ داروں کے معاملات کی جانب زیادہ توجہ رہے گی اور زیادہ وقت انہی پر صرف ہوگا-

۲۶ تاریخ کو عطارد مریخ کی تربیع ہوگی- کاروباری گفت وشنید کے لئے یہ وقت زیادہ موثر ثابت نہ ہوگا-اپنے کام اور ملازمت میں ایسی رشتہ داروں سے نسبت رکھتے ہیں جو کیریئر اور حصول ملازمت میں آگے بڑھنے میں رکاوٹ ڈالیں گے- ہر طرح سے نیچا دیکھانے کی کوشش کریں گے جس کے باعث کاروباری معاملات میں نقصان ہوگا-سسرالی رشتہ دار اور والدین کے ساتھ جھگڑا ہوسکتا ہے- تعلیمی سرگرمیوں کی طرف بھرپور توجہ دیں- آپ میں بے چینی اور اضطرابی کیفیت رہے گی-اس کے باعث کام میں غلطیاں کریں گے-

۲۸ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا- یہ وقت خاندان اور دوستوں کے معاملات میں غلط فہمیاں پیدا کرے گا- اس دن کے نزدیک اپنی خواہشات پر کنٹرول کرنا ضروری ہوگا- کوئی قریبی شخص آپ کے جذبات سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرے گا- شریک زندگی کے ساتھ رشتہ داروں اور دوستوں کی محفلوں میں آنا جانا رہے گا- غیر ضروری لوگوں کا قریب آنا پریشانی کا باعث بن سکتا ہے- دوستوں کا دباؤ زیادہ رہے گا- ترقی کے معاملات اور اولاد سے متعلقہ معاملات میں لوگوں سے زیادہ توقعات وابستہ نہ کریں-

عطارد سارا ماہ زائچے کے تیسرے گھر میں رہے گا اور ۱۸ تاریخ کو رجعت کر جائے گا- رشتہ داروں اور گھر کے افراد کے درمیان کئی معاملات حل طلب ہونگے اس ماہ ایک دوسرے سے رابطے مفید ثابت ہوں گے-ضرورت سے زائد کاموں کو فوری طور پر مکمل کرنے کا رجحان رہے گا- والدین سے متعلقہ گھر یا جائیداد' حسابات یا تحریری کاموں کے سلسلے میں پیش رفت بہتر رہے گی- اگر گھر تبدیل کررہے ہیں یا گھر کو ازسرنو ترتیب دینا چاہتے ہیں تو اس وقت کھلے ذہن کے ذریعے بہتر پلاننگ کرسکیں گے- روزمرہ کے سفر بہتر رہیں گے- اس ماہ کے تیسرے ہفتے میں ذہنی رجحان اور خیالات تبدیل ہو جائیں گے- نئی پلاننگ اور حکمت عملی کریں- اپنے وقت کو قیمتی جانیں اور جو ہوسکتا ہے وہ کام کریں- محبت کے معاملات' اولاد سے متعلقہ تعلیمی سرگرمیوں اور کھیلوں سے متعلق امور میں بہتری سے واسطہ پڑے گا- یہ وقت ایسا ہے کہ جب آپ اپنی سوچوں کو ایک جگہ مرکوز کرسکیں گے- عطارد ۴'۹'۱۴'۱۹'۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا-

برج عقرب - ستارہ مریخ' پلوٹو

حروف:- ذ-ز-ض-ظ-ن

پیدائش:- اکتوبر ۲۴ تا نومبر ۲۲

اس ماہ کیریئر' جاہ طلبی کے معاملات میں احتیاط رکھیں تبدیلی کے آثار ہیں- کاروبار اور ملازمت میں بے سکونی محسوس ہوگی تو حالات کسی سے دشمنی کی وجہ سے خراب ہونگے- بے چینی' الجھاؤ' ذہنی طور پر پریشانی کی سی کیفیت سے دوچار ہونگے-

مریخ ۱۶ تاریخ تک زائچے کے چوتھے گھر میں رہے گا' پھر پانچویں گھر میں داخل ہوگا- کچھ مشکلات اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا مگر یہ باقوت انداز میں مسائل کو سلجھانے میں مدد آور ثابت ہوگا- مریخ کی اس گھر میں موجودگی سے گھر میں حادثات پیش آنے کا بھی خطرہ ہے گیس یا بجلی کے آلات میں کچھ خرابی ہے تو کسی بھی قسم کا خطرہ ہر گز مول نہ لیں- گھریلو اور خاندانی تعلقات کو مضبوط بنانے میں مدد دے گی- اگر گھر میں دعوت یا کسی فنکشن کا انعقاد کرنا ہے تو اس مقصد کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا- کسی سنجیدہ شخص کو تنگ یا اس سے مذاق رشتوں میں خرابی لاسکتا ہے- اس ماہ اپنی ذہنی وجسمانی صحت کی طرف توجہ دیں' زیادہ محنت آپ کی کمزوری کو سامنے لے آئے گی- یہ وقت ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو گھریلو حالات میں اہم تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں- اگر آپ جائے رہائش کی تبدیلی کے متعلق سوچ رہے ہیں مگر شک وشبے اور تذبذب کا شکار ہیں تو مثبت رویہ اختیار کریں اور جو بھی فیصلہ کرنا ہے واضح سوچ کے ساتھ کریں- مریخ ۶'۱۱'۱۶'۲۱' ۲۵ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا-

۹ تاریخ کو زہرہ مریخ کی تثلیث ہورہی

ہے-اس وقت آپ کی خواہشات آپ کے جذبات سے منسلک ہوجائیں گی اور آپ کی سوچیں آپ پر زیادہ اثر انداز ہوں گی اور ہر وہ کام کرنے کے لئے بے چین ہوں گے جس میں کسی بھی طریقے سے روپیہ حاصل ہو- ایسے ہی معاملات دوستوں کے ساتھ بھی ہوں گے اور ہوسکتا ہے کوئی نقصان دوستی کو ہمیشہ کے لئے ختم کردے- کیونکہ آپ کا رویہ دوسروں کے لئے بے انتہا تکلیف دے ہوگا- آپ کی اپنی ذات میں جو تبدیلی آئی ہے اس میں منفی صلاحیتیں زیادہ پروان چڑھی ہیں جس کی وجہ سے آنے والے وقت اور حالات میں تبدیلی دیکھیں-

خوبصورتی کا ستارہ زہرہ بارہویں گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا- اس کی موجودگی آپ کی عزت میں اضافے کا باعث بنے گی- جس جگہ یا جس تخلیقی، تحقیقی، ڈیزائینگ، ایکٹنگ کے شعبے میں لوگوں کے ساتھ کام کرتے ہیں- صلاحیتوں کے اظہار کا بھرپور موقع ملے گا اور دوسروں کی نظروں میں اعتماد کو مزید بڑھا سکیں گے- یہ وقت تیزی سے تبدیلیاں لاتا ہے اور ان تبدیلیوں کو جاننے کے لئے شعور آگاہی سے مدد لیں- نئے دوست زندگی میں داخل ہوں گے جس سے امیدیں اور توقعات پوری ہونگی- اس وقت زندگی میں کسی شخص کی آمد سے اس کی اہمیت بڑھ جائے گی اور ہوسکتا ہے کہ زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہو- زہرہ ۲، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۵، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا- ان تاریخوں میں ایسے موقع آئیں گے کہ جب کوئی شخص تعلق قائم کرنا چاہے گا-

۲۶ تاریخ کو عطارد مریخ کی تربیع ہوگی- کاروباری گفت وشنید کے لئے یہ وقت زیادہ موثر ثابت نہ ہوگا- اس وقت ملازموں کے ساتھ معاملات میں حکمت عملی سے پیش آنا ہوگا- غصہ میں کی گئی بات بری لگے گی- گھر میں جانور ہیں تو احتیاط رکھیں یا تو چوری ہوجائیں گے یا مار دیا جائے گا- سفر میں احتیاط رکھیں حادثے کا اندیشہ ہے- تعلیمی سرگرمیوں کی طرف بھرپور توجہ دیں- کسی شعبے میں امتحان دے رہے ہیں تو اس وقت آپ کو اپنی بھرپور صلاحیتوں سے کام لینا ہوگا- بیرون ملک سفر میں کسی کی حمایت نہ کریں آپ کے اندازے غلط ثابت ہو نگے-

۲۸ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا- وہ افراد جو کاروباری معاہدات کررہے ہیں یا سرمائے کو دوستوں کے کاروبار میں شامل کررہے ہیں- اس وقت اعلی طبقہ کے افراد کے ساتھ تعلقات قائم کریں، سوشل سرگرمیوں میں لوگوں کے ساتھ مل کر کام کرنا اور قیمتی اشیاء کی خریداری بھی موافق رہے گی- ضروری معاملات اور کاروبار کو وسیع کرنے کے لئے گفت شنید اور عملی اقدامات بہتر صورت حال پیدا کریں گے-

عطارد سارا ماہ خانہ مال میں رہے گا اور ۱۸ تاریخ کو رجعت کرجائے گا- حالات کو بہتر بنائیں- تحریری کام اور نشر واشاعت، پبلشنگ کے امور میں بہتری ملے گی- قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے بہتر رہیں گے- مالی لین دین اور کاروباری معاملات میں اپنی مرضی کے مطابق آگے بڑھ سکیں گے- سفر زائد ہونگے- لوگوں کے ذریعے فائدہ حاصل کرسکیں گے- رشتہ داروں کے ساتھ بہتر تعلقات قائم ہونگے- رابطے زائد ہونگے اور آنا جانا اور سوشل تقریبات میں حصہ لیں گے- بہن بھائیوں کے زائد مطالبات کو آسانی سے حل کرسکیں گے- لکھنے لکھانے، تحریری کاموں میں یاقوت سوچ کے ذریعے بہتر طریقے کار وضع کرسکیں گے- تعلیمی سرگرمیوں کو بھی آگے بڑھنا اور کچھ حاصل کرنے کی کوشش کامیابی دے گی- عطارد ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے قائم کرے گا-

اس ماہ زندگی خاصی تیز رفتار ہوجائے گی- جہاں تک شریک اور گھریلو معاملات کا تعلق ہے یہ معاملات بے حد سرگرم اور پر از واقعات ثابت ہونگے- سفر، جاہ طلبی کے معاملات زندگی پر خوشگوار اثر ڈالیں گی-

مریخ ۱۶ تاریخ تک زائچے کے تیسرے گھر میں رہے گا، پھر چوتھے گھر میں داخل ہوگا- رشتہ داروں، تعلیمی معاملات اور تحریری کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دوسروں کے کاموں میں دلچسپی لیں گے- اس ماہ قریبی رشتہ داروں کے ہاں آنا جانا رہے گا- بڑوں کے مرتبہ کے لحاظ نہ رکھنے کی وجہ سے شدید تنقید ہوگی- قریبی دوستوں کے ساتھ دوران سفر جھگڑا ہوسکتا ہے- اس ماہ سب سے زیادہ نزدیکی رشتہ اہمیت اختیار کرجائے گا- نوجوان افراد کھیل، قوت وشجاعت والے امور میں دلچسپی لیں گے- دماغی قوت والے کام میں زیادہ مصروف رہیں گے- تحریری کاموں میں دلچسپی لے کر اخبار یا کسی ایڈورٹائیزنگ فرم میں شامل ہوں- کھیل اور ورزش کے ذریعے جسمانی وذہنی نشوونما بھی ہوگی- مریخ ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۱، ۲۵ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا- تاہم ۱، ۸، ۲۳، ۳۰ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا- جب یہ ناموافق ہوگا-

۹ تاریخ کو زہرہ مریخ کی تثلیث ہورہی ہے- دوستوں کی طرف سے سیر وتفریح یا کسی سفر پر جانے کے لئے پروگرام بنیں گے- اس وقت تمام معاملات اگرچہ خوشگوار محسوس ہوں گے تاہم کسی کام کی وجہ سے سفر ملتوی کرنا پڑے گا- اپنی خواہشات اور امیدیں اس وقت ایسے لوگوں سے قائم نہ کریں جن کے پاس آپ کا روپیہ موجود ہے- اپنی سوچ اور جذبات کو منفی خیال سے دور رکھنا ہوگا- غیر ممالک سے متعلق خط وکتابت بہتر رہے گی- تاہم جن چیزوں یا معلومات کے لئے کوشش میں تھے، جواب جلد مل جائیں گے-

زہرہ گیارہویں گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا- اس ماہ کئی معاملے اور فیصلے ذاتی زندگی سے متعلق ہوں گے- لوگوں کا آنا جانا ہوگا اور ہوسکتا ہے کوئی اہم رشتہ بھی قائم ہو جائے- اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں لیکن موزوں شریک زندگی کی تلاش میں ہیں تو حوصلہ افزاء حالات سے واسطہ پڑے گا- اس ماہ کسی پرانی محبت

یا دوستی کی تجدید کی نشاندہی ہورہی ہے یا پھر آب و ہوا اور جگہ کی تبدیلی کے نتیجے میں زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہونے کا امکان ہے۔اس ماہ زیادہ تر خیالات اور سوچ کا دائرہ ذرائع آمدنی کی طرف رہے گا۔ وسائل کو بڑھائیں اور نئے راستے تلاش کریں۔ اس ماہ ملازمت میں بہتری کے مواقع حاصل ہوں گے دوست بھرپور ساتھ دیں گے۔ امیدیں اور خواہشات پوری ہونگی اور حالات بہتر ہو جائیں گے۔ زہرہ ۲، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۵، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۶ تاریخ کو عطارد مریخ کی تربیع ہوگی۔ میراث اور جائیداد سے متعلق جو خواہشات جنم لیں گی وہ پوری نہ ہونگی۔ غلط کاغذات کے ذریعے دھوکہ دیا جائے گا۔ محبت کے معاملات میں اندھے ہو جائیں گے دوسرے کی باتوں کا اندازہ نہ لگا سکیں گے اور کسی جوا یا لاٹری یا کسی کام میں روپیہ لگانے سے سب کچھ کھو دیں گے۔ اس وقت اپنی رقم کو احتیاط سے رکھیں چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ قریبی ساتھی بھی آپ کو ایسا مشورہ دیں گے جس کی وجہ سے نقصان ہوگا۔ اگرچہ روپیہ آئے گا تاہم غیر ضروری طور پر خرچ ہوگا۔ رشتہ داروں کی آمد کی وجہ سے اخراجات بڑھ جائیں گے۔ ذہنی سکون نہ ملے گا۔ سفری معاملات میں احتیاط رکھیں۔ حادثہ یا جھگڑا ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔

۲۸ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ وہ افراد کاروباری معاہدہ کررہے ہیں یا سرمایہ کاری کے سلسلے میں لوگوں سے ملاقات کررہے ہیں۔ یہ وقت ہر قسم کی شراکت داری کے کاموں میں فائدہ دے گا۔ شریک کار کے روپیہ سے فائدہ اٹھائیں اور سماجی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ کسی انجمن یا کلب میں شامل ہوکر ذرائع آمدن کے نئے راستے تلاش کرنے آسان ہونگے۔ بااختیار افراد سے تعاون حاصل رہے گا۔ سیر و تفریح سے ذہنی سکون حاصل کرسکیں گے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینا بھی موافق ثابت ہوگا۔

عطارد سارا ماہ طالع میں رہے گا اور ۱۸ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ حالات کو بہتر بنانے اور تحریری کاموں کے علاوہ نشر و اشاعت، پبلشنگ کے امور میں بہتری ملے گی۔ قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے بہتر رہیں گے۔ مالی لین دین اور کاروباری معاملات میں اپنی مرضی کے مطابق آگے بڑھ سکیں گے۔ اس ماہ آپ اپنے اندر خود تبدیلی محسوس کریں گے۔ کام، کاروبار اور گھر کو بہتر کرنے کا فیصلہ کن اقدام کریں گے۔ سفر زائد ہونگے۔ تاہم جو بھی سفر ہونگے وہ لوگوں کے ذریعے فائدہ حاصل کرنے میں موافق ثابت ہونگے۔ رشتہ داروں کے ساتھ بہتر تعلقات قائم ہونگے۔ رابطے زائد ہونگے اور آنا جانا اور سوشل تقریبات میں زائد حصہ لیں۔ بہن بھائیوں کے زائد مطالبات کو آسانی سے حل کرسکیں گے۔ لکھنے لکھانے، تحریری کاموں میں باقوت سوچ رکھیں۔ تعلیمی سرگرمیوں میں بھی آگے بڑھنا اور کچھ حاصل کرنے کی کوششیں کامیابی دے گی۔ عطارد ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

برج جدی۔ ستارہ زحل

حروف:۔ ج۔خ۔گ

پیدائش:۔ دسمبر ۲۳ تا جنوری ۲۰

یہ وقت آپ کی زندگی کے اہم پہلو میں تبدیلی کی نشاندہی کررہا ہے۔ رشتہ دار، شریک زندگی، ملازمت پیشہ افراد کو اس ماہ ماحول کے مطابق تبدیلی پیدا کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ کیونکہ اس وقت روزمرہ کے معمولات میں تبدیلیاں آئیں گی۔

زہرہ وتد السماء پر رجعت میں ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ یہ ماہ جاہ طلب اور مہم جو افراد کی موافقت میں ہوگا۔ دراصل یہ ماہ ان عورتوں اور لڑکیوں کے لئے بے حد خوش قسمت ثابت ہوگا جو کسی خاص کیریئر میں ترقی کے لئے کوشاں ہیں۔ وہ افراد جو ملازمت کی تلاش میں ہیں یا اپنی دلچسپیوں اور مقاصد کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں ان کے لئے زہرہ کے سعد نظرات موافق ثابت ہونگے۔ زہرہ محبت کے معاملات پر بھی حکومت کرتا ہے۔ تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس ماہ ٹھوس نوعیت کے فوائد لائے گا تاہم وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات اہمیت کے حامل ہیں ان کے لئے ۲، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۵، ۲۹ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ کیونکہ ان دنوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم زہرہ ۱۳، ۲۰، ۲۷ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا لہذا ان دنوں اگر احتیاط نہ برتی تو اپنے لئے بڑی آسانی سے مشکلات پیدا کرلیں گے۔ ان دنوں اگرچہ گھریلو زندگی خوشگوار ہوگی مگر دوسروں کے جذباتی مسائل کی وجہ سے فکر و پریشانی رہے گی۔

۹ تاریخ کو زہرہ مریخ کی تثلیث ہورہی ہے۔ اس وقت آپ کے ذہن میں ایسے خیالات جنم لیں گے کہ کس طرح دوسرے لوگوں سے فائدہ اٹھایا جائے۔ اس وقت آپ کی تخلیقی قوتیں بڑھ جائیں گی۔ ذہن میں بے شمار خیالات اور سوچیں آئیں گی اور ایسے کام کرنے کی طرف آپ کو لگائیں گی جس میں خوشامدانہ طریقہ اپنا کر اور سبز باغ دکھا کر دوسرے کو کسی نہ کسی دھوکے میں رکھا جائے۔ ایسی تمام سوچیں مثبت نہ ہوں گی اور آپ کے لئے مشکلات پیدا کریں گی۔

عطارد سارا ماہ زائچے کے بارہویں گھر میں رہے گا اور ۱۸ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ حاسدی افراد یا وہ افراد جو خفیہ طریقے سے آپ کو پریشانی میں مبتلا کرتے ہیں ان کے ساتھ رابطہ کریں، گفت شنید یا قریبی لوگوں کے ساتھ جا کر ملاقات کرنا بہتر رہے گا۔ یہ وقت خاص طور پر صحت کو بہتر بنانے کے لئے موثر ثابت ہوگا۔ مطالعہ اور معلومات حاصل کرکے ذہنی اور جسمانی دونوں طرح بہتری لاسکیں گے۔ اگر آپ قانون کے شعبے سے منسلک ہیں تو ان دنوں اپنی بہترین صلاحیتوں کے ذریعے لوگوں کو فائدہ دیں۔ طالع میں موجودگی خاص طور پر ذاتی کام اور کاروباری مقاصد کو آگے بڑھا سکیں گے۔ مشکلات پر قابو پا سکیں گے۔ لوگ تعاون کا وعدہ کریں گیا اور بھرپور تعاون کریں گے۔ جو معاملات التواء کا باعث بنے تھے اب وہ دور ہو جائیں گے۔ ان دنوں نشر و اشاعت کے کام، پبلشنگ اور حسابات کو بہتر بنانے

کی کوشش کریں - عطارد ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

۲۶ تاریخ کو عطارد مریخ کی تربیع ہوگی شریک زندگی اور گھر والوں کے ساتھ اختلافی مسائل جنم لیں گے ہوسکتا ہے جائیداد یا روپے سے متعلق معاملات ہوں۔ نئی رشتہ داری جو قائم ہوگی وہ زیادہ دیر نہ رہ سکے گی۔ جھوٹے اور غلط لوگ شامل ہونگے۔ شادی، نسبت کے کام میں رکاوٹ حائل ہوگی - صحیح رابطے نہ ہونے کے باعث زائد اخراجات اور نقصان بھی ہوگا۔ اگر زمین، مکان کی خریداری کررہے ہیں تو ہر طرح سے تحریری معاہدات اور قانونی تقاضے پورے کرنے ضروری ہونگے ورنہ سودا ہونے کے بعد پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

۲۸ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ یہ وقت خاص طور پر بیرون ملک سرمایہ کاری کرنے یا شراکت داری کے معاہدات کے علاوہ جائیداد کے حصول کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اس وقت قانونی دعویٰ دائر کرنا یا اہم اور بااختیار افراد سے تعاون حاصل کرنا آسان ہوگا۔ اس ماہ جو سفر کریں گے۔ وہ فائدے کا باعث ہونگے۔ یہ وقت روحانی علوم حاصل کرنے اور دینوی مقاصد کے حصول کے لئے آسانی پیدا کرے گا۔ اپنے قلب کو کھولنے اور ریاضت اور ذکر کے لئے موافق ہوگا۔ کاروبار کو وسیع کرنے اور اہم معاہدات کی پیشکش کی طرف اشارہ ہے۔

مریخ ۱۶ تاریخ تک خانہ مال میں رہے گا، پھر تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ کاروباری روپیہ کے لین دین میں احتیاط رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ اس ماہ آپ فراست اور حکمت کا مظاہرہ کریں۔ حالات جہاں روپیہ کمانے میں پوری مدد کرتے ہیں وہاں آپ کا اچھا انتخاب ذہنی قوت اور قابلیت کو ظاہر کرتا ہے۔ اس ماہ لین دین اور حساب میں جلد بازی سے غلطیاں ہوسکتی ہیں۔ غیر ضروری اخراجات سے غصہ آیا کرے گا۔ تاہم تحمل مزاجی سے کام لیں۔ یہ وقت مشکلات کا باعث بنے گا۔ اگر کسی کھیل میں حصہ لے رہے ہیں تو جسمانی چوٹ لگ سکتی ہے - مریخ ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۱، ۲۵ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں مکینکل اور ٹیکنیکل کام کروانا بہتر رہے گا۔ تاہم ۱، ۸، ۲۳، ۳۰ تاریخ کو محتاط رہیں جب کسی کے ساتھ جھگڑا یا حادثہ ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔

برج دلو۔ ستارہ زحل، یورنس

حروف:- س۔ش ش۔ص

پیدائش:- جنوری ۲۱ تا فروری ۱۹

اس ماہ کاروباری معاملات آپ کو بہت زیادہ مصروف رکھیں گے۔ کوئی شخص بہت قریب آجائے گا۔ اگر آپ کے ذہن میں کسی سے ملنے کی خواہش ہے یا کسی سے کام کی امید لگائی ہے تو شاید وہ پوری ہوجائے۔

مریخ ۱۶ تاریخ تک طالع میں رہے گا، پھر دوسرے گھر میں داخل ہوگا۔ چنانچہ یہ وقت جاہ طلب اور مہم جو قسم کے افراد کے لئے ترقی پذیر اور تیز رفتار ثابت ہوگا۔ طالع میں مریخ کی موجودگی کی وجہ سے آپ اپنے اندر زیادہ ہمت و قوت، جرات اور خود اعتمادی محسوس کریں گے اور پوری قوت سے عمل کرکے اپنے آپ کو آگے رکھ کر بہت کچھ حاصل کرسکیں گے۔ فی الحال جو چیز آپ کے نزدیک سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے اس میں بے حد تسلی بخش ترقی کرسکیں گے۔ اس ماہ اہم اقدامات کے لئے ان دنوں کا انتخاب کریں جب مریخ سعد نظرات کے تحت ہو۔ مریخ ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۱، ۲۵ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ لیکن جن دنوں مریخ غیر موافق نظرات کے تحت ہو ان دنوں کسی کو اس بات کا موقع نہ دیں کہ آپ کو جھگڑے یا بحث پر آمادہ کرسکے۔ مریخ ۱، ۸، ۲۳، ۳۰ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

۹ تاریخ کو زہرہ مریخ کی تثلیث ہورہی ہے۔ کیریئر کے معاملے میں اس وقت کوئی بھی تبدیلی موافق ثابت نہ ہوگی۔ تاہم جن لوگوں کی طرف مائل تھے اور چاہتے تھے کہ ان کے ساتھ کام کریں اگر کوئی پیش کش ہو تو اس پر ضرور غور کریں۔ ملازمت میں عزت و مقام کو بڑھائیں اور اعتماد کو قائم کرنے کی پوری کوشش کریں۔ تخلیقی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ سیر و تفریح اور سکون حاصل کرنے کے لئے جو پروگرام بنائیں گے اس میں خوشی ملے گی۔ دوستوں کے حلقے میں نئے لوگوں کا اضافہ ہوگا۔ تاہم لوگوں کی غیر منصفانہ سیاست اور غلط فہمیاں پیدا کرنے کی وجہ سے لوگ کھچے ہوئے ہوں گے۔

زہرہ زائچے کے نویں گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ چنانچہ یہ وقت لمبا سفر اختیار کرنے کے لئے خواہ وہ کاروباری ہو یا تفریحی نوعیت کا موافق ثابت ہوگا۔ درحقیقت یہ وقت تعلقات کو تجدید کرنے، ناراضگی دور کرنے اور ملک سے باہر چھٹیاں گزارنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ کوئی لمبا سفر اختیار نہیں کررہے ہیں تب بھی مقامی لحاظ سے آپ خاصا فاصلہ طے کریں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں، کاروباری سفر یا عمرہ وغیرہ کے لے جارہے ہیں تو آپ کا سفر خوشگوار ثابت ہوگا۔ اس وقت شمس بھی آپ کی موافقت میں ہے۔ زہرہ اس ماہ کی ۲، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۵، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا قیمتی اشیاء کی خریداری سیر و تفریح، محبت کے معاملات اور کسی اسکیم میں روپیہ لگانا اور قانونی امور کے لیے یہ تاریخیں بہتر ثابت ہونگی۔

۲۶ تاریخ کو عطارد مریخ کی تربیع ہوگی۔ غیر ضروری اخراجات آئیں گے۔ گھر کے افراد کے درمیان غیر اہم باتوں پر تلخ کلامی اور جھگڑا ہوگا۔ لین دین کے معاملات التواء کا شکار ہوں گے۔ کاروباری نقصان ہوگا جس سے غصہ، ذہنی بے چینی انتشار میں مبتلا کرے گی۔ کاروباری دوستوں کے ساتھ رشتہ داری نہ جوڑیں، اس وقت کے معاملات غلط فہمی کا شکار ہوں گے۔ خاندانی تعلقات بھی متاثر ہوسکتے ہیں۔ کسی بھی معاملے کو آگے بڑھانے کی کوشش نہ کریں غیر ضروری اور بے جا اظہار خیال کے ذریعے دوسرے کو دشمن نہ بنائیں۔

۲۸ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ یہ وقت خاص طور پر بیرون ملک سرمایہ کاری کرنے یا شراکت داری کے معاہدات کے لیے بہتر رہے گا۔ جائیداد کے حصول کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اس

وقت قانونی دعویٰ دائر کرنا یا اہم اور بااختیار افراد سے تعاون حاصل کرنا آسان ہوگا۔ اس ماہ جو سفر کریں گے۔ وہ فائدے کا باعث ہونگے۔ یہ وقت روحانی علوم حاصل کرنے اور دینوی مقاصد کے حصول کے لئے آسانی پیدا کرے گا۔ اپنے قلب کو کھولنے اور ریاضت اور ذکر کے لئے موافق ہوگا۔ کاروبار کو وسیع کرنے اور اہم معاہدات کی پیشکش کی طرف اشارہ ہے۔

عطارد سارا ماہ زائچے کے گیارہویں گھر میں رہے گا اور ۱۸ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ خیالات اور سوچ کو مثبت طریقے سے استعمال کرنے کے لئے مطالعہ بے حد ضروری ہوگا۔ لوگوں کے مشورہ اور ان کی طرف سے ملنے والی معلومات اہم ثابت ہوگی۔ اس ماہ کام اور مصروفیت زائد ہوگی۔ دوستوں اور لوگوں سے رابطہ کرنے اور ان سے خط و کتابت کے علاوہ ذاتی کاموں کے سلسلے میں گفت شنید کریں۔ تاکہ ان کی مدد حاصل ہو۔ اس طرح بہت سا وقت بچ جائے گا۔ صحت کے معاملے ہو یا کسی کی بیماری کے یہ معاملے اچھی طرح حل ہو جائیں گے۔ رابطے اور پیشہ وارانہ معاملات احسن و خوبی سے حل ہو جائیں گے۔ جائیداد اور املاک کے حسابات چیک کرنے، لین دین یا مختلف ذرائع سے حاصل ہونے والے مالی فائدے سے آگاہ ہونا ضروری ہوگا۔ نشر و اشاعت اور پبلشنگ کے کام یا سفر کے ذریعے کام کا حصول بہتری لائے گا۔ عطارد ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

اس ماہ آپ کا زیادہ تر وقت رشتہ داروں، شریک کار، سسرالی رشتہ داروں سے متعلق نئی ملاقاتیں اور تعلقات اور نئی حکمت عملی کی طرف رہے گا۔

زہرہ زائچے کے آٹھویں گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ شریک کار و پیسہ، شراکت داری، مالی امور اور میراث و ترکہ کے معاملات میں تبدیلی دیکھنے میں آئے گی۔ حالات اچانک خوشی کی خبر دیں گے۔ تاہم مالی ذرائع کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ یہ وقت صحت کے معاملات میں پیٹ کے امراض لائے گا۔ یہ وقت ایسا ہے کہ کوئی ہمدرد شخص آپ کی زندگی میں داخل ہوگا جو خوشی دے گا۔ شریک زندگی کے روپے کو کسی اسکیم میں لگانا چاہتے ہیں تو اب اس وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر یا آرٹسٹک کاموں میں ملوث ہیں انہیں اپنی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لئے نئے معاہدات کرنے ہونگے۔ زہرہ ۲، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۵، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ سوشل تعلقات اور سماجی سرگرمیوں میں لوگوں سے فائدہ اٹھانے کا موثر موقع ملے گا۔

۹ تاریخ کو زہرہ مریخ کی تثلیث ہو رہی ہے۔ شراکت داری کے امور اس وقت ہم آہنگی لا سکتے ہیں لوگوں کے اعتقادات پر بھروسہ کریں۔ ایسے لوگوں سے واسطہ پڑے گا جو آپ کے کام پر اثر انداز ہوں گے اور ضرورت سے زیادہ وقت دیں گے۔ کچھ پرانے مسئلے دوبارہ سامنے آئیں گے جس کے باعث ذہنی ٹینشن بڑھ جائے گا۔ اس وقت رائے اور مشورے بہتر ملیں گے تاہم ان پر عمل کرنا مشکل ہوگا۔

عطارد سارا ماہ وتد السماء پر رہے گا اور ۱۸ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ ہر قسم کے رابطے، گفت شنید، دوستوں کے درمیان ملاقاتیں اور ذہنی سکون حاصل کرنے کے پروگرام بنائیں گے۔ یہ وقت تحریری کام، لکھنے لکھانے اور پبلشنگ کے کام میں دوسرے کی مدد سے اپنے کام کو بہتر طریقے سے انجام دے سکیں گے۔ ان دنوں سفر میں ایسے لوگوں سے ملاقات ہوگی۔ جن سے اپنی من پسند معلومات حاصل ہونگی۔ صحت کے معاملات کی طرف توجہ دیں۔ غیر ضروری ذہنی ٹینشن سے اعصابی و ذہنی بیماری ہو سکتی ہے۔ آپ کو ایسے خیالات سے دور رہنا ہوگا جو ایسے معاملے اور جذبات کی طرف اکسائیں گے جس سے ذہنی سکون متاثر ہوگا۔ لوگوں کی باتوں کے ذریعے ذہنی دباؤ اور پریشانی میں مبتلا ہونگے۔ عطارد ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

۲۶ تاریخ کو عطارد مریخ کی تربیع ہوگی۔ قریبی لوگوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی کی وجہ سے دوستی اور ملازمت ختم ہو سکتی ہے۔ سفر اور قانونی معاملات میں احتیاط رکھیں۔ آپ کے قریبی دوستوں کی طرف سے رکاوٹیں حائل ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ لوگ پریشان کن حد تک تکلیف دہ ثابت ہوں گے اور غیر یقینی کی حالت رہے گی۔ جس جگہ اور جو کام آپ کر رہے ہیں اسی کی طرف توجہ دیں۔ قریبی رشتہ داری اور سسرالی رشتہ داروں کے ساتھ احتیاط کے ساتھ تمام امور میں حصہ لیں۔ تاہم کسی بھی اہم فیصلہ کرنے میں شامل نہ ہوں۔

مریخ ۱۶ تاریخ تک زائچے کے بارہویں گھر میں رہے گا، پھر طالع میں داخل ہوگا۔ آپ کے اردگرد حاسدی افراد زبردست سرگرمی کا سبب بنیں گے۔ جس کی وجہ سے بعض اوقات غیر معمولی نوعیت کی تبدیلیوں اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا۔ مریخ ۱، ۸، ۲۳، ۳۰ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں لوگوں سے تکرار اور جھگڑے کا بھی خطرہ ہے۔ کیونکہ یہ آپ کی رائے سے اتفاق نہ کریں گے۔ تاہم ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۱، ۲۵ تاریخیں پریشان کن قسم کے قریبی افراد سے نبٹنے کے لئے موافق ثابت ہونگی اور اگر اندر ہی اندر جو اختلاف اور غلط فہمیاں پریشان کر رہی ہیں انہیں دور کرنے کے لئے یہ وقت بہتر ثابت ہوگا۔ تاہم آپ کو حکمت عملی اور بے حد سوجھ بوجھ سے کام لینا ہوگا۔ کیونکہ کوا کبی رجحانات بے حد دھماکہ خیز صورت کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ انہیں بے حد محتاط رہنا چاہئے۔

۲۸ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ یہ وقت شراکت داری کے معاہدہ کے لئے موافق ثابت ہوگا جس سے کاروبار میں وسعت مل سکے گی۔ اس کے علاوہ شریک زندگی کی خوش بختی بھی آپ کا بہت ساتھ دے گی۔ قریبی رشتہ دار بھرپور مدد کریں گے۔ اس وقت اپنے گھر اور ماحول کو تبدیل کرنے کے لئے نئی اشیاء کی خریداری کریں۔

برج حوت۔ ستارہ مشتری، نپچون

حروف:- د۔ چ

پیدائش:- فروری ۲۰ تا مارچ ۲۰

ماہ نومبر کے ستارے



ذیل میں پہلی اور آخری تاریخوں میں ستاروں کے درجات دیئے گئے ہیں روزانہ مفصل رفتاروں کو برنی تقویم وکواکبی گائیڈر ۲۰۱۸ء میں ملاحظہ کریں۔

۱ — شمس

یکم کو شمس ۸ درجہ برج عقرب پر ہوگا۔ ۲۳ تاریخ کو برج قوس میں داخل ہوگا۔ ۳۰ تاریخ کو ۷ درجہ برج قوس پر پہنچ جائے گا۔

۲ — عطارد

یکم کو عطارد ایک درجہ برج قوس پر ہوگا۔ ۱۸ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ ۳۰ تاریخ کو ایک درجہ برج قوس پر پہنچ جائے گا۔

۳ — زہرہ

یکم کو زہرہ ۲۹ درجہ برج میزان پر بحالت رجعت ہوگا۔ ۱۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ ۳۰ تاریخ کو ۲۸ درجہ برج میزان پر پہنچ جائے گا۔

۴ — مریخ

یکم کو مریخ ۲۱ درجہ برج دلو پر ہوگا۔ ۱۶ تاریخ کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ ۳۰ تاریخ کو ۸ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا۔

۵ — مشتری

یکم کو مشتری ۲۸ درجہ برج عقرب پر ہوگا۔ ۹ تاریخ کو برج قوس میں داخل ہوگا۔ ۳۰ تاریخ کو ۴ درجہ برج قوس پر پہنچ جائے گا۔

۶ — زحل

یکم کو زحل ۴ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۰ تاریخ کو ۷ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۷ — یورنس

یکم کو یورنس صفر درجہ برج ثور پر رجعت کی حالت میں ہوگا۔ رجعت میں ۸ تاریخ کو برج حمل میں داخل ہوگا۔ ۳۰ تاریخ کو ۲۹ درجہ برج حمل پر پہنچ جائے گا۔

۸ — نپ چون

یکم کو نپ چون ۱۳ درجہ برج حوت پر بحالت رجعت ہوگا۔ ۲۵ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ سارا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۰ تاریخ کو ۱۳ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا۔

۹ — پلوٹو

یکم کو پلوٹو ۱۹ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ سارا ماہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۰ تاریخ کو ۱۹ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۱۰ — عقدتین قمر

یکم کو راس صفر درجہ پر برج اسد میں رجعت کی حالت میں حرکت کریگا۔ ذنب ۲۹ درجہ برج جدی میں رجعت کی حالت میں حرکت کریگا۔

یکم کو رجعت زہرہ در میزان، ۶ کو رجعت یورنس در حمل، قمر در عقرب، ۷ کو آخری چہار شنبہ، ۸ کو مشتری در قوس، ۹ کو یوم پیدائش علامہ اقبال، نیا چاند ☾، ۱۰ کو یکم ربیع الاول ۱۴۴۰ھ، ۱۶ کو مریخ در حوت، زہرہ مستقیم، ۱۷ کو رجعت عطارد، ۲۱ کو عید میلاد النبیؐ، شرف قمر، ۲۲ کو شمس در قوس ♐، ۲۵ کو نپ چون مستقیم، ۲۶ کو عرس شاہ محمد غوث، لاہور ہوگا۔

نظرات کواکب بمعہ اوقات و عملی ھدایت

ماہ نومبر ۲۰۱۸ء

سعد/نحس	وقت	اختصار	نظرات	عملی ہدایت ورہنمائی
				(جمعرات ۱ نومبر ۲۰۱۸ء)
ن	۲۰:۲۱	D☍♂	قمر مقابلہ مریخ	سفر ومشینری کے کاموں میں احتیاط رکھیں' جلد بازی میں کام نقصان دیں۔
				(جمعہ ۲ نومبر ۲۰۱۸ء)
ن	۸:۲۴	D□♃	قمر تربیع مشتری	لین دین' بینک' قرضہ کے معاملات کو بہتر کریں' کسی بھی قسم کا نقصان برداشت سے باہر ہوگا۔
س	۹:۳۱	D✶♀	قمر تسدیس زہرہ	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے نئے راستے ملیں گے' تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں میں فائدہ۔
س	۱۱:۰۵	D△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
ن	۱۵:۲۳	D□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں' مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
س	۱۹:۲۵	D△♄	قمر تثلیث زحل	بڑی عمر کے افراد سے مشورہ ضرور کریں' رہائش کی تبدیلی یا خریداری بہتر رہے گی۔
				(ہفتہ ۳ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۴:۳۹	D✶☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
ن	۱۰:۲۱	D☍♆	قمر مقابلہ نپ چون	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
س	۱۹:۱۳	D△♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم ورواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
				(اتوار ۴ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۱۲:۲۵	D✶♃	قمر تسدیس مشتری	ہر طرح سے لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
ن	۲۳:۰۱	D□♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
س	۲۳:۱۱	D✶☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
				(پیر ۵ نومبر ۲۰۱۸ء)
ن	۲۲:۵۴	D□♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
				(منگل ۶ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۷:۴۲	D△♂	قمر تثلیث مریخ	مشکلات کا سامنا کرنے کی پوری قوت ہوگی' تعمیری کاموں کے علاوہ ٹیکنیکل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
س	۱۱:۴۹	☉△♆	شمس تثلیث نپ چون	کسی شخص سے ملاقات جو اہم اطلاع دے گا یا گھر میں سے کسی فرد کی ترقی خوشی کا باعث بنے گی۔
م	۱۳:۱۸	D☌♀	قمر قران زہرہ	اس وقت جذباتی ردعمل کا اظہار ہوگا۔ لوگوں میں زیادہ گھل مل جائیں گے' امیدیں پوری ہوسکتی ہیں۔
ن	۱۸:۰۲	D☍♅	قمر مقابلہ یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کے زیادہ اثر انداز ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے۔
				(بدھ ۷ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۳:۳۸	D✶♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
س	۱۸:۳۰	D△♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔ اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
م	۲۱:۰۱	D☌☉	قمر قران شمس	سوشل سرگرمیوں سے متعلق کاموں کے لئے بہتر' خاندانی تعلق بنانے کا بہتر وقت۔
				(جمعرات ۸ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۴:۰۵	D✶♇	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں' مفاد واشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا' نئی سمت نظر آئے گی۔
ن	۱۵:۴۱	D□♂	قمر تربیع مریخ	یہ وقت انتشار' دباؤ لاتا ہے' اچانک کسی بات پر جھگڑا ہوسکتا ہے' دیکھ کر چلیں کوئی حادثہ ممکن ہے۔
				(جمعہ ۹ نومبر ۲۰۱۸ء)
م	۰۰:۰۵	D☌♃	قمر قران مشتری	جن افراد کے ساتھ تعلقات استوار کریں گے' وہ آپ کو فائدہ دیں گے۔ کسی نیک کام میں حصہ لیں۔

م	۱۸:۳۶	☽☌☿	قمر قران عطارد	ہر طرح کی معلومات حاصل کر کے بہتر فیصلہ کریں، تحریر و تقریر کے لئے موافق۔
س	۲۰:۱۱	♂✶♀	مریخ تثلیث زہرہ	شادی، منگنی کے معاملات بہتر، کسی شخص سے ملاقات زندگی میں تبدیلی آئے گی۔
				(ہفتہ ۱۰ نومبر ۲۰۱۸ء)
ن	۱:۴۱	☽□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا، خرید و فروخت میں ہوشیار رہیں، دھوکہ ہوگا۔
				(اتوار ۱۱ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۵۴	☽✶♀	قمر تسدیس زہرہ	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں، قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے، سفری امور بھی بہتر۔
س	۲:۵۸	☽✶♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے، ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
س	۸:۳۴	☽△♅	قمر تثلیث یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت، اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
س	۲۰:۱۷	☉✶♇	شمس تسدیس پلوٹو	خاندانی رسم و رواج میں اپنی عزو وقار کو مزید بڑھانے کی کوشش کریں۔
م	۲۰:۲۴	☽☌♄	قمر قران زحل	اتفاقی تبدیلی آئے گی، جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
				(پیر ۱۲ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۱۲:۰۱	☽✶♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر و تفریح کریں، یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
م	۲۲:۵۶	☽☌♇	قمر قران پلوٹو	کتابوں کے ذریعے یا کسی شخص کے مشوروں کے ذریعے اپنے باطن کو صاف کریں۔
				(منگل ۱۳ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۱:۲۰	☽✶☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
ن	۱۱:۳۱	☽□♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی، تاہم تنقید زیادہ ہوگی، روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
ن	۲۰:۱۲	☽□♅	قمر تربیع یورنس	غیر متوقع تبدیلی آپ کو ذہنی انتشار میں مبتلا کرے گی، مراقبہ کے لئے بہتر وقت۔
س	۲۳:۰۵	☽✶♃	قمر تسدیس مشتری	لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی، اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
				(بدھ ۱۴ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۲۳:۲۴	☽✶☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں، قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے، سفری امور بھی بہتر۔
				(جمعرات ۱۵ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۱۴:۲۸	♂✶♅	مریخ تسدیس یورنس	مالی اور کاروباری امور میں معاہدات نفع کا باعث بنیں گے، کسی شخص کی اچانک تبدیلی فائدہ دے گی۔
ن	۱۹:۵۳	☽□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں، مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے، صرف دوسروں کی سنیں۔
				(جمعہ ۱۶ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۰۴	☽△♀	قمر تثلیث زہرہ	تعلقات بنانے کا بہتر وقت، سماجی سرگرمیوں اور کلب سے متعلقہ کام بہتر رہیں گے۔
س	۸:۵۷	☽✶♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت، اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
م	۱۰:۰۱	☽☌♂	قمر قران مریخ	اپنے مقاصد اور اپنی بات پر ڈٹے رہیں، اہم فیصلے کریں، تبدیلی لانے کا موقع ملے گا۔
ن	۱۳:۰۹	☽□♃	قمر تربیع مشتری	اہم کاغذات اور روپے کا دھیان رکھیں چوری یا گم ہونے کا اندیشہ ہے۔
س	۲۲:۲۶	☽✶♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی، دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
				(ہفتہ ۱۷ نومبر ۲۰۱۸ء)
ن	۱۲:۴۰	☽□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں، مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
م	۱۳:۰۷	☽☌♆	قمر قران نپ چون	دوستی اور اعتماد میں کمی آئے گی، دھوکہ اور فریب مل سکتا ہے، سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔
				(اتوار ۱۸ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۰۹	☽✶♇	قمر تسدیس پلوٹو	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے لئے نئے راستے تلاش کریں، تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں سے فائدہ۔
س	۱۳:۰۳	☽△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی منصوبہ بندی کریں، کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے۔
				(پیر ۱۹ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۱:۱۷	☽△♃	قمر تثلیث مشتری	روحانی علوم کی طرف توجہ دیں، کسی بزرگ کے مشورہ پر عمل کریں، قانونی معاملات کو حل کرنے کا بہتر وقت۔

ن	۹:۲۹	D □ ♄	قمر تربیع زحل
س	۲۱:۲۵	D △ ☿	قمر تثلیث عطارد
			(منگل ۲۰ نومبر ۲۰۱۸ء)
ن	۶:۲۹	♂ □ ♃	مریخ تربیع مشتری
ن	۹:۲۰	D □ ♇	قمر تربیع پلوٹو
ن	۲۰:۴۴	D ☍ ♀	قمر مقابلہ زہرہ
			(بدھ ۲۱ نومبر ۲۰۱۸ء)
م	۳:۴۵	D ♂ ♅	قمر قران یورنس
س	۱۰:۳۵	D ✶ ♂	قمر تسدیس مریخ
س	۱۶:۵۳	D △ ♄	قمر تثلیث زحل
			(جمعرات ۲۲ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۵:۰۰	D ✶ ♆	قمر تسدیس نپ چون
س	۱۴:۵۷	D △ ♇	قمر تثلیث پلوٹو
			(جمعہ ۲۳ نومبر ۲۰۱۸ء)
ن	۱۰:۳۸	D ☍ ☉	قمر مقابلہ شمس
ن	۱۴:۴۶	D ☍ ♃	قمر مقابلہ مشتری
ن	۱۷:۱۰	D □ ♂	قمر تربیع مریخ
			(ہفتہ ۲۴ نومبر ۲۰۱۸ء)
ن	۱:۲۹	D ☍ ☿	قمر مقابلہ عطارد
ن	۸:۲۱	D □ ♆	قمر تربیع نپ چون
			(اتوار ۲۵ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۶:۰۲	D △ ♀	قمر تثلیث زہرہ
س	۱۰:۳۰	D ✶ ♅	قمر تسدیس یورنس
س	۲۱:۴۵	D △ ♂	قمر تثلیث مریخ
ن	۲۳:۴۲	D ☍ ♄	قمر مقابلہ زحل
			(پیر ۲۶ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۱۰:۲۵	D △ ♆	قمر تثلیث نپ چون
س	۱۱:۳۳	☉ ☌ ♃	شمس قران مشتری
ن	۱۳:۰۵	♂ □ ☿	مریخ تربیع عطارد
ن	۲۰:۰۶	D ☍ ♇	قمر مقابلہ پلوٹو
			(منگل ۲۷ نومبر ۲۰۱۸ء)
ن	۹:۱۵	D □ ♀	قمر تربیع زہرہ
ن	۱۲:۲۱	D □ ♅	قمر تربیع یورنس
م	۱۴:۱۴	☉ ☌ ☿	شمس قران عطارد
س	۲۰:۴۰	D △ ♃	قمر تثلیث مشتری
س	۲۱:۲۱	D △ ☿	قمر تثلیث عطارد
س	۲۲:۳۸	D △ ☉	قمر تثلیث شمس

قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔ تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔

غیر ضروری اخراجات ہونگے، دھوکے میں آئیں گے، قانونی معاملات بڑھ جائیں گے۔
قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے، کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں، حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ملے گی۔

ذہنی پریشانی اور خیالات کا زیادہ اثر ہونے سے نیند نہ آئے گی، ٹینشن و ڈپریشن کا شکار ہونگے۔
اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے، ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
روحانی علوم کے حصول کی کوششیں بہتر ہوگی، کسی بڑے کی نصیحت پر ضرور عمل کریں۔

ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر و تفریح کریں، یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
خاندانی رسم و رواج اس وقت زیر بحث آئیں گے، کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔

سوشل سرگرمیوں میں کسی شخص کی بات جھگڑے کا باعث بنے گی، کوئی خوشی غم میں بدل جائے گی۔
قریبی افراد روپے کے معاملات میں جھگڑا کریں گے، ہر شخص اپنی اہمیت زیادہ جتائے گا۔
کسی شخص کی ضد غصہ کا باعث بنے گی، تاہم کسی کام کو جلد بازی میں کرنے سے گریز کریں۔

دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں، حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ہوگی۔
کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا، خرید و فروخت میں ہوشیار رہیں، دھوکہ ہوگا۔

ذرائع آمدنی کو بڑھانے کا موقع ملے گا۔ خوشیاں اور سیر و تفریح کے لئے وقت نکالیں۔
اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت، اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
بڑی عمر کے افراد کی بات پر سخت رویہ اختیار کریں، خاندانی جائیداد کا معاملہ بغیر کسی نتیجہ کے ختم ہو جائیگا۔

اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔ اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
قانونی و خاندانی مسائل ابھریں گے، مالی معاملات میں جھگڑا، ذہنی ٹینشن زیادہ ہوگی۔
تعلق بنانے اور اظہار خیال میں انتشار و رکاوٹ ہوگی۔ کوئی اہم معاملہ ہاتھ سے نکل جائے گا۔
اہم مسئلے کو حل کریں۔ جدوجہد بہتر صورت حال لائے گی ادراکی قوتوں سے کام لینے کا بہتر وقت۔

تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی، تاہم تنقید زیادہ ہوگی، روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
خیالات کا انبار ہوگا، کچھ سوجھائی نہ دے گا نامکمل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
ہر کام پر پوری توجہ دیں اور مکمل کرنے کی پوری لگن رکھیں، ذہنی و جسمانی طور پر چست ہونگے
قلبی سکون کے لئے روحانی علوم کی طرف راغب ہوں، جو امید رکھیں وہ ضرور پوری ہوگی۔
ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔ تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی لئے منصوبہ بندی کریں، کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے۔

				(بدھ ۲۸ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۲:۲۹	♂*♄	مریخ تسدیس زحل	جائیداد کے حصول کیلئے تمام توانائیاں صرف کریں اور باہمی گفت وشنید کے ذریعے اپنے مقاصد پورے کریں۔
س	۳:۲۶	♃♂☿	مشتری قران عطارد	رابطے، تحریری امور، قانونی معاملات میں مشورے موافق رہیں گے، روحانی رابطے ہونگے۔
				(جمعرات ۲۹ نومبر ۲۰۱۸ء)
س	۱۳:۱۶	☽*♀	قمر تسدیس زہرہ	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے نئے راستے ملیں گے، تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں میں فائدہ۔
س	۱۴:۴۶	☽△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی، جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
ن	۱۹:۴۱	☽□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں، مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
				(جمعہ ۳۰ نومبر ۲۰۱۸ء)
ن	۰۰:۱۰	☽□♃	قمر تربیع مشتری	لین دین، بینک، قرضہ کے معاملات کو بہتر کریں، کسی بھی قسم کا نقصان برداشت سے باہر ہوگا۔
س	۵:۱۷	☽△♄	قمر تثلیث زحل	بڑی عمر کے افراد سے مشورہ ضرور کریں، رہائش کی تبدیلی یا خریداری بہتر رہے گی۔
ن	۵:۱۸	☽□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں، مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے، صرف دوسروں کی سنیں۔
ن	۷:۱۸	☽☍♂	قمر مقابلہ مریخ	سفر ومشینری کے کاموں میں احتیاط رکھیں، جلد بازی میں کام نقصان دیں۔
ن	۱۵:۳۴	☽☍♆	قمر مقابلہ نپ چون	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔

بد قسمت زندگی کو بدلیے

۱۔ حب جاہ، لیڈری، شجاعت کے اسباب پیدا کرتی ہے۔

۲۔ یہ لوح دشمنوں اور مخالفوں کے عملی اقدام کو روکتی ہے۔ مخلفانہ حرکتوں کو ناممکن اور مخالف کا کوئی حربہ کامیاب نہیں ہوتا۔

۳۔ غیر متوقع نقصانات اور ترقی کے راستوں میں رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے سریع التاثیر ہے۔

۴۔ ذرائع آمدن، سرمایہ کاری، گورنمنٹ سیکیورٹیز اور سرٹیفکٹ، ڈالر، پاونڈ، یورو، لاٹری، بانڈز وشیئرز میں وسیع نفع دیتا ہے۔

۵۔ وہ لوگ جو ہر دفعہ کام یا روزگار میں ناکام رہتے ہیں ان کی زندگی میں تبدیلی لاتا ہے۔ ناکامی کو کامیابی میں بدل دیتا ہے۔

۶۔ قلبی امراض، وجع المفاصل (گٹھیا)، دل کی دھڑکن کی تکلیف میں شفایابی دیتی ہے۔

رسالہ، کتب، منازل قمر، قمر بروج میں، عملیات کے اوقات

اور بہت کچھ اب آپ ہماری ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں

www.ruhanidunya.com

فالنامہ

ذیل کے نقشے پر باوضو سچے اعتقاد سے آنکھیں بند کر کے انگلی رکھو- جس عدد پر تمہاری انگلی ہو اس عدد کو ایک پرزہ پر لکھو پھر اپنے نام کے عدد اس میں جمع کر کے اگر صبح سے ۱۲ بجے تک کا وقت ہے تو ۲۷ اگر ۱۲ بجے دن سے شام تک کا وقت ہے تو ۲۳ اگر سورج ڈوبنے سے صبح تک کا وقت ہے تو ۱۱ عدد کا اضافہ کرنے کے بعد ۹ پر تقسیم کر دو- جو باقی بچے اس کا حال ذیل سے معلوم کرو- چند مختلف مقاصد کے جواب حاصل ہوں گے- نقش یہ ہے-

۳۷۹	۳۳۲	۱۷۲	۱۱۳
۳۲۱	۳۲۴	۲۱۵	۱۵۱
۱۰۸	۲۱۵	۳۱۸	۲۴۱
۲۱۴	۳۴۲	۱۷۳	۴۵۹
۴۷۱	۲۱۲	۴۵۲	۳۸۰
۵۷	۲۱۲	۳۳۳	۲۱۹
۱۱۷	۳۷۶	۲۵۲	۳۷۵
۳۲۵	۹۹	۱۷۴	۱۶۶
۲۱۳	۴۱۵	۱۷۸	۲۰۲

جواب :- اگر پورا تقسیم ہو جائے تو تمہاری تبدیلی ہوگی- خانگی جھگڑے ابھی یوں ہی رہیں گے ایک شخص تم کو نقصان پہنچائے گا- حکومت سے کوئی نفع تم کو پہنچنے والا ہے- یہ مہینہ اچھا گزرے گا- صداقت یہ ہے کہ ابھی تم کہیں چل پھر کر آئے ہو-

اگر ۸ بچیں تو اب وقت اچھا آ گیا سب کام درست ہو جائیں گے- ایک دوست سے مدد حاصل ہوگی فکر مت کرو- دیکھوں تم ہنس رہے ہو-

اگر ۷ بچیں تو سفر میں فائدہ کم ہوگا- مگر نہ کرنے سے کرنا بہتر ہے- تمہارے دوست نے تم کو نقصان پہنچایا- بیماری میں ذرا پرہیز کرو- بدپرہیزی کو بڑھا دیا ہے- عنقریب اب بہتر وقت آنے والا ہے- دیکھو آج تم نے میٹھا کھایا ہے-

اگر ۶ بچیں تو تم نے دوسروں کے کہنے سے نقصان اٹھایا- ورنہ اب تک کامیاب ہو جاتے- خیر عنقریب وقت اچھا آنے والا ہے- دیکھو پیٹھ پر تل ہے-

اگر ۵ بچیں تو ذرا ہوشیاری کی ضرورت ہے- اس پر اعتبار نہ کرو یہ مار آستین ہے- ابھی کامیابی میں تاخیر ہے- کوئی سفارش پہنچاؤ تو کامیابی ہو سکتی ہے- دیکھو بازو پر تل ہے-

اگر ۴ بچیں تو بیماری سخت ہے- مگر جان کی خیر ہے- ابھی دو مہینہ تک کم و بیش سلسلہ چلا جائے گا- علاج و پرہیز کرو- دیکھو پیٹھ پر تل ہے-

اگر ۳ بچیں تو امید کو توڑ دو- اس خیال سے باز آؤ ورنہ نقصان اٹھاؤ گے اور ذلت علیحدہ ہوگی- دیکھو تمہارے دونوں نتھنے چل رہے ہیں-

اگر ۲ بچیں تو کام تو ہوگا مگر منشا سے کم- ایک آدمی تمہاری مخالفت کر رہا ہے- اس کی مخالفت کا اثر ضرور پڑے گا- تدبیر سے کام لو اور اپنے راز کو پوشیدہ کرو- دیکھو تمہارے بازو پر تل ہے-

اگر ایک بچے تو تمہارا کام جلد ہونے والا ہے- مگر تمہارا وقت ابھی اچھا نہیں- موجودہ پریشانی کوئی دن کی بات ہے- جس سے تم ملنا چاہتے ہو وہ بھی تمہارا مشتاق ہے- دیکھو عنقریب کیا ہوتا ہے- دیکھو تمہارے سینہ پر تل ہے-

قواعد عملیات

یہ کتاب ان لوگوں کے لئے بیش قیمت تحفہ ہے، جو عملیات کے شائق ہیں- اس کتاب میں تمام ضروری قواعد معہ تفصیل دیئے گئے ہیں- تاکہ کسی جگہ پیر استاد کی ضرورت محسوس ہو تو اس کی کمی کو پورا کیا جا سکے- اس میں بارہ باب ہیں-

(۱) لوازمات نقوش
(۲) چلہ کشی
(۳) حروف تہجی
(۴) عناصر
(۵) موکلات
(۶) تعویذات
(۷) جفری قوانین
(۸) زکات
(۹) قوانین نجوم
(۱۰) تعین اوقات
(۱۱) موثر اوقات عملیات وطلاسم
(۱۲) متفرقات

متفرقات ہی ایسا باب ہے کہ برسوں کی خدمت کے بعد بھی ایسے طریقے نہ ملیں اور نہ ان کا معاوضہ کوئی ادا کر سکتا ہے- ۱۲ ابواب ہدیہ =/۳۴۰ روپے- محصول ڈاک =/۵۰ روپے

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

برنی تقویم ۲۰۱۹ء اور کوا کبی گائیڈ ۲۰۱۹ء کے لیے اپنا نام نوٹ کروائیں

حضرت کاشف البرنی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور محققانہ تصنیفات

۱- عامل کامل حصہ اول	جفری قواعد کے سریع التاثیر عملیات' اسماء' موکلات' دعوات	قیمت ۳۶۰ روپے
۲- عامل کامل حصہ دوم	علم النقوش اور علم الالواح' علم تکسیر' علم الاعداد	قیمت ۵۵۰ روپے
۳- حل المقاصد	مستحصلہ عربی' اردو زبان میں سوال و جواب	قیمت ۱۴۸ روپے
۴- الساعت حصہ اول	روزانہ کام کرنے کی سعد اور نحس اثرات کا ساعتی نظام	قیمت ۴۵۰ روپے
۵- الساعت حصہ دوم	ساعتی نظام کی تفصیل معہ اعمال' اسماء' عزیمتیں' طلسم	قیمت ۳۶۰ روپے
۶- رموز الجفر	تسخیر' شرفات کواکب' اسمائے الٰہی' جفر کے حصہ آثار پر عظیم کتاب	قیمت ۴۲۵ روپے
۷- عددوں کے حکومت حصہ اول	علم الاعداد کے تجربات' نظریات نام کے اعداد سے قسمت' غیبی نمبر	قیمت ۴۵۰ روپے
۸- عددوں کی حکومت حصہ دوم	کل امور ہائے زندگی کے علاوہ کی نسبت و زائچہ اعداد کی تشریح	قیمت ۳۶۰ روپے
۹- قواعد عملیات	عملیات کرنے والوں کے لئے جملہ معلومات	قیمت ۳۴۰ روپے
۱۰- اسباق النجوم	نجوم کی ابتدائی معلومات' برجوں کی تفصیل معہ زائچہ بنانا	قیمت ۴۸۰ روپے
۱۱- رجوع ہمزاد	ہمزاد کو قابو کرنے کے طریقے اور عملیات	قیمت ۲۰۰ روپے
۱۲- جذب القلوب	اعداد متحابہ کا نظریہ و عملیات محبت اور حاضری مطلوب کے اعمال	قیمت ۲۰۰ روپے
۱۳- پتھروں کے سحری خواص	حصول برکات کے لئے جواہرات کا پہننا اور حقائق	قیمت ۲۸۰ روپے
۱۴- آثار النجوم حصہ اول	اصطلاحات و تشریحات' مکمل زائچے کی تفصیل	قیمت ۸۵۰ روپے
۱۵- آثار النجوم حصہ دوم	زائچہ کے پڑھنے کا طریقہ' کردار' شادی' روپیہ' تعلیم' پیشہ	قیمت ۴۸۰ روپے
۱۶- روح قرآن حصہ اول	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ۳۵۰ روپے
۱۷- روح قرآن حصہ دوم	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ۳۵۰ روپے
۱۸- المختصر	عہد رسالت سے قرون اولی کی تاریخ	قیمت ۲۰۰ روپے
۱۹- بچے اور ستارے	بچوں کی پرورش' تعلیم اور پیشہ کی رہنمائی	قیمت ۳۸۰ روپے
۲۰- تعلقات	زن و شوہر کی مزاجی اور مقسومی کیفیت جاننا	قیمت ۲۰۰ روپے
۲۱- تقویم المومنین	شرعی نقطہ نظر سے تاریخوں کا نیک و بد	قیمت ۱۵۰ روپے
۲۲- برنی تقویم برائے سال	جاری سال کے ستاروں کی رفتاریں' ہر شخص کے حالات' گرہن' سفر' سعد و نحس اوقات' کلینڈر	قیمت ۲۰۰ روپے
۲۳- برنی روزانہ کواکبی گائیڈ	سرمایہ کاری' قمر سے متعلقہ کام' نظرات' ۱۸۰ صفحات پر مشتمل روزانہ کام کی اہم ڈائری	قیمت ۲۰۰ روپے
۲۴- تسویۃ البیوت	۲۴ گھنٹے پر مشتمل (ہر ۴ منٹ کا وقفہ) زائچے کے گھروں کے درجات۔ پاکستان کے سو شہروں	قیمت ۹۵۰ روپے
۲۵- اٹلس	دس ہزار (چھوٹے و بڑے شہر و گاوں) پر مبنی پاکستان کی پہلی کتاب جس میں ہر شہر و گاوں کا تفاوت وقت موجود ہے	قیمت ۱۲۰۰ روپے
۲۶- برنی کواکبی رفتاریں	۵۰ سال (۱۹۵۰ تا ۲۰۰۰ء) کی مکمل کواکبی رفتاریں' گرھن' رجعت و استقامت' اسلامی مہینے و تاریخ	قیمت ۱۲۵۰ روپے
۲۷- کواکبی کلینڈر	کواکب کی معلومات' نظرات' ستاروں کی رفتاریں' گرہن' منازل قمر' کواکب و قمر کا داخلہ معہ اوقات	قیمت ۱۰۰ روپے
۲۸- ضوء قمر	ہلال قمر (۱۹۰۰ تا ۲۰۲۵ء) عیسوی و ہجری کلینڈر	قیمت ۳۰۰ روپے
۲۹- تاشون (ناول)	حضرت کاشف البرنیؒ کی روحانی اور علمی کاوشوں کو کہانی میں ڈھال کر خوبصورت انداز میں لکھا ہے۔	قیمت ۵۰۰ روپے

رسالہ روحانی دنیا کا نمونہ مفت منگوائیں اس کا سالانہ چندہ =/۹۶۰ روپے بذریعہ رجسٹری ہے۔ رقم بذریعہ منی آڈر کریں یا رسالہ وی پی سے منگوائیں۔

حارث عثمانی پبلشرز نے بااہتمام اوراق پبلشرز سے چھپوا کر دفتر رسالہ روحانی دنیا' پی آئی بی کالونی' کراچی ۷۴۸۰۰ سے شائع کیا

برنی اٹلس آف پاکستان

- پاکستان کے تقریباً ۹ ہزار شہروں گاؤں کے نام
- شہر کا طول بلد اور عرض بلد
- ہر مقام کا معیاری وقت (GMT سے فرق)
- منطقہ وقت
- گورنمنٹ نے کن سالوں میں اپنی گھڑیوں کو GMT سے تبدیل کیا
- کسی بھی دو شہروں کے درمیان وقت کا فرق آسانی سے معلوم کریں

دیگر ممالک کے شہروں کے نام طول بلد اور عرض بلد اور
GMT سے ہر مقام کے وقت کا فرق

تحریر و ترتیب: حارث عثمانی

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

عملیات سے دلچسپی لینے والوں اور علم نجوم کے جاننے والوں

برنی تقویم 2019 کے لئے

میں آپ کی تمام ضروریات اور وقت کے حسابات دیئے گئے ہیں

اعلیٰ معیار، مستند اوقات

اس میں ہندوانہ حساب
نہیں ہوتا اور نہ ہی ہندوانہ
اصطلاحات دی جاتی ہیں

استخراج طالع
نقشہ تحویلات سیارگان
ستاروں کے سعد ونحس اثرات
نقشہ تفاوت وقت
اسٹینڈرٹائم
بروج طالع اور کواکب
نظرات کے اثرات
کواکب کا سعد ونحس اثر
بارہ ماہ کے نظرات
مدت اثرات کواکب
تحویل آفتاب
سیارگان کے مراتب کے اثرات
اختیارات قمر
زائچے کے بارہ گھروں کے منسوبات
ساعات سیارگاں
چاند اور سورج گرہن کے اوقات
قمری حرکات
تعطیلات وتہوار
منسوبات کواکب
عملیات کے اوقات
طلوع وغروب وقت
نیا چاند
منازل قمر

برنی تقویم ممتاز درجہ رکھتی ہے جس میں

- ہر شخص کے سال بھر کے مکمل حالات معہ ان کی تقدیری اندازوں کی۔
- دنیا کے ممالک کے حالات وواقعات اور وقت کے مدوجزر۔
- آپ کا جو ستارہ ہے وہ کن وقتوں اور کن سالوں میں خوش قسمتی یا بدقسمتی لائے گا۔
- ہجری، عیسوی، بکرمی تاریخیں معہ ہر دن کے اثرات وواقعات
- سال بھر کے قریباً ۵۰۰ نظرات جو روزانہ زندگی میں دن بھر کی سعادت ونحوست کے اوقات کا اظہار کرتے ہیں
- جملہ کواکب کی روزانہ رفتار، رجعت واستقامت طلوع وغروب، اوجال اور شرف ہبوط معہ اوقات
- عاملین، منجمین، کاروباری افراد، ملازمین، دوکاندار، مزدور ہر طبقہ کے افراد کے لئے ایک سال کی مکمل معلومات

دفتر سے برنی تقویم 2019 حاصل کریں یا قریبی ہاکر سے طلب فرمائیں۔ آرڈر آج ہی لکھیں

قیمت کتاب:- ۲۰۰ + ڈاک خرچ + منی آڈر فیس = ۵۰ + ۷۵ = - / ۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی

Phone: 021-34949944
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com

اوراق پبلشرز ابراہیم مارکیٹ پی آئی بی کالونی کراچی کوڈ نمبر ۷۴۸۰۰